چاچا خیرو نے اس کی مثال یوں بیان کی کہ آپ کسی کمزور شخص کو اس کی طاقت سے تین گنا زیادہ وزن اٹھا کر پہاڑ کی چوٹی سے ڈھلوان کی طرف دھکا دے دیں اس کا جو انجام ہو گا وہی انجام معدہ کو بھر کر اوپر سے بوتل پینے سے ہو گا۔ یعنی وہ شخص اونچائی سے پھسل کر ہلاک ہو جائے گا اور ایسے ہی بندہ کا معدہ تباہ و برباد ہو جائے گا اور خاص طور پر سردیوں میں ٹھنڈی سافٹ ڈرنک پینے سے جوڑ مفلوج' اعصاب کھچے' کمر درد' نظر کمزور' حافظہ کمزور' معدہ ختم' جگر

آنکھ شفاء
موسمی، وبائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے
آنکھوں میں خارش ہو، نظر دن بہ دن کمزور ہوتی جا رہی ہو آنکھوں کی جلن، ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔
قیمت -/90 روپے علاوہ ڈاک خرچ
موتیا | دھندلا پن | سوزش چشم | آشوب چشم | ضعف چشم

# جمادی الاولیٰ! ولایت اور روحانیت پانے کے راز

**مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔**

اسلامی سال کے پانچویں مہینہ کا نام جمادی الاولیٰ ہے۔اس مہینہ میں قرآن پاک کی پاک وصاف لباس پہن کر صاف اور آہستہ آہستہ سمجھ کر تلاوت کرنا بہت زیادہ ثواب اور فائدہ کا باعث ہے۔اس ماہ میں نوافل پڑھنا اور دیگر عبادات کرنا بہت سی فیوض و برکات کے حصول کا باعث ہے۔**پہلی شب:۔** کوئی اس ماہ کی پہلی شب نماز مغرب کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے تو پروردگار عالم اس کو بے شمار ثواب سے نوازے گا اور اس کو گناہوں کی معافی عطا فرمائے گا۔**دو نفل:۔** جمادی الاولیٰ کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھنی چاہئے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ جمعہ پڑھے جبکہ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ مزمل پڑھے۔**چار نوافل:۔** اس ماہ کی یکم تاریخ کو نماز ظہر کے بعد چار رکعت اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۃ النصر پڑھے۔**تیسری شب:۔** جمادی الاولیٰ کی تیسری شب کو نماز عشاء کے بعد بیس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کے ساتھ اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد دس دس مرتبہ سورہ قدر پڑھے اور سلام پھیرتے ہی یعنی تمام نوافل کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں ہی قبلہ رخ بیٹھ کر فجر کی اذان تک یہ کلمات بکثرت پڑھتا رہے۔

يَاعَظِيْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظَمَةِ وَالْعَظَمَةُ
فِيْ عَظَمَةِ عَظَمَتِكَ يَاعَظِيْمُ

ان شاء اللہ تعالیٰ ثواب عظیم حاصل ہوگا اور جو بھی نیک حاجت ہوگی پروردگار عالم وہ ضرور پوری فرمائے گا۔

**نفلی روزے:** اس ماہ کی تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخ کو نفلی روزے رکھنے کی بہت زیادہ فضیلت ہے۔**اکیسویں شب:۔** اس مہینہ کی اکیسویں شب کو نماز عشاء کے بعد چھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ نوافل کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے۔
**ستائیسویں شب:** اس شب کو نماز عشاء کے بعد آٹھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۃ والضحیٰ پڑھے۔ اس کے بعد بکثرت سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ کا ورد کرتا ہوا باوضو حالت میں سو جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت سی برکات حاصل ہوں گی۔

**عظمت والی دعا:** ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت ذوالقرنین علیہ السلام سے ملے اور ان سے پوچھا کہ سارے زمانہ کو تو نے کس طرح سے دیکھا اور شرق سے لیکر غرب تک کا کیسے مالک ہو گیا انہوں نے جواب دیا قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ سے اور ان چند کلمات سے کہ جو انہیں پڑھے گا اللہ پاک اس کیلئے دس لاکھ نیکیاں لکھے گا اور اس کے دس لاکھ گناہ بخش دیگا اور اس کے دس لاکھ درجے بلند کریگا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا مجھے بتلاؤ وہ کیا ہیں انہوں نے چند کلمات بتلائے۔ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ بَاقٍ لَا يَفْنٰى سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ عَالِمٌ لَا يَنْسٰى سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ قَيُّوْمٌ لَا يَنَامُ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ دَائِمٌ لَا يَسْهُوْ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ وَاسِعٌ لَا يَتَكَلَّفُ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ قَائِمٌ لَا يَلْهُوْ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ عَزِيْزٌ لَا يَظْلِمُ۔

# زندگی سے عاجز، کاروباری بندش! روحانی آپریشن کروایئے!

آپ پریشان ہیں، سالہا سال سے بیمار ہیں، یا آپ کا کوئی عزیز زندگی سے عاجز اور خودکشی کرنے پر مجبور ہے! کاروبار کی بندش ہے یا گھریلو الجھنیں، جھگڑے، بات طلاق تک پہنچ چکی ہے۔ گھبرایئے مت! اس ماہ کی یہ مقبول گھڑیاں آپ کیلئے خوشیوں، خوشحالیوں اور برکتوں کا پیغام لائی ہیں:۔

**بیماریوں پریشانیوں سے**
**اپنا روحانی آپریشن خود کیجئے!**
**ماہانہ روحانی محفل**

### اس ماہ کی روحانی محفل

11 دسمبر بروز پیر صبح 10 بج کر 21 منٹ سے لیکر 11 بج کر 3 منٹ تک۔19 دسمبر بروز اتوار رات 7 بج کر 51 منٹ سے لیکر 8 بج کر 57 منٹ تک۔31 دسمبر بروز جمعۃ المبارک عصر تا مغرب اَللّٰهُ الصَّمَدُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپ کے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا، اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں، ان شاء اللہ آپ کی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہوں گی۔

**ہر محفل کے بعد 20 روپے صدقہ ضرور کریں**

(نوٹ:)1۔روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔(ایڈیٹر)

**روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے**

لاعلاج بیماری کا جڑ سے خاتمہ لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے
ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ
چند روزہ استعمال سے برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں
قیمت -/440 روپے
تندرستی ٹانک
تمام اعضاء کیلئے آب حیات
چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں

# حضرت سہیل تستریؒ کے مستند روحانی وظائف

## برائے تسخیر مخلوق

اگر کوئی آدمی چاہتا ہے کہ لوگ اس کا کہنا مانیں اس کی اطاعت کریں اور کسی معاملے میں اس کی مخالفت نہ کریں تو اس کو چاہیے کے بعد نماز عشاء روزانہ ایک سو بار سورۂ کوثر پڑھا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کی برکت سے لوگ ادب و احترام سے پیش آئیں گے۔ (شرط یہ ہے جب اس عمل کے اثرات ظاہر ہونے لگیں تو کسی کو نہ بتائے کہ میں یہ عمل کرتا ہوں ورنہ اس کی برکات ختم ہوجائیں گی۔)

## کثرت احتلام سے نجات کے لیے

نوجوانوں کو اکثر کثرت احتلام کا مرض لاحق ہوجاتا ہے جس سے کمزوری دن بدن بڑھتی جاتی ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ دونوں اسماء گرامی یَآاَللّٰہُ۔ یَاحَفِیْظُ چینی کی پلیٹ پر باوضو لکھے اور اس کو پانی سے دھو کر وہ پانی روزانہ پیئے۔ رات کو سونے سے قبل وضو کرے اور سورۂ اخلاص ایک بار، سورہ فلق ایک بار اور سورہ ناس ایک بار اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ احتلام میں کمی آجائے گی۔

## عورت کی پستان (چھاتی) کا درد

اگر کسی عورت کی پستان میں درد ہوتا ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیت باوضو سات بار پڑھ کر عامل اپنی مخالف پستان پر دم کرے۔ یہ عمل تین بار کرے۔ مثلاً عورت کی دائیں پستان میں درد ہے تو عامل اپنے بائیں (الٹی طرف) پستان پر دم کرے مریضہ کا عامل کے سامنے ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ اس کا شوہر یا قریبی عزیز عامل کو اگر بتائے کہ مریضہ کے فلاں پستان میں درد ہے۔ عامل آیت ذیل باوضو سات بار پڑھ کر اپنے مخالف پستان پر دم کرے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ عورت کو پستان کے درد سے آرام آجائیگا۔ وہ آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؁ وَاِنَّ لَکُمْ فِی الْاَنْعٰمِ لَعِبْرَۃً نُسْقِیْکُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِہٖ مِنْۢ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ (النحل ۶۶)

## اولاد نرینہ کے لیے

اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو یا لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں تو اس کیلئے میاں بیوی نماز کی پابندی کریں اور باوضو ہر نماز کے بعد یہ آیت ایک سو بار پڑھیں۔ بلاناغہ پابندی کے ساتھ پڑھنا ہے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؁ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ؁ (الانبیاء، آیت 89)

## پریشانیوں سے نجات

ہر قسم کی پریشانیوں سے نجات کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے وہ عمل یہ ہے۔ باوضو تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سورہ قریش ایک سو بار پڑھے اس کے بعد درود شریف تین بار پڑھے۔ یہ عمل صبح کو بعد نمازِ فجر کرے اور رات کو بعد نمازِ عشاء روزانہ بلا ناغہ کرے ان شاءاللہ تعالیٰ تمام پریشانیاں دور ہوجائیں گی۔

## پیدائش میں آسانی کے لیے

بچہ کی باآسانی پیدائش کیلئے اس آیت کو باوضو لکھے اور پاک کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی ران پر باندھ دے انشاءاللہ تعالیٰ بچہ آسانی کے ساتھ پیدا ہوگا۔ بچہ پیدا ہوتے ہی کپڑا فوراً کھول دے ورنہ آنتیں باہر آجائیں گی۔ لہٰذا کسی محتاط کو یہ تعویذ دے جو احتیاط سے استعمال کرے استعمال شدہ تعویذ کو کسی پاک جگہ دفن کردے یا پتھر یا اینٹ کے ساتھ باندھ کر کنویں یا نہر یا دریا یا سمندر یا چشمے یا جھیل میں ڈال دے تاکہ آیت کی بے حرمتی نہ ہو۔ وہ آیت یہ ہے: وَاٰیَۃٌ لَّھُمُ الَّیْلُ نَسْلَخُ مِنْہُ النَّھَارَ فَاِذَا ھُمْ مُّظْلِمُوْنَ۔ وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّھَا ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ (یٰسین ۳۸)

## ظالموں اور حاسدوں کے شر سے حفاظت

بعض مرتبہ حسد اور کینہ کے سبب لوگ بلاوجہ دشمن بن جاتے ہیں اور قدم قدم پر دشمنی کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے شر و فتنہ سے حفاظت کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ اس کی کوئی تعداد مقرر نہیں ہے نہ ہی وقت مقررہ پر پڑھنا ہے بلکہ جس قدر ہوسکے اور جس وقت ہوسکے وہ پڑھے۔ کلمات یہ ہیں:۔ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ۔ یہ عمل باوضو اور بے وضو دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔ اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن ناکام و نامراد ہوگا اور حصول مقاصد میں کامیابی ہوگی۔ ناجائز کرنیوالا خود ذمہ دار ہوگا۔


مجھے اپنے بڑوں پر اعتماد ہے! آئیں ہم اعتماد کی سند دیکھتے ہیں اور اعتماد کے حوالے تلاش کرتے ہیں۔

عبقری کا نورانی حفاظتی کڑا!

42 مفتیان کرام اور 84 علماء کا فتویٰ

عبقری کا نورانی حفاظتی کڑا اور میرے اکابرؒ

حوالہ نمبر 3: سلطان اورنگزیب عالمگیرؒ وہ متقی نیک اور مخلص حاکم تھے، جو بغیر شریعت کے کوئی کام نہیں کرتے تھے، یہ وہی تھے جنہوں نے ''فتویٰ عالمگیر'' جس سے آج کروڑوں لوگ دین اور شریعت سیکھ رہے ہیں، انہوں نے علماء کی زیرنگرانی اس کو لکھوایا، بنوایا اور چھپوایا۔ ان کے سوانح میں کیا لکھا ہے ذرا پڑھیں:

''سلطان اورنگزیب مسلسل تخت نشین رہتے اور علماء کے فتویٰ میں دن رات ساتھ دیتے تھے تو ان کے گھٹنوں، جوڑوں اور کمر میں درد بہت زیادہ ہوگیا چونکہ بڑھاپا بھی تھا اور جسم کمزور ہوگیا۔ اس وقت بے شمار علماء کی ایک بہت بڑی جماعت تھی، جس میں 42 بڑے مفتی، 84 بڑے علماء اور بڑی بڑی ہستیوں نے اپنا تجربہ بیان کیا کہ آپ اپنے بازو میں تانبے کا کڑا پہن لیں، بطور علاج، تاکہ آپ کو راحت ملے، چونکہ سلطان ہر چیز علماء سے پوچھ پوچھ کر چلتے تھے اس لیے علماء کے بتانے پر بادشاہ نے وہ کڑا بازو کے اوپر پہنا، اوپر شاہی پوشاک تھی، واقعی انہیں فائدہ ہوا، اور نفع ہوا۔'' بحوالہ کتاب: ''برصغیر میں مغلیہ دور کے منفرد سلاطین'' مصنف سید اقتدار اختر ندوی، مکتبہ ندوۃ العلماء لکھنو، صفحہ نمبر 43 سے 46 تک، اس واقعہ کی مکمل وضاحت موجود ہے۔

مفتی اعظم پاکستان نے بھی یہ عمل کیا!

حوالہ نمبر 4: حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحبؒ جامعہ فاروقیہ کراچی کے پاس شیخ الوظائف تشریف لے گئے، ان کے پاؤں کی بطور علاج مالش کی تو (باقی صفحہ نمبر 57 پر)

وٹس ایپ گروپ جوائن کیجئے +92-343-8710009 +92-321-4343-500 +92-301-000-6311

کیا شیخ الوظائف کے وظائف کی کوئی سند ہے؟ facebook.com/akabirparaitmad

دشمن سے حفاظت یقینی لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر ملاحظہ کریں

پیٹ کے کیڑوں کا مؤثر ترین علاج

تریاق الحمدللہ! یہ دوا بے شمار مریضوں پر سالہا سال سے آزمودہ ہے۔ قیمت -/120 روپے

پیٹ سے کیڑوں کا صفایا کرتا

غذا کو جزو بدن بناتا ہے

# گنا اور دیسی گڑ! کیلشیم اور فولاد سے بھرے! جسم کو لوہے سا مضبوط بنائیے!

شہاب الدین، اوکاڑہ

گنا ایک مشہور عام پودا ہے جو دانتوں کو مضبوط اور منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے۔ خون لطیف پیدا کرتا ہے اور سدے کھولتا ہے۔ یہ گردوں اور مثانہ کو صاف کرتا ہے۔ اگر اسے گرم کرکے جوشاندے کی طرح پیا جائے تو کھانسی میں بھی مفید ہے۔ اس کا متواتر اور زیادہ استعمال بدن کو فربہ کرتا ہے۔ یہ کھانا خوب ہضم کرتا ہے۔ گنے میں کیلشیم اور فولاد عام ہوتا ہے اس کے علاوہ اس میں وٹامن بی اور سی بھی عام پائے جاتے ہیں۔ اس کی کھیر نہایت لذیذ اور زود ہضم ہوتی ہے۔ ایک عام اندازے کے مطابق آدھا لٹر گنے کے رس میں دو ہلکی چپاتیوں کے برابر غذائیت ہوتی ہے۔ اگر معدہ قوی ہو تو اسے دو گھنٹہ میں ہضم کرلیتا ہے ورنہ اس سے اسہال کی شکایت بھی ہوسکتی ہے۔ اس کے استعمال کے بعد پیشاب کثرت سے آتا ہے۔ اگر ایک کلو گنڈیریاں رات کو اوس میں رکھ کر صبح چوس لیں تو دل کی گرم و بڑھی ہوئی دھڑکن اور صفرا کا غلبہ کم ہو کر چڑچڑاپن دور ہو جاتا ہے۔ گنے کا تازہ رس پینے سے جو قدرتی گلوکوز حاصل ہوتا ہے اس سے جسم اور ہڈیاں مضبوط ہو جاتی ہیں۔ ضعف جگر کے مریضوں کو روزانہ گنے کا رس 250 ملی لٹر چوس کر استعمال کرنے سے صحت مندی حاصل ہوتی ہے۔ اس کا رس یرقان کا خاص علاج ہے۔ گنے کا چوسنا دانتوں کے لیے بہترین ورزش ہے اس سے دانت مضبوط ہو جاتے ہیں۔ گنا اور گنڈیری چوسنا اور اس کا رس پینا کثرت تیزابیت معدہ کو دور کرتا اور معدے کے السر کو فائدہ دیتا ہے۔ کھانے کے بعد گنڈیریاں چوسنا کھانے کو اچھی طرح اور جلد ہضم کرتا ہے۔ یہ معدے کی گیس اور ہوا کو خارج کرتا ہے۔ اگر دودھ پلانے والی مائیں گنے کا رس 250 ملی لٹر صبح و شام استعمال کریں تو ان کا دودھ بڑھ جاتا ہے اور بچے کی نشوونما اچھی ہوتی ہے۔ اگر کسی کے بدن میں گلٹیاں، غدودیں اور گانٹھیں پیدا ہو جائیں تو ہلیلہ زرد کا سفوف تین گرام گنے کے رس 250 ملی لٹر کے ہمراہ استعمال کرنے سے چند ہی روز میں گلٹیاں وغیرہ ختم ہو جائیں گی۔ اگر پیشاب کی نالی میں زخم یا سوزاک ہو جائے تو رات کو آملے کا سفوف 10 گرام گنے کے رس 250 ملی لٹر اور شہد 30 ملی لٹر میں ملا کر پلانا نہایت مفید ہے۔ بہتر ہے کہ آملہ کا چھلکا 10 گرام رات کے وقت پانی میں بھگو کر صبح کو صرف اس کا پانی نتھار کر گنے کے رس اور شہد میں ملا کر چند روز تک استعمال کریں، اس سے پیشاب کی جلن اور سوزاک سے نجات حاصل ہوگی۔

# یقین کیجئے یہ پڑھ کر آپ چینی کھانا چھوڑ دینگے

گڑ کا مقابلہ اگر چینی کے ساتھ کیا جائے تو آپ کو پتہ چلے گا کہ چینی انسانی صحت کے لیے نقصان دہ ہے جبکہ گُڑ ہماری صحت پر بیشمار اچھے اثرات مرتب کرتا ہے، اس آرٹیکل میں گُڑ کھانے کے چند ایسے فوائد شامل کیے جارہے ہیں جنہیں پڑھ کر آپ اپنے میٹھے کھانوں میں چینی کی بجائے گُڑ کا استعمال کرنا شروع کردیں گے کیونکہ چینی کھانے سے صرف کیلوریز حاصل ہوتی ہیں اور یہ کیلوریز جہاں جسم کو موٹا کرنے کا باعث بنتی ہیں وہاں ذیابیطس جیسی بیماری لاحق کرنے کا سبب بھی بنتی ہیں جبکہ گُڑ اپنے اندر کئی ایسے منرلز رکھتا ہے جو ہماری صحت کے لیے انتہائی مُفید ہیں، گُڑ ہمیں کیسے فائدہ دیتا ہے آیئے جانتے ہیں۔

## گڑ نظام انہضام کو توانا کرتا ہے

گڑ قبض کی بیماری میں انتہائی مُفید ہے کیونکہ یہ خوراک کو ہضم کرنے میں مدد کرتا ہے، یہ ہمارے معدے میں کھانا ہضم کرنے والے انزائمز کو بیدار کرتا ہے اور ہمیں بدہضمی سے بچاتا ہے اسی لیے طب یونان اور طب ایوردیک کے ماننے والے بدہضمی اور قبض کی صُورت میں کھانے کے بعد آپ کو تھوڑا سا گڑ کھانے کا مشورہ دیں گے۔

## یہ جگر کی صفائی کرتا ہے

گُڑ ہمارے جگر میں سے فاضل مادوں کو خارج کرنے میں انتہائی اہم کردار ادا کرتا ہے اس میں شامل اینٹی آکسائیڈینٹس اور منرلز خاص طور پر زنک اور سیلینیم ہمارے اعضا کو مُتاثر کرنے والے فری ریڈیکلز کو کنٹرول کرتے ہیں اور ہمیں کینسر جیسے امراض سے بچانے کے علاوہ ہمارے جسم میں انفیکشنز کو کنٹرول کرتے ہیں اور ہماری قوت مدافعت کو طاقتور بناتے ہیں۔

## نظام تنفس کو بہتر بناتا ہے اور بلغم ختم کرتا ہے

گُڑ سانس کی بیماریوں میں انتہائی مُفید چیز ہے خاص طور پر آلودگی والی فضا میں سانس لینے سے جب آلودگی نظام تنفس کو متاثر کرتی ہے تو ایسی صورت میں تھوڑا سا گُڑ کھا لینے سے سانس کی نالیوں کی صفائی ہو جاتی ہے اور اگر سانس کی نالی میں ریشہ بلغم وغیرہ موجود ہو تو گڑ اُس کی بھی صفائی کردیتا ہے۔

## خواتین کی ماہواری کی درد کو ختم کرتا ہے

خواتین اگر تھوڑا سا گُڑ روزانہ کھائیں تو یہ جہاں اُن کے مُوڈ کو بہتر بناتا ہے وہاں ماہواری سے پہلے ہونے والی تکلیف کو ختم کرنے کا باعث بھی بنتا ہے یہ ماہواری کے دوران پڑنے والے کریمپس کو ختم کرتا ہے اور اُنہیں پیٹ کی درد سے نجات دلانے کا باعث بنتا ہے۔

## نزلہ زکام اور کھانسی میں آرام دیتا ہے

گُڑ جسم میں حرارت پیدا کرتا ہے اسی لیے عام طور پر لوگ اسے سردیوں میں اپنی خوراک کا حصہ لازمی بناتے ہیں، یہ نزلہ، زکام اور کھانسی جیسی بیماریوں میں راحت کا باعث بنتا ہے اور ان بیماریوں کی صُورت میں آپ اسے گرم پانی میں یا چائے میں بطور شوگر ڈال کر پی لیں تو تکلیف سے فوری راحت ملتی ہے۔

## خُون کی صفائی کرتا ہے

گُڑ کے بہت سے فائدوں میں ایک زبردست فائدہ یہ بھی ہے کہ یہ خُون کی صفائی کرنے میں انتہائی مُفید غذا ہے، گُڑ کی مناسب مقدار خون سے فاضل مادوں کو صاف کردیتی ہے اور صاف خون کا مطلب ہے صحت مند جسم۔

## خُون کی کمی کو پُورا کرتا ہے

گُڑ زنک اور فولیٹ جیسے کیمیا سے بھرپُور غذا ہے اور یہ دونوں کیمیا خُون کی پیداوار بڑھانے کا باعث بنتے ہیں اور جسم میں خُون کی کمی کو پُورا کرتے ہیں۔

## آنتوں کے لیے انتہائی مُفید ہے

گُڑ آنتوں کو طاقت بخشتا ہے کیونکہ اس کے اندر میگنیشیم کی ایک بڑی مقدار شامل ہوتی ہے ہر 10 گرام گڑ میں آپکو 16 ملی گرام میگنیشیم ملتی ہے جو کے (باقی صفحہ نمبر 57 پر)

پیچش شفاء
پرانی سے پرانی پیچش
موسمی وبائی، ہیضہ کے دنوں میں ہونے والے پتلے پتلے اور نیلے دستوں کیلئے بہترین دوا ہے
دست مروڑ بدہضمی
اور پیچش کی کامیاب دوا
قیمت 150/- روپے

ازدواجی زندگی میں کامیابی
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر ملاحظہ کریں

## گیارہ کنال زمین پر قبضہ ہو چکا

سوال: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تقریباً تین سال سے ماہنامہ عبقری کا مستقل قاری ہوں۔ میری تقریباً گیارہ کنال زمین پر کچھ لوگ ناجائز قابض ہیں اور بیس سال گزر چکے ہیں دعویٰ جات چل رہے ہیں اور زمین چھوڑنے کے لیے تیار نہیں ہیں جس سے مجھے ناقابل تلافی نقصان ہو رہا ہے۔ چودہ ماہ سے بے روزگار ہوں۔ اپنے مسائل کے حل کے لیے کوشش کر رہا ہوں لیکن رکاوٹیں درپیش آجاتی ہیں اور مسائل حل نہیں ہو رہے۔ براہ کرم مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں تاکہ میرے مسائل حل ہوں۔ (خورشید احمد، رحیم یار خان)

جواب: کسی نے آپ کے مکان، جائیداد، زمین پر ناجائز قبضہ کر لیا ہو تو آپ ہر نماز کے بعد اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ساٹھ مرتبہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ مزید استغفار کی کثرت کریں۔

## اچھا بھلا چلتا کاروبار تباہ ہو گیا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے کریانہ کی دکان شروع کی کچھ عرصہ تو دکان اچھی چلتی رہی لیکن بعد میں میرے اوپر قرض چڑھنا شروع ہو گیا جس کی وجہ سے بہت پریشانی ہے اور دوسرا مسئلہ یہ کہ میرا بیٹا جس کی عمر 30 سال ہے اس کی شادی کرنا چاہتے ہیں لیکن خاندان میں جہاں رشتہ کرنا چاہتے ہیں وہاں انکار ہو جاتا ہے۔ کوئی وظائف بتائے کہ قرض اُتر جائے اور بیٹے کی شادی ہو جائے۔ (محمد شعیب، اٹک)

جواب: رشتے کے مسئلہ کیلئے ہر نماز کے بعد ساٹھ مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھ کر دعا کریں، مزید کاروبار کی ترقی اور کامیابی کے لیے رات بعد نماز عشاء ساٹھ مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھنے کے بعد چالیس مرتبہ سورۂ اخلاص اول و آخر سات مرتبہ درود شریف چالیس دن تک سوئیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں ان شاء اللہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔

## رشتوں کی رکاوٹ! امی ابو پریشان ہیں

سوال: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عمر 34 سال ہے، جو رشتہ آتا ہے جسمانی کمزوری اور چہرے کی خراب رنگت دیکھ کر انکار ہو جاتا ہے، بہت زیادہ احساس کمتری کا شکار ہو گئی ہوں۔ امی ابو بیمار اور پریشان رہتے ہیں۔ میرے علاوہ چھوٹے بہن بھائیوں کے بھی رشتے نہیں ہو رہے کوئی نہ کوئی رکاوٹ آجاتی ہے۔ (پوشیدہ)

جواب: فجر اور مغرب کی نماز کے بعد پانچ تسبیح درود ابراہیمی پڑھ کر دعا کریں تو اس عمل کی بدولت اللہ پاک بہت جلد نیک اور اچھے رشتہ کا انتظام فرما دیتے ہیں اور رکاوٹ دور ہو جائے گی۔ مزید جو بہن بھائی اپنی بچیوں کی شادی کے لیے پریشان رہتے ہیں اس قرآنی دعا پر عمل کریں، ان شاء اللہ ان کی پریشانی دور ہو جائے گی۔ سورۂ قصص کی آیت نمبر 24 کو دن میں اول و آخر درود شریف 113 مرتبہ پڑھیں۔ آیت مبارکہ یہ ہے: رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ (القصص ۲۴)

## پڑھائی مکمل! اب ٹیچنگ کرنا چاہتی ہوں!

میری پڑھائی مکمل ہو چکی ہے میں ٹیچنگ کرنا چاہتی ہوں آپ مجھے وظیفہ بتائیں جس سے مجھے میرے مقصد میں اللہ پاک کامیابی عطا فرمائے اور مجھے سرکاری نوکری مل جائے۔ (زنیرہ بانو، ٹیکسلا)

مشورہ: آپ کے لیے دو انتہائی طاقتور عمل حاضر ہیں۔ **پہلا عمل:** ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ سورۂ والضحیٰ اس ترتیب سے پڑھیں کہ سورۂ والضحیٰ میں نو (ک) ہیں ہر ک پر نو مرتبہ **یَا کَرِیْمُ** پڑھنا ہے۔ یہ عمل نو دن کریں۔ نو دن میں اگر من پسند ملازمت نہ ملے تو اٹھارہ دن کر لیں ان شاء اللہ جلد ملازمت مل جاتی ہے۔

**دوسرا عمل:** فجر کی نماز کے بعد اول و آخر 21 مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل پڑھیں، ظہر کی نماز کے بعد اول و آخر بائیس مرتبہ درود شریف اور درمیان چاروں قل پڑھیں، عصر کی نماز کے بعد اول و آخر تیئس مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل پڑھیں، مغرب کی اول و آخر نماز کے بعد چوبیس مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل، عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر تین بار درود شریف اور درمیان میں چاروں قل ایک مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل اکتالیس دن کرنا ہے۔ ان شاء اللہ بہت جلد من پسند نوکری مل جاتی ہے۔ یہ عمل بے شمار کا آزمودہ ہے۔



جادو سے تڑپتے سلگتے خط اور علاج

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج



آپ بھی اپنے مسائل کیلئے خط لکھیں
راز داری کا خیال رکھا جائے گا

## جس کام کا ارادہ کرتے ہیں، ناکامی دیکھتے ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں بہت پریشانیاں ہیں ہم لوگ جس کام کا ارادہ کرتے ہیں چاہے وہ بھائیوں کی نوکری کا ہو یا کوئی اور کام وہ نہیں ہوتا ہم طرح طرح کے وظیفے بھی پڑھتے ہیں لیکن وہ کام نہیں ہوتا آپ ہمارے لیے دعا کریں اللہ پاک ہمارے مسائل حل کریں یا کسی خاص وظیفہ کی اجازت فرمائیں۔ (پوشیدہ)

جواب: اَلْمُعْطِیْ هُوَ اللّٰه عشاء کے بعد 12 تسبیح پڑھنی ہے۔ اول آخر درود شریف ایک تسبیح اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلٰوةٍ ہر مقصد اور ہر مشکل کے حل کیلئے میں نے لوگوں کو دیا ہے۔۔ جس نے بھی کیا، الحمدللہ! اس کا مسئلہ حل ہوا، آپ کے بھائیوں کی نوکری کے مسائل ہیں یا کوئی بھی اہم کام، بس مقصد کا سخت تصور کرتے ہوئے درج بالا وظائف پڑھتے رہیے، چند دن، چند ہفتے، چند مہینے، یقین، توجہ اور دھیان سے کیجئے۔ ان شاء اللہ مسائل حل ہوں گے، مزید قارئین بھی اپنے مسائل کے حل کیلئے پڑھ سکتے ہیں۔

گردے کا درد، پیشاب کی بندش یا رکاوٹ، جسم اور چہرے پر ورم ہو جانا | قیمت -/800 روپے | پتھری ڈائیلاسز کورس | مسئلہ پرانی پتھری کا ہو یا آپریشن کے بعد بار بار پتھری بن جاتی ہو تو اعتماد سے استعمال کریں۔ | گھر میں جنات کے ڈیرے ختم لاہوتی نقش گھر کی دہلیز پر لگا دیں

# طبی مسائل کا آزمودہ حل

براہ راست شیخ الوظائف سے جانیے

## جسمانی واعصابی کمزوری

سوال: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے تقریباً ایک سال سے دونوں بازوؤں کو کندھوں سے لے کر بہت کمزوری ہوگئی ہے ایسے لگتا ہے کہ میرے بازوؤں میں نہ طاقت نہ ہمت ہے اور بہت درد ہوتی ہے خاص کر بائیں بازو پر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے سوئیاں سی چبھتی ہیں بعض دفعہ ایسا لگتا ہے کہ بازو اور ہاتھ ساتھ نہیں ہیں ایسا لگتا ہے کہ جیسے کرنٹ سا لگتا ہے ہاتھ اور بازو جیسے سوئے ہیں یہ کیفیت تقریباً دو سال سے ہے میں نے کوئی ڈاکٹری علاج نہیں کروایا۔ کوئی نسخہ یا دوائی بتادیں۔ (سلطان محمود، اسلام آباد)

جواب: آپ یہ نسخہ استعمال کریں' ان شاء اللہ آپ کے جوڑوں' اعصابی اور جسمانی کمزوری دور اور جسم میں طاقت عود آئے گی۔ ھوالشافی: ہریاول پچاس گرام۔ فلفل دراز (جسے مگھاں بھی کہتے ہیں) پچاس گرام۔ دونوں بالکل باریک پیس لیں' پاؤڈر کی طرح کپڑے سے چھان لیں۔ صرف ایک چٹکی صبح وشام دودھ یا پانی کے ساتھ۔ (بڑا کیپسول بھر کر بھی ایک صبح وشام کھاسکتے ہیں) چند دن، چند ہفتے استعمال کریں۔ ٹوٹکہ مختصر مگر تاثیر بہت زیادہ' کمالات بہت زیادہ ہیں۔

## آنکھ میں زخم!

سوال: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بائیں آنکھ اور بائیں جانب کنپٹی میں بہت درد رہتا ہے برداشت سے باہر ہوتا ہے اور میری آنکھ بھی کھنچاؤ کی وجہ سے چھوٹی لگتی ہے اور نظر کمزور ہوگئی ہے۔ ڈاکٹری علاج بہت کروا چکی ہوں لیکن فرق محسوس نہیں ہوا۔ آئی سپیشلسٹ سے چیک اپ کروایا تو اس نے بتایا کہ آنکھ میں زخم ہے۔ (عروج فاطمہ، ننکانہ صاحب)

جواب: آپ آنکھ میں مسلسل صبح وشام عرق گلاب ڈالیں' مزید عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ''روشن دماغ'' لکھی گئی ترکیب سے کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں' ان شاء اللہ! آنکھ کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ اپنی غذا میں گاجر کا جوس اور گاجر کا مربہ ضرور شامل کریں گاجر کا موسم ہے خوب گاجریں کھائیں۔

## امراض معدہ کے لیے کچھ بتائیے!

مجھے گیس کا بہت مسئلہ رہتا ہے کھانا کھاؤں یا نہ کھاؤں گیس بنتی رہتی ہے ڈکار آتے رہتے ہیں دل کی دھڑکن تیز ہوجاتی ہے ٹانگوں میں طاقت نہیں رہتی، معدے اور دل میں درد رہتا ہے اور کمزوری بہت زیادہ ہے ہر وقت چکر آتے اور بلڈ پریشر کا مریض بن گیا ہوں۔ بس ہر وقت بے سکونی رہتی ہے نیند بھی ٹھیک سے نہیں آتی کوئی اچھی سی دوائی یا ٹوٹکہ تجویز فرمادیں۔ (ا،م، و۔ پنڈی گھیب)

مشورہ: ہاضمہ' پیٹ کی گیس' معدہ اور دل کی تیز دھڑکن کیلئے آپ درج ذیل نسخہ بنالیجئے' ھوالشافی: خشک دھنیا سو گرام' سونف سو گرام' مصری سو گرام' اجوائن پچیس گرام' ان سب چیزوں کو اچھی طرح صاف کرکے گرائنڈ کرلیں۔ چائے کا ایک چمچ ہر کھانے کے بعد پانی سے کھانا ہے' ان شاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔ اس کے ساتھ مزید آپ عبقری دواخانہ کی تیار شدہ ''اصلاح معدہ کورس''، تین سے پانچ ماہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ بکرے کا شوربا' چپاتی غذا میں شامل رکھیں۔ خاص طور پر روغنی بھنی' تلی چیزوں سے' دودھ کی بنی چیزوں سے چاول سے پرہیز ضروری ہے۔

## مثانہ میں جلن

سوال: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد صاحب کی عمر تقریباً 80 سال ہے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ جب کھانا کھاتے ہیں تو اس کے بعد مثانہ میں جلن شروع ہوجاتی ہے اور بار بار پیشاب کی حاجت ہوتی ہے ساری ساری رات چھوٹا پیشاب آتا رہتا ہے۔ (آصف علی، کھڑیانوالہ)

مشورہ: پیشاب بار بار آنے تو کالے تل' اجوائن' گڑ ہموزن کس کرلیں' پیس کر سوتے وقت تقریباً چھ گرام کھائیں۔ زیادتی پیشاب کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ مزید عبقری دواخانہ کی دوا ''ستر شفائیں'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں' کھانے کے بعد ہونے والی جلن کیلئے اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ اگر پیشاب رک رک کر آئے تو پیاز ایک چھٹانک کو باریک پیس کر آدھ سیر پانی میں جوش دیں ایک پاؤ باقی رہے تو چھان کر سرد ہونے پر پی لیں بار بار پیشاب کا مسئلہ بھی ختم ہوجائے گا۔

## کمزوری اور بلڈ پریشر کا شکار ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! فروری 2015ء میں مجھے دائیں طرف فالج ہوا، دائیں بازو بے جان اور زبان مفلوج ہوگئی علاج سے اللہ نے شفاء فرمائی بازو بھی کام کرنا شروع ہوگیا لیکن کمزوری بہت ہے بلڈ پریشر ہائی رہتا ہے، سردیوں میں ہاتھ پاؤں ٹھنڈے اور پاؤں کی انگلیوں میں ورم اور رنگ سیاہ ہوجاتا ہے، گرمیوں میں ہاتھ پاؤں گرم رہتے ہیں۔ یادداشت بھی کمزور ہے، دائیں ٹانگ میں درد رہتا ہے تھوڑا سا کھانا کھاتا ہوں ایک دو لقمے زیادہ لوں تو متلی ہونے لگتی ہے۔ کوئی اچھی سی تجویز دیں۔ (تنویر حسین، کوٹلی)

مشورہ: ھوالشافی: گل سرخ ایرانی اصلی، اسرول یا چھوٹی چندن، گوند کیکر۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید اصلی۔ تخم کاہو مقشر، دانہ الائچی خورد، ہر ایک 50 گرام نہایت باریک کوٹ پیس کر ارجن کی چھال کے پانی میں گولیاں بقدر چنے کے برابر بنائیں۔ مقدار خوراک 2 گولی دن میں 4 بار۔ اگر مرض کم ہو تو 2 گولی دن میں تین بار ورنہ 2 گولی صبح وشام بھی پانی کے ہمراہ کھانے سے ایک گھنٹہ قبل یا دو گھنٹے بعد استعمال کریں۔ اسی دوران اگر مجبوری ہو تو ڈاکٹری ادویات استعمال کریں ورنہ ضرورت نہیں پڑے گی۔

### مجھے پڑھے بغیر آپ کے طبی مسائل حل نہ ہوں گے؟

اس صفحہ پر امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام' موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

اس دوا کو درویش کی دعا ہے۔ یقین والوں کیلئے اتنا کافی ہے۔ زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں۔
قیمت 150/- روپے
بواسیر | ذیابیطس | ہائی بلڈ پریشر | موٹاپا | ڈیپریشن | پرانی خارش
معدے کے تمام امراض کا علاج
سات تخم شفاء

روحانیت کے متلاشی متوجہ ہوں! لاہوتی نقش اسی شمارہ کے صفحہ نمبر 41 پر

# کبھی سوچا نہ تھا زندگی اچانک ایسے بدل جائے گی

نعمان اسلم، وزیر آباد

قارئین! حضرت جی کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں' آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں روزسنیں' آپ کے گھر' گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو اور عبقری کی پوری ٹیم کو سدا اپنی پناہ میں رکھے۔ اللہ کریم آپ کے اس مشن کو آپ کے لیے آپ کی نسلوں کے لیے اور پوری امت مسلمہ کے لیے خیر و برکت اور عافیت کا ذریعہ بنائے۔ آمین! میں نے آج عبقری کے لیے قلم اٹھایا سمجھ میں نہیں آرہا کہ کیا لکھوں' حضرت آنسوؤں کی گرتی ہوئی لڑی کے ساتھ لکھ رہی ہوں میں نے کبھی سوچا ہی نہیں تھا کہ میں عبقری سے وابستہ ہوجاؤں گی اور میری زندگی اس طرح بدلے گی۔ میرے شوہر پر کالے جادو کے برے اثرات تھے اس سلسلے میں عبقری دواخانے پہنچی' آپ سے ملاقات کا وقت بھی مل گیا وظیفہ بھی مل گیا۔ آپ سے ملاقات کے لیے اڑھائی ماہ ہوئے تھے کہ میرے شوہر اچانک سے فوت ہوگئے۔ لوگوں نے لاکھ کہا کہ اب وہاں نہ جاؤ۔ شفاء تو ملی ہی نہیں لیکن شفاء تو میرا اللہ ہی دیتا ہے۔ ان مشکل حالات میں میرے بچے اور میں بہت پریشان تھے۔ شیطانی اثرات سے نجات کی نیت سے میں مسلسل تسبیح خانہ آتی رہی اور وظیفہ سارے گھر والوں نے خوب پڑھا اللہ کریم نے شیطانی اثرات سے نجات دے دی۔ آپ سے بیعت کا تعلق ملا میں اور میرے بیٹے دونوں آپ سے بیعت ہیں۔ الحمدللہ!

حضرت جی! میں نے وظائف پڑھتے ہی اپنے اللہ کریم کو اپنے قریب یعنی قرب پایا، روحانی سکون ملا، پردہ کرنے کی توفیق ملی، تہجد ملی، اپنے اللہ کریم کو اپنے دکھ درد سنانے میں مزہ آیا لوگوں کی فضول محفلوں سے دل اُکتا گیا۔ بس ہر پل وظیفہ پڑھنے اور درود پاک پڑھنے کا دھیان ملا۔ زندگی کا مقصد سمجھ آیا کہ انسان کس لیے دنیا میں آیا اللہ کریم کے ذکر کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے نور اللہ کی پکار سے بڑے بڑے بزرگان کی زبان نکلتے ہوئے اللہ کو سنا۔ سورۂ کوثر کی برکتیں اُترتی دیکھیں۔ اللہ پاک کا کامل یقین ملا جو کبھی بچپن سے سوچتی تھی وہ کامل مرشد ملا وظیفہ ملا۔ اپنے دکھوں کو جب بھی اپنے کریم اللہ کو سنایا غم کا مارا پھٹتا ہوا دل ایسے لگا جیسے کوئی ہاتھ رکھ کر حوصلہ دے رہا ہے۔ اگر کسی دکھیارے کو عبقری کا وظیفہ بتایا تو اس کا کام بنتے دیکھا۔ اب تو عورتیں کہتی ہیں آپ جو وظیفہ بتاتی ہیں بہت فائدہ ہوتا ہے تو میں کہتی ہوں میرا کمال نہیں بلکہ اللہ کے نام کی تاثیر اور میرے مرشد کا کمال ہے ان کی اجازت سے جو وظیفہ کررہی ہوں اس سے فائدہ مل رہا ہے۔ حضرت جی آپ ہر درس کے اندر جو وظیفہ بتاتے ہیں اجازت سے بتاتے ہیں تو میں بھی وظیفہ کرتی ہوں اور لوگوں کو بتادیتی ہوں کہ ہم نے اتنے وظیفے کیے ہمارا کام نہ بنا آپ نے کیسا وظیفہ بتایا ہمارا حیرت انگیز طور پر کام ہوا اور بہت اچھا ہوا ہماری سوچ سے بڑھ کر ہوا۔

حضرت جی! ایک عزیزہ کی بیٹی کی شادی کا مسئلہ تھا بہت پریشان تھے میں نے انہیں صوامت حروف (اَحْکَدُ ،سَصْطَعْ، کَلْمُوْہُ) والا وظیفہ بتادیا انہوں نے کھلا پڑھا۔ تقریباً دو ماہ میں ان کو ایسا حیران کن رزلٹ ملا کہتے ہیں' یہ ہمارے ساتھ کیا کریمی کا معاملہ ہوا میں نے کہا جس کا نام لیا ہے اسے ترس آگیا ہے۔ رزق کی تنگی کی شکایت کرنے پر میں نے انہیں سورۂ کوثر 124 بار صبح وشام، سورۂ قریش گھر کی ساری کھانے پینے والی چیزوں پر پڑھنے کا بتادیا۔ اللہ پاک نے رزق بے بہا کردیا۔ **دم والے تیل کے فوائد:** میں نے دم والا تیل ناف، بھوؤں، ناک، کان کے اندر مسلسل لگایا الحمدللہ تہجد کی توفیق مل گئی ذکر واذکار کی سعادت ملی۔ **موشن روکنے کے لیے:** انار دانہ، پودینہ، سونف ہموزن لے کر ابال لیں چینی یا شکر ملا کر نوش فرمائیں سردی میں گرم اور گرمی میں ٹھنڈا۔ میری بہن کے بچے بیمار ہوگئے کافی ڈرپیں دوائیاں لیں لیکن آرام نہ آیا ایک ہمسائی نے بتایا انہوں نے کیا تو حیرت انگیز طور پر شفاء ملی۔

# گندی ہوائی چیزیں! 17 عامل بے بس ہوگئے مگر!

چند اناز، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو لمبی عمر عطا کریں۔ آپ نے عبقری رسالہ شائع کرکے دکھیوں کے دکھوں کا مداوا کیا ہے' اس رسالے نے بے شمار روتے ہوؤں کو پرسکون مسکراہٹ عطا کی ہے' اس میں آنے والے وظائف اور ٹوٹکے مجرب اور آزمودہ ہوتے ہیں۔ مجھے عبقری نے کیسے بچایا' میری زندگی کو کیسے پرسکون کیا' آپ بھی پڑھیے!

میرے گھر میں تیس چالیس سال سے شیطانی ہوائی چیزیں تھیں ہم 17 عاملوں کو دکھا چکے تھے لیکن مسئلہ حل نہیں ہوا۔ شیطانی چیزوں کے اثرات اتنے زیادہ تھے کہ انہوں نے ہمارے گھر میں ہمارا جینا مشکل کردیا تھا۔ گھر کے سب افراد آپس میں بہت لڑتے، کاروبار بند کردیا، لاکھوں کا قرض اٹھا کر کھا چکے ہر طرح کا سکون ختم ہوگیا تھا۔ بڑا بیٹا قرآن حافظ مگر نماز پڑھنا چھوڑ گیا۔ کوئی بیٹا بات نہیں مانتا تھا۔ میں نے اپنے شوہر سے کئی بار کہا یہ گھر فروخت کردیتے ہیں لیکن وہ نہیں مانتے تھے۔

## عبقری کا ٹائٹل دیکھ کر خرید لیا

ایک دن میں بازار گئی اور وہاں اخبار فروش کے پاس عبقری رسالہ دیکھا باہر سے پہلا صفحہ دیکھا پڑھا اور اسی وقت خرید کر گھر لے آئی، اس میں آپ کا بتایا ہوا وظیفہ ''یاقہار'' پڑھا اور اپنے شوہر کو بتایا لگتا ہے یہ عمل ہمارے لیے یہی ہے۔ شوہر اور میں نے پڑھا آج وظائف کرتے سوا سال ہوگیا ہے۔ وظائف کی ترتیب یہ ہے کہ ''یاقہار'' سارا دن میں کھلا اور اذان والا عمل ہم دن رات ڈیڑھ سو مرتبہ کرتے ہیں۔ اب اللہ پاک کا شکر ہے پہلے سے بہتری ہوئی ہے۔ شیطانی، جناتی اثرات بہت کم ہوگئے ہیں۔ اللہ پاک آپ کا سایہ ہم لوگوں پر ہمیشہ رکھے جن کی وجہ سے ہم آج دنیا کے دھوکے باز عاملوں سے بچ گئے ہیں۔ اعمال سے پلنے، بچنے اور بننے کا یقین آگیا ہے۔

علاوہ ڈاک خرچ
قیمت -/500 روپے
بواسیر کورس
پرانی قبض سے بیزار تسلی سے استعمال کریں
لاعلاج خونی و بادی
بواسیر کا لاجواب علاج

# ساری دنیا ڈری ہوئی اور آپ کیسی بے فکری کی زندگی گزار رہی!

س،ا، گجرات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے محلے میں اکثر چوری وڈکیتی کی وارداتیں ہوتی رہتی ہیں۔ اللہ اس جوان طبقے کی نسل کو راہ ہدایت پر گامزن کرے وگرنہ یہ دیکھ کر بڑا دکھ ہوتا ہے اکثر جوان اپنی جوانیاں بڑے غلط کاموں میں گزار کر اپنا کس قدر نقصان کر رہے ہیں۔ لوگ ان حالات میں خوفزدہ رہتے ہیں اور بڑے حفاظتی انتظامات رکھتے ہیں۔ لیکن ہمارے گھر میں اللہ تعالیٰ کی حفاظت کا خصوصی انتظام ہے میں گھر میں زیادہ اکیلی ہوتی ہوں کیونکہ بہو بھی سکول پڑھانے چلی جاتی ہے میرے پاس کوئی نہ کوئی عورت آئی رہتی ہے اس لئے میں نے باہر والے دروازے کی کبھی کنڈی نہیں لگائی۔ جو بھی آتا ہے دروازہ کھلا دیکھ کر حیران ہوتا ہے کہ سب لوگ خوفزدہ رہتے ہیں اور ایک منٹ بھی دروازہ کھلا نہیں چھوڑتے اور آپ کیسی بے فکر ہوتی ہیں؟ بلکہ میں بعض دفعہ سوئی ہوتی ہوں۔ الحمدللہ! یہ اللہ تعالیٰ کے قرآن کی درس وتدریس کی اور ذکر، مسنون اعمال کی برکت ہے کہ میرا گھر حفاظت میں رہتا ہے اور کسی بھی قسم کا ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آتا۔

# غصیلی، چڑچڑی اور چلاتی بیوی کا علاج

محمد شاہد، میلسی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے آپ کے ساتھ منسلک ہوا ہوں خیرخواہی کا جذبہ دل میں رکھا ہوا ہے۔ میرا تعلق ایک سرکاری ادارے سے ہے' اس لیے مجھے مختلف علاقوں کے لوگوں سے واسطہ ہوتا ہی رہتا ہے آپ کے درس اور عبقری رسالہ کو کوشش کر کے ہر کسی کو اس کا تعارف کرواؤں جو درس سننے کا ذوق نہ رکھتا ہوں یا وقت نہ دے پا رہا ہو تو اسے اعمال کے فائدے بتا کر پڑھنے کے لیے دیتا ہوں۔ اس کے علاوہ انہیں دو چیزیں لازمی دیتا ہوں باتھ روم جانے والی دعا اور روحانی بیڈٹی کا عمل۔

### بیوی بات کرنا پسند نہ کرتی

ایک بندہ جو ہر وقت بیوی سے موبائل پر باتیں کرتا تھا لیکن بیوی کی طرف سے ہمیشہ غصہ اور سخت رویہ آتا اور وہ بات کرنا بھی پسند نہ کرتی اور یہ ادھر پریشان رہتا تھا۔ ایک دن میں نے دیکھ لیا میں نے پوچھا کیا مسئلہ ہے؟ اس نے مسئلہ بتایا۔ میں نے کہا تم اور تمہاری بیوی بیت الخلاء جانے والی مسنون دعا کا کثرت سے اہتمام کرو حتیٰ کہ جب باتھ روم کے اندر جاؤ تو دل ہی دل میں اس مسنون دعا کو بار بار پڑھو (نوٹ: باتھ روم کے اندر زبان سے ہرگز نہیں پڑھنا) انہوں نے یہ عمل کرنا شروع کر دیا ٹھیک ایک ہفتے کے بعد ملا' میں نے احوال پوچھا تو انتہائی خوشی سے کہنے لگا: میری بیوی کا رویہ سو فیصد بدل چکا ہے پہلے میں فون کرتا تھا وہ اکثر اٹھاتی ہی نہ تھی اب مجھے فون کرنے کی نوبت ہی نہیں آتی بلکہ خود اس کا فون آتا ہے اور میرا حال چال' احوال' کھانا پینا تک پوچھتی ہے کہ کھایا کہ نہیں۔ اس کی تمام تلخ کلامی محبت میں تبدیل ہوگئی۔

### ہیرا پھیر چھوڑ دی

ایک بندے کو میں نے ویسے چلتے چلتے کہا کہ باتھ روم کی دعا پڑھا کرو اور طریقہ بتا دیا اس نے دعا کو پڑھنا شروع کر دیا دو ہفتے بعد ملاقات ہوئی، تو میں نے پوچھا کیا ہوا اس نے جواب دیا کہ اس دعا کی وجہ سے میں نے ہیرا پھیری اور دو نمبری چھوڑ دی ہے پہلے کرتا تھا اب نہیں۔

### نماز میں دل لگ گیا

ایک کولیگ میرے پاس آیا اور کہنے لگا کہ مجھے نماز میں خیالات بہت آتے ہیں' نماز میں مزہ نہیں آتا میں نے اس کو بیڈٹی اور باتھ روم کی دعا بتا دی اس نے پڑھنا شروع کر دی کچھ دنوں کے بعد ملا۔ کہنے لگا: پہلے بہت جلدی نماز پڑھتا تھا اور اب نماز میں دل لگنا شروع ہوگیا ہے اور مجھے سجدوں کی توفیق ملی ہے۔ چونکہ میں سپاہی ہوں' اس سے پہلے زیادہ دیر نماز لمبی نہیں کرسکتا تھا لیکن اب دل بہت کرتا ہے کہ نماز ہی پڑھتا رہوں پہلے میں قرآن کا ایک رکوع بھی نہیں پڑھ سکتا تھا ابھی پتہ نہیں چلتا اور سپارہ ختم ہوجاتا ہے۔

**بیت الخلاء کی مسنون دعا:** بِسْمِ اللہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ۔ **روحانی بیڈٹی کا عمل:** صبح اٹھتے ساتھ ہی بیڈ سے اترنے سے پہلے گیارہ مرتبہ اَعُوْذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھیں۔

# ایک تجارتی راز

مولانا وحیدالدین خانؒ

محلہ میں کئی ہوٹل ہیں' میں دس سال سے ان کو دیکھ رہا ہوں' مگر ان میں صرف ایک ہوٹل ایسا ہے جو اس مدت میں مسلسل ترقی کرتا رہا ہے۔ باقی تمام ہوٹل جہاں دس سال پہلے تھے وہیں آج بھی پڑے ہوئے ہیں۔ ترقی کرنے والے ہوٹل کے مالک سے میں نے ایک روز پوچھا کہ آپ کی ترقی کا راز کیا ہے؟ ''بالکل سادہ'' انہوں نے جواب دیا۔ جو چیز دوسرے ہوٹل والے کلو میں خریدتے ہیں اس کو ہم بوریوں میں خریدتے ہیں (یعنی من خریدتے ہیں) ہر خریداری کے وقت ہم پورے بازار کو دیکھتے ہیں اور جو چیز جہاں کفایت سے ملتی ہے اس کو وہاں سے لیتے ہیں۔ زیادہ مقدار اور نقد خریداری کی وجہ سے چیز ہم کو اور بھی سستی پڑ جاتی ہے'' اس کے بعد انہوں نے ہنس کر کہا: ''گاہک سے نہیں کمایا جاتا' بازار سے کمایا جاتا ہے۔'' عام طور پر دکان داروں کا یہ حال ہے کہ جو گاہک سامنے آجائے بس اس کی جیب سے زیادہ سے زیادہ پیسے نکال لینے کو دکانداری سمجھتے ہیں۔ یہ دکان داری نہیں لوٹ ہے اور جس دکاندار کے بارے میں مشہور ہوجائے کہ وہ ''لوٹتا ہے'' اس کے یہاں کون خریداری کے لیے جائے گا۔ یہی وجہ ہے کہ اس قسم کے دکاندار زیادہ ترقی نہیں کر پاتے۔ دکانداری کا زیادہ اعلیٰ طریقہ یہ ہے کہ مال کی خریداری کے وقت آپ کوشش کریں کہ آپ کو کم قیمت میں مال ملے تاکہ عام نرخ سے گاہک کو دینے کے بعد بھی آپ کو زیادہ فائدہ حاصل ہو۔ یہ اصول ہر قسم کے کاروبار کے لیے صحیح ہے' ہر کاروبار میں ایسا ہوتا ہے کہ دکاندار اپنے گاہک کے ہاتھ جو چیز بیچتا ہے اس کو وہ خود کہیں سے خرید کر لاتا ہے' یہ خریداری خواہ ایک مرحلہ میں ہو یا کئی مرحلوں میں' اس کی ہمیشہ کئی صورتیں ہیں' اکثر دکاندار مشقت اور دوڑ بھاگ سے بچنے کے لیے کسی آسان یا قریبی ذریعہ سے اپنی ضرورت کا سامان حاصل کرلیتے ہیں لیکن اگر دوڑ بھاگ کی جائے اور محنت سے کام لیا جائے تو وہی چیز نسبتاً کم قیمت میں حاصل کی جاسکتی ہے جس کو دوسرا شخص محنت سے بچنے کی خاطر زیادہ قیمت میں حاصل کر رہا ہے۔ عام دکاندار ہمیشہ اپنی محنت کی کمی کو گاہک کی جیب سے زیادہ وصول کر کے پورا کرنا چاہتے ہیں' مگر اس قسم کی (باقی صفحہ نمبر 57 پر)

آپ کے ان مسائل کا بہترین حل
جادو جنات بندش نظر بد
اثرات لاعلاج گندی بیماریاں
قیمت 501/- روپے جادو شکن تیل
اسم اعظم کا دم شدہ
کرائے دار اپنا گھر پائیں!
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر ملاحظہ کریں

جادو کیسے ہوتا ہے؟ کیسے ٹوٹتا ہے!

# پریشانیاں‘ دکھ‘ ذہنی دباؤ گھر والوں کا رویہ سب ناقابل برداشت

ایسے ہی سات آٹھ سال گزر گئے اس نے نشہ شروع کر دیا ہوا تھا ہمیں خبر نہیں تھی پھر پتہ چلا جب اس نے نشے کے ٹیکے لگانے شروع کیے پیروں تلے سے زمین نکل گئی سب کہیں اب آخری سٹیج ہے اس نے ختم ہو جانا ہے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری زندگی اس قدر کٹھن اور مسائل میں گری ہوئی تھی کہ ناقابل بیان ہے پریشانیاں، دکھ، ذہنی دباؤ گھر والوں کا رویہ سب ناقابل برداشت تھے شادی کے چند دن اچھے گزرے نہ سسرال والوں نے اچھا سلوک کیا نہ شوہر نے۔ میرا شوہر چند دنوں کے بعد ہی گھر سے باہر رہنا شروع ہو گیا تھا پتہ نہیں تھا وہ کہاں رہتا ہے مگر آہستہ آہستہ پتہ چلا کہ وہ کسی عورت کے ساتھ رہتا ہے اس عورت کے اپنے بچے تھے مگر اس نے نجانے کون کون سے جادو اور تعویذ کروائے تھے کہ مجھ سے میرے شوہر کی پسند کی شادی تھی اس کے باوجود وہ گھر نہیں آتا تھا اگر آتا بھی تو اِدھر اُدھر مصروف رہتا۔ میں اس کے پاس بیٹھنے کے لیے بے چین رہتی کبھی کبھار جب وہ کمرے میں آجاتا میرے پاس گلہ شکوہ کرنے کے لیے لفظ ہی نہیں ہوتے تھے بس میں روتی ہی رہتی تھی ایسے ہی سات آٹھ سال گزر گئے اس نے نشہ شروع کر دیا ہوا تھا ہمیں خبر نہیں تھی پھر پتہ چلا جب اس نے نشے کے ٹیکے لگانے شروع کیے پیروں تلے سے زمین نکل گئی سب کہیں اب آخری سٹیج ہے اس نے ختم ہو جانا ہے۔ مجھے ”حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ“ کا کتابچہ ملا اس پر نمبر دیکھ کر عبقری دواخانہ رابطہ کیا تو آپ کے اسسٹنٹ صاحب سے بات ہوئی پھر ملنے گئی انہوں نے تسلی دی اور جیسے انہوں نے منہ میں سے الفاظ نکالے تھے ویسے ہی میرا شوہر اس کے گھر سے نکلا تھا پھر تسبیح خانہ نہ جانا ہوا اور میں غافل ہو گئی اب وہ گھر تو رہتا تھا مگر نشے میں دھت مجھ سے دور میں اس لیٹے ہوئے کا منہ صاف کرتی بال ڈائی کرتی اس کے پاؤں دھو کر مالش کرتی یہ بھی اس کے پاس جانے کا ایک بہانہ ہوتا لیکن وہ پتھر سے کم نہ تھا اس کو کبھی اپنی بیوی کی محبت کا احساس نہ ہوا۔ اسی دوران لڑائی ہوئی میرے بچے انہوں نے رکھ لیے میں اپنے والدین کے گھر چلی گئی بچوں سے دور رہنا میرے لیے دنیا کا مشکل ترین مرحلہ تھا دن رات دعاؤں میں گزرتا اسی دوران بچے بڑی مشکل سے حاصل کیے مگر امی کا انتقال ہو گیا اب نئی آزمائش میں جاب کر رہی تھی بچے سکول جا رہے تھے مگر اپنے گھر کا سکھ نہیں تھا بڑی شدت سے دعا کی کہ اب میرے شوہر کو ٹھیک ہونا چاہیے امی نہیں ہیں تو سب بڑا میرا سہارا اسے ہی بننا ہوگا۔ پھر عبقری رسالہ پڑھنا معمول بنالیا کسی عورت نے اس میں لکھا تھا کہ اس کا شوہر بے راہ روی اختیار کیے ہوئے تھا اس نے ”یَارَبِّ مُوْسٰی یَا رَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ“ بھی پڑھنا شروع کیا جس سے اس کا شوہر راہ راست پر آگیا۔ میں نے یہی وظیفہ پڑھنا شروع کیا جس سے میرا شوہر ٹھیک ہونا شروع ہو گیا میں نے کثرت سے پڑھنا شروع کیا پھر میں نے تسبیح خانہ فون کیا ان کو ساری صورت حال بتائی کہ میرا شوہر میری امی کے انتقال کا سن کر بھی نہیں آیا۔ مجھے وظیفہ بتائیں؟ کہ وہ مجھ سے رابطہ کرے تو انہوں نے سورۂ الکوثر 129 بار صبح و شام پڑھنے کو کہا ساتھ ”یَارَبِّ مُوْسٰی یَا رَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ“ والا وظیفہ کھلا پڑھنے کو کہا تین سے چار دن ہی گزرے تھے کہ میرے شوہر کا رابطہ ہو گیا پھر آہستہ آہستہ کبھی کبھار بات ہونے لگی اور پھر وہ دن رات دیوانہ وار رابطہ کرنے لگا بس گھر آنے پر اصرار کر رہا تھا میرے بچوں کے فائنل پیپر ہونے والے تھے میرے گھر والے شوہر سے میرے رابطہ کو ناپسند کر رہے تھے اور اس کے گھر آنے کو مگر مجھے یقین تھا سب بہتر ہو جائے گا لیکن دل بے حد مشکلوں میں تھا کہ اب کی بار غلط فیصلہ ہو گیا تو ساری زندگی پھر میکے میں آنے کے قابل نہیں رہوں گی۔

## نشئی شوہر آخری سانسوں پر تھا مگر

تسبیح خانے فون پر مسلسل رابطہ تھا ان کو بھی بتایا انہوں نے حوصلہ دیا وظیفہ جاری تھا پھر انہوں نے ایک تسبیح بتائی کہ اللہ سے مشورہ کرو ”یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ“ تھی ہر نماز کے بعد ایک تسبیح اوّل و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھا چار دن ہی کیا تھا کہ میرا شوہر گھر آگیا‘ بڑے بھائی نے اس کے آنے پر اعتراض کیا۔ بھائی نے اس سے پوچھا کس لیے آئے ہو؟ اب کی بار اس نے منت سماجت کی اور آئندہ مجھے بچوں کو ہمیشہ خوش رکھنے کا وعدہ کیا‘ بھائی نے باقی بھائیوں سے مشورہ کیا اور مجھے بھیج دیا وہ نشہ خوب کر رہا تھا اس کے لیے میں ”اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الرَّحْمَۃِ“ درود بھی ساتھ پڑھتی رہی تھی ہر روز گیارہ سو کبھی پانچ سو بار درود پڑھ کر اس کی روح کو بخشتی تھی اور الحمدللہ! اللہ کا اس قدر احسان اور شکر ہے۔ 16 جون رمضان المبارک کو اس نے آخری بار نشہ کیا نجانے کیا اس کے دل میں آئی اس نے چند روز اذیت میں گزارے رحم مجھے آتا رہا لیکن اللہ نے اس کو ان اعمال کی برکت سے بچالیا۔

### یقین کیجئے شوہر بھیانک ترین زندگی سے نکلا ہے!

قارئین! یقین کریں میر شوہر ایسی بھیانک زندگی سے نکلا ہے کہ آپ لوگوں کے رونگٹے کھڑے ہو جائیں۔ بہت مشکل اور تلخ حالات کا سامنا تھا مگر میں نے ہمت نہ ہاری۔ یقین تھا دل میں امید تھی اللہ کرم کرے گا میری دعائیں سنے گا اعمال کی برکت سے ایسا ہی ہوا، اعمال کی برکت سے۔ آج وہ مجھ سے اتنی محبت کرتا ہے کہ میرے بغیر رہتا نہیں جس کے لیے میں مہینوں ترستی تھی‘ میرے پاس آئے اب وہ مجھے ایک پل کے لیے فراموش نہیں کر پاتا اس کا والہانہ پن اس کی محبت کرامت ہے اس کے گھر والے سب لوگ حیران ہوتے ہیں کہ یہ وہی ہے جو اپنی بیوی سے کبھی سیدھے منہ بات نہیں کرتا بلاتا نہیں تھا۔ میں سب کو بتاتی ہوں اسے بھی بتاتی ہوں وہ بھی جانتا ہے مجھے بتانے میں کوئی ڈر نہیں پہلے جو میرے مسنون اعمال اور قرآنی وظائف پڑھنے پڑھانے کو طنز کرتے تھے اب وہ مجھے کہتے ہیں میرے لیے دعا کرو مجھے پانی دم کر کے پلاؤ میرے وظائف ابھی بھی جاری ہیں شوہر نے اب آٹو رکشہ لیا ہے اللہ اسے خیر و برکت اور حلال کی روزی کمانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

نسلوں میں فاقے ختم کریں
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

ٹھنڈک پاوڈر
طوفانی گرمی میں ٹھنڈک کا احساس
قیمت -/120 روپے
معدہ کی گرمی
سر کا چکرانا
منہ کے چھالے
ہائی بلڈ پریشر
خون کی شدید کمی
شدید پیاس
منہ کی خشکی
مثانہ کی گرمی
دل کی کمزوری
آنکھوں کا پیلا پن

# رحم میں رسولی یقینی ختم! آزمودہ نسخہ

طاہرہ، لاہور

**رحم میں رسولی:** میرے رحم میں رسولی تھی میں نے ایک کتاب میں نسخہ پڑھا تھا' میرے ہاں بیٹی پیدا ہونے والی تھی تاریخ بھی مجھے یاد نہ تھی میرے شوہر مجھے ڈاکٹر کے پاس بھی نہ لے کر گئے۔ میرے اندر ریشہ پڑچکا تھا' زخم ہوگئے تھے ڈاکٹر کے پاس آخری دنوں میں گئی اس کو بھی کچھ سمجھ نہیں آرہی تھی الٹرا ساؤنڈ میں رسولی بھی نظر نہیں آرہی تھی' صورتحال اتنی خطرناک تھی بچنے کا کوئی چانس نہیں تھا میں نے یہ نسخہ استعمال کیا اللہ کی رحمت سے میں اور میری بیٹی دونوں سلامت رہے۔ نسخہ: عنبر عمدہ قسم، زعفران کشمیری، جدوار عمدہ برابر وزن لے کر ماش کی دال کے برابر گولیاں بنالیں۔ جن عورتوں کو ڈیلیوری میں بہت سے مسائل ہوں' نارمل ہو یا آپریشن' وہ آنکھیں بند کر کے یہ نسخہ استعمال کریں۔ وضع حمل سے دو ہفتے پہلے دو گولیاں صبح، تین گولیاں شام کے وقت لیتے رہیں جس روز وضع حمل کے آثار ظاہر ہوں اس روز پانچ گولیاں صبح کے وقت اور بعد از وضع حمل دس گولیاں کھلا دیں کمزوری ہر طرح کی تکلیف کے لیے لاجواب ہے۔ جن عورتوں کو ڈیلیوری میں بہت سے مسائل ہوں' نارمل ہو یا آپریشن' وہ آنکھیں بند کر کے یہ نسخہ استعمال کریں۔

## کیل دانے بلیک ہیڈز کے لیے

کیل دانے بلیک ہیڈز کے لیے میں فیشل کرتی ہوں میرے چہرے کے کیل کسی دوائی سے ٹھیک نہیں ہوتے تھے میں نے ایک رسالے میں یہ فیشل پڑھا تھا جس نے بھی استعمال کیا سب کو فرق پڑا اگر رنگ برنگی کریمیں لگانے کی بجائے یہ فیشل استعمال کرلیں اور روزانہ چہرہ عرق گلاب سے صاف کر کے ہلکا سا روغن بادام لگالیں تو چہرے کی ہر طرح سے حفاظت ہوجائے گی۔ فیشل اس طرح کرنا ہے ایک کھیرا کدوکش کر کے رس نچوڑلیں' کھیرے کے رس کو چہرے پر لگا کر مساج کریں ہلکا سا کلینزنگ ہو جائے گا۔ اب ایلوویرا کا گودا چہرے پر لگا کر مساج کریں موئسچرائزنگ ہوجائے گی۔ اس کے بعد ڈیپ کلینزنگ کریں۔ ایک چمچ لیمن جوس' دو چمچ جَو کا آٹا' دو چمچ کھیرے کا جوس ملا کر چہرے پر لیپ کریں۔ سوکھنے لگے تو کھیرے کے جوس سے ہاتھ گیلا کر کے مساج کریں' سارے بلیک ہیڈز کیل وغیرہ نکل جائیں گے' چہرہ دھونے کے بعد ماسک لگائیں' ایک چمچ ملتانی مٹی' کھیرے کا جوس دو چمچ' لیمن جوس ایک چمچ' پودینے کا پیسٹ آدھا چمچ' اگر پودینے کا پیسٹ نہ بھی ملے تو کوئی مسئلہ نہیں تینوں چیزوں کا پیسٹ بنا کر چہرے پر لیپ کریں پندرہ سے بیس منٹ بعد دھو کر کھیرے کا رس لگالیں تا کہ مسام بند ہو جائیں۔ نہایت کارآمد فیشل ہے ایک بار آزما کر دیکھیں ان شاء اللہ مایوس نہیں ہوں گے۔

# ہاتھ پاؤں کو خوبصورت نہیں انتہائی خوبصورت بنائیے

ہاتھوں کی خوبصورتی کے لیے ایک نسخہ رسالہ عبقری میں پڑھا تھا آٹے کی بھوسی ایلوویرا کے گودے میں ملا کر بلینڈ کرلیں۔ دو چمچ بھوسی تقریباً اتنی ہی مقدار میں میں نے ایلوویرا مکس کر کے ہاتھوں پیروں پر لگائی نہ صرف ہاتھ خوبصورت ہوگئے بلکہ پیروں کی کٹی پھٹی جلد بھی ٹھیک ہوگئی۔ ہاتھوں پیروں پر پانچ سے دس منٹ مساج کرنا ہے۔ دھو کر کوئی سی کریم لگالیں چاہے رات کو کرلیں۔

**جھریوں کے لیے:** ایسی جلد جو عمر بڑھنے کے ساتھ چہرے کی جلد ڈھیلی پڑجاتی ہے اس کے لیے ایسا فیشل جس سے جلد چمکدار سفید نہایت خوبصورت ہو جاتی ہے۔ میری جلد پر کوئی نسخہ جب اثر نہیں کر رہا تھا میں نے آزمایا اور نہایت ہی لاجواب پایا۔ دو چمچ دہی میں ایک چٹکی ہلدی ملا کر کلینزنگ کریں۔

**موئسچرائزنگ:** بادام کا پاؤڈر، سوکھا دودھ برابر وزن عرق گلاب سے پیسٹ بنا کر مساج کریں۔ پانچ سے دس منٹ دھونے کے بعد بھاپ لیں۔ عرق گلاب کی پتیاں لیموں ملا کر سٹیم لیں اتنی دیر کہ چہرے پر پسینہ آجائے اوپر صاف ستھرا کپڑا اوڑھ لیں نہایت احتیاط سے اسی کپڑے سے چہرے کو صاف کریں چہرے سے کپڑا فوراً نہ ہٹائیں بلکہ وہی کپڑا آہستگی سے چہرے پر ہی پڑا رہنے دیں اور دبا کر چہرہ خشک کرلیں۔ **ماسک:** الاروٹ، لیموں، ٹماٹر کا رس ایک ایک چمچ عرق گلاب چند قطرے ملا کر پیسٹ بنالیں۔ بیس منٹ تک چہرے پر لگالیں بعد میں منہ دھولیں ہفتے میں ایک بار یہ فیشل کریں چند بار کرنے سے جلد چمکدار ہوجائے گی۔

# آئیے! آج ہی مصنوعی کریموں سے چھٹکارا پائیں

ڈاکٹر ناصر الدین، کراچی

آج کل حسن میں اضافہ کے لیے نت نئی کریمیں، لوشن متعارف ہورہے ہیں، شاید اس سے قبل کبھی دیکھنے میں نہیں آئے۔ نوجوان لڑکے، لڑکیاں کس قدر طبع آزمائی کرتے ہیں اس سے سبھی واقف ہیں، لیکن ایک بات سے انکار ممکن نہیں کہ اس قسم کے بیوٹی آئٹمز وقتی حسن تو دے دیتے ہیں، لیکن پھر اس کے بغیر جو کیفیت ہوتی ہے جو لوگ یہ طریقہ آزما چکے ہیں وہ لوگ یقیناً اس سے واقف ہوں گے۔ قدرتی ذرائع سے جو حسن اور دلکشی ہوا کرتی ہے وہ اپنی مثال آپ ہے، آیئے آج ہم آپ کو ایسے ایسے گر بتاتے ہیں جو قیمتاً بھی سستے ہیں اور جن کے استعمال سے حسن و دلکشی مستقل بھی رہتی ہے اور ان مادی چیزوں کی محتاج بھی نہیں ہوتی۔ کیا آپ یقین کریں گے کہ آڑو اور دودھ کی کریم میں چہرے کی جلد کا خزانہ موجود ہے، اس کے استعمال سے آپ کے چہرے کو آڑو جیسی سرخی اور کریم کی جیسی سفیدی مل سکتی ہے، ایک پکے ہوئے آڑو کو چھل کر اس میں تھوڑی سی کریم ملائیے اور اس آمیزے کو چہرے پر مل کر دیکھیں، مگر ایک بار ایسا کرنے سے مایوس نہ ہوں۔ روزانہ کچھ روز تک کریں اور پھر اس کے نتائج خود بھی دیکھیں اور قدرتی چیزوں کے فوائد کے قائل ہوجائیں۔ شہد اور بادام کا آمیزہ کس قدر افادیت رکھتا ہے، اس کے معترف تو جدید سائنس بھی ہوچکی ہے، ایک چمچ شہد میں دو تین بادام چھل کر آمیزہ بنالیں اور چہرہ پر ماسک کی طرح لگائیں۔ کچھ دیر کے بعد نیم گرم پانی سے دھولیں۔ یہ عمل بھی کچھ روز باقاعدہ کر کے دیکھئے۔ آپ نے بھی محسوس کیا ہوگا کہ گرمیوں میں خصوصاً چہرے اور جسم پر ضرورت سے زیادہ چکناہٹ آجاتی ہے مصنوعی کریموں کی محتاجی ہوتی ہے اور اس کا بھی فائدہ صرف وقتی ہوا کرتا ہے۔ بار بار چہرے کو صابن سے دھونے سے بھی یہ چکناہٹ آتی ہی رہتی ہے بعض قدرتی اشیاء ایسی نادر ہیں جو چہرے کو نئی قوت بخشتی ہیں۔ قدرت نے ٹماٹر میں یہ تمام فوائد یکجا کردیئے ہیں۔ یہ ایک ایسا ٹانک ہے جس کے استعمال سے آپ کو چہرے پر ایک نئی تازگی کا احساس ہوگا اور وہ چکناہٹ (باقی صفحہ نمبر 57 پر)

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟
بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہے کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں!
ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط/فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔
بک سٹال جہاں رسالہ نہ ہو تو سٹال کا فون یا موبائل نمبر ہمیں درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے
042-37552384, 042-37425801-3 اس پتہ پر خط لکھیں دفتر ماہنامہ عبقری، عالمی مرکز روحانیت و امن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور
اولادِ نرینہ کے خواہشمند لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

## دو قدم چلتا تھا اب آدھا کلومیٹر چلنے پر بھی سانس نہیں پھولتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پچھلے چار سال سے دل کا مریض ہوں دل کا ایک وال بند ہے۔ کھانے پینے، چلنے پھرنے میں احتیاط کرتا ہوں۔ روزمرہ ادویات کا استعمال میرے معمول میں شامل ہے۔ آفس کے بعد میں فیس بک استعمال کررہا تھا کہ عبقری کی ایک پوسٹ نظر سے گزری جو ''دل شفاء'' کے نام سے تھی میں نے فوری اس پر ریسرچ شروع کی اور عبقری کی ویب پر جاکر دل شفاء کا نسخہ پڑھا تو میں حیران تھا کہ دیسی طریقے سے یہ دوائی تیار کی گئی تھی میں نے فوراً عبقری دواخانہ فون کیا اور مزید معلومات لی اور تین بوتل بک کروائی لیکن میرے لیے پریشانی کی بات تب بنی جب انہوں نے بتایا کہ ہم دبئی نہیں بھیج سکتے صرف پاکستان میں یہ اشیاء مل سکتی ہیں۔ تو پھر میں نے اپنے ایک رشتے دار جو ادھر دبئی میں ہی رہتے ہیں اور چھٹی گزارنے اپنے گھر لاہور گئے ہوئے تھے انہیں کال کی اور عبقری دواخانہ کا ایڈریس دیا وہ وہاں گئے اور تین بوتل لے کر چھٹی ختم ہونے پر دبئی آگئے اور میں نے دل شفاء کا استعمال شروع کیا پہلی بوتل پینے پر ہی اچھا محسوس ہونا شروع ہوگیا میں نے تین بوتل پینے کے بعد ٹیسٹ کروائے تو میرا فیملی ڈاکٹر حیران تھا کہ انگریزی ادویات سے تو اتنا جلدی فرق نہیں پڑسکتا تم نے آخر استعمال کیا کیا ہے تو میں نے ان کو بتایا کہ پاکستان میں عبقری دواخانہ ہے ان کی ایک دوائی ''دل شفاء'' کے نام سے ہے جس کا نسخہ دیسی لہسن۔ ادرک۔ دیسی سیب کا سرکہ۔ لیموں۔ دیسی پودینہ تازہ سرسبز اور خالص شہد سے تیار کیا گیا ہے۔ میرا بلڈ پریشر پہلے بہت ہائی رہتا تھا لیکن جب سے دل شفاء کا استعمال شروع کیا ہے بلڈ پریشر نارمل ہوگیا ہے اس کے علاوہ تھوڑا سا چلنے پر سانس پھول جاتا تھا لیکن اب میں آدھا کلومیٹر روزانہ واک کرتا ہوں اور سانس نہیں پھولتا۔ میرا فیملی ڈاکٹر میری باتیں سن کر حیران تھا کہ ''دل شفاء'' سیرپ بہت ہی لاجواب سیرپ ہے۔ (محمد ذوہیب، دبئی)

## ایام کی باقاعدگی سے چہرہ شاداب ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری کوشش ہوتی ہے کہ جمعرات کو آپ کا درس تسبیح خانے آکر سنو مگر وقت کی قلت کے باعث نہیں آپاتی۔ یوٹیوب پر لائیو درس سن لیتی ہوں بہت ہی روحانی سکون میسر ہوتا ہے۔ دو ماہ قبل مجھے ایام کا مسئلہ ہوگیا جس وجہ سے میں بہت ہی زیادہ پریشان تھی۔ ایام نہ آنے کی وجہ سے میرے چہرے کا رنگ بدلنا شروع ہوگیا اور دیکھتے ہی دیکھتے چہرہ مہاسوں سے بھر گیا۔ میں نے لیڈی ڈاکٹر سے مشورہ کیا اور ادویات کا استعمال شروع کیا لیکن کوئی فرق محسوس نہیں ہوا۔ پھر ایک روز عبقری رسالے کا مطالعہ کررہی تھی تو اس میں ''ایام شفاء سیرپ'' کے بارے میں پڑھا اور فوراً سے فون پر ہی دو بوتل ایام شفاء سیرپ کے بک کروائے جو مجھے اگلے روز شام تک مل گئے۔ لکھی ہوئی ہدایت کے مطابق استعمال شروع کیا دو بوتل ختم ہونے پر کافی فرق پڑچکا تھا۔ جس کے بعد میں نے دوا اور سیرپ کا آرڈر بک کروایا اور وہ بھی استعمال کیے تقریباً چار بوتل استعمال کے بعد میرے ایام ترتیب سے ہوگئے اس کے علاوہ چہرہ کا رنگ جو پہلے خراب ہوچکا تھا اب بالکل ٹھیک ہوگیا۔ چہرے سے بدنما مہاسے بھی خودبخود غائب ہوگئے مجھے کوئی بھی کریم استعمال کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔ ویسے میں چہرے کی نگہداشت کے لیے عبقری دواخانہ کی ہی ''دیسی کریم'' کا استعمال کرتی ہوں جو میرے روزانہ کے معمول میں شامل ہے۔ (ب۔ا، لاہور)

## بلڈ پریشر نارمل، سکون کی نیند میسر آگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے تعلق ہوئے تقریباً ایک سال کے قریب ہوگیا ہے بہت ہی اچھا رسالہ ہے۔ میں اور میری اہلیہ بہت ہی شوق سے پڑھتے ہیں۔ میری عمر 65 سال ہے۔ معمر ہونے کے باعث شاید میری نیند میں کمی واقع ہوگئی تھی ساری ساری رات جاگ کر گزرتی حالانکہ کوئی خاص بیماری میں بھی مبتلا نہیں تھا۔ میری اہلیہ نے عبقری رسالہ سے ''خاندانی راز شفاء'' کے بارے میں پڑھا اور مجھے استعمال کرنے کا کہا میں اگلے روز عبقری دواخانہ پہنچا اور ایک ڈبی ''خاندانی راز شفاء'' کی لی۔ گھر جاکر لکھی ہوئی ہدایت کے مطابق اس کا استعمال شروع کیا اگر کسی دن میں دوائی کھانا بھول جاتا تو فوراً سے میری اہلیہ یاد کروادیتی کہ آج آپ نے ابھی تک دوائی نہیں لی۔ تقریباً پندرہ دن دوائی کے مسلسل استعمال کے بعد ذہنی سکون میسر ہونا شروع ہوگیا اور رات نیند بھی سکون سے آنا شروع ہوگئی حالانکہ پہلے ایسا نہیں تھا رات اگر آنکھ لگ بھی جاتی تو گھنٹے بعد پھر آنکھ کھل جاتی بس ایسے ہی رات بھر سلسلہ جاری رہتا تھا لیکن جب سے خاندانی راز شفاء استعمال کرنا شروع کی ہے رات بھر سکون سے نیند آتی ہے۔ اس کے علاوہ میرے گھٹنوں میں جو اکثر درد رہتا تھا وہ بھی ٹھیک ہوگیا۔ میری اہلیہ کو بلڈ پریشر کا مسئلہ تھا اس نے بھی استعمال شروع کیا ہائی بلڈ پریشر نارمل رہنا شروع ہوگیا۔ (محمد لطیف، مسلم ٹاؤن)

## موسم سرما میں ہرا ہونے والا درد ختم ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 45 سال ہے اور پیشہ کے لحاظ سے ڈرائیور ہوں صبح فجر کے بعد تمام اردگرد گاؤں میں دودھ اکٹھا کرکے شہر پہنچانا ہی میرا کام ہے۔ تین سال قبل اسی طرح دودھ اکٹھا کررہا تھا کہ ایک دودھ کا بڑا برتن میرے پاؤں پر لگا اور ہڈی کو متاثر کرگیا ایک ماہ میں پاؤں بالکل ٹھیک ہوگیا لیکن سردی آنے پر چوٹ والی جگہ پر ایسا محسوس ہوتا کہ جیسے درد ہرا ہوگیا ہے۔ اسی طرح تین سال کا عرصہ گزر گیا سردی آنے پر درد ہرا ہوجاتا۔ گاڑی کی بریک لگتے ہوئے بہت دقت ہوتی تھی جس وجہ سے اکثر دو دو ہفتے گاڑی پر نہیں جاتا تھا۔ ایک روز اسی طرح دودھ اکٹھا کررہا تھا کہ ایک گھر میں بزرگ اپنے پاؤں کی مالش کررہے تھے ان سے پوچھا یہ کون سا تیل ہے؟ تو انہوں نے بتایا کہ یہ ''کراماتی تیل'' ہے جو میرا بیٹا لاہور سے لایا ہے پرانی دردوں کے لیے لاجواب چیز ہے۔ میں نے ان کے بیٹے سے ایڈریس لیا اور لاہور آتے ہی کام سے فارغ ہوکر عبقری دواخانہ آگیا اور تین بوتل تیل کی لیں اور لکھی ہوئی ہدایت کے مطابق استعمال شروع کیا اللہ کے کرم سے ایک ماہ کے مسلسل استعمال سے میرا درد ٹھیک ہوگیا۔ میں رات کو سوتے وقت تیل کو نیم گرم کرکے پاؤں کی اچھی طرح مالش کرواکر گرم پٹی باندھ کر سوجاتا تھا اور صبح اٹھ کر پھر تیل کی مالش کرکے گرم جرابیں پہنا کر کام پر نکل جاتا تھا اللہ پاک نے مجھے اس کی بدولت شفاء دے دی۔ (ذوالفقار چیمہ، شرقپور شریف)

گھر سے لڑائی جھگڑا کا خاتمہ یقینی
لاہوتی نقش صفحہ 41 پر ملاحظہ کریں

ڈائیلاسز سے نجات کیلئے خالص جڑی بوٹیوں سے بنی گردی استعمال کریں
مخصوص دوائی فائدے بے شمار
گردی
گردے کے مریض کو جہاں شفایابی کا ذریعہ بنتی ہے وہاں مرض کی وجہ سے کمزوری، ضعف اور نقاہت کو فوری ختم کرتی ہے
کمزور گردے | مثانے کی پتھری | یوریا یورک ایسڈ
قیمت 250/-

# درود پاک! قرض ادا ہو کبھی مقروض نہ ہونگے

محمد کامران طور، تلہ گنگ

## وظائف حصول رزق

حضرت ابو درداء فرماتے ہیں کہ جو شخص ہر دن مومن مرد اور مومن عورتوں کے لیے 25 یا 27 مرتبہ مغفرت کی دعا کرے گا تو وہ ان مستجاب الدعوات لوگوں میں سے ہوگا جن کی وجہ سے زمین والوں کو رزق دیا جاتا ہے۔ (حصن، ص ۲۱۷ طبرانی)

''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ '' (حصن عن ابی یعلی)

ترجمہ: اے اللہ! رحمت فرما محمد (ﷺ) پر جو تیرے بندے اور رسول ہیں اور تمام مومنین و مومنات و مسلمین و مسلمات پر بھی رحمت نازل فرما۔

## درود شریف ادائیگی قرض

''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ'' ظہر کی نماز کے بعد درود شریف 100 مرتبہ پڑھنے والے کو تین باتیں حاصل ہوں گی۔ (۱) کبھی مقروض نہ ہوگا۔ (۲) اگر قرض ہوگا تو ادا ہو جائے گا جتنا بھی قرض ہو۔ (۳) قیامت کے دن اس کا کوئی حساب نہ ہوگا۔ (ذریعہ الوصول، ص ۱۶۲)

## یہ دعا پڑھیے! بہترین رزق نوازا جائے گا

حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح میں یہ دعا پڑھ لے تو اس دن بہترین رزق سے نوازا جائے گا اور برائیوں سے محفوظ رہے گا اور جو شام کو پڑھ لے تو اس رات بہترین رزق سے نوازا جائے گا اور برائیوں سے محفوظ رہے گا۔

دعا: ''مَاشَآءَ اللّٰهُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ '' (وہی ہوگا جو اللہ چاہے نہ کوئی طاقت نہ قوت سوائے اللہ کے میں گواہی دیتا ہوں اللہ پاک ہر شے پر قادر ہے)۔

## تنگی رزق کا نبوی علاج

حضرت ابن عمر سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا تم کو اس بات سے کون سی چیز روکتی ہے کہ جب تنگی معیشت ہو تو جب گھر سے نکلو تو یہ پڑھو۔ ''بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی نَفْسِیْ وَمَالِیْ وَ دِیْنِیْ. اَللّٰهُمَّ رَضِّنِیْ بِقَضَآئِكَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْمَا قُدِّرَ لِیْ حَتّٰی لَا اُحِبَّ تَعْجِیْلَ مَا اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِیْرَ مَا عَجَّلْتَ '' (اللہ کا نام اپنی جان، مال و دین پر، اے اللہ اپنے فیصلے سے راضی فرمادے اور جو مقدر فرمائیں اس میں برکت عطا فرما تاکہ جسے آپ تاخیر سے دیں اس میں جلدی اور جسے آپ جلدی نوازیں، اس میں تاخیر نہ چاہوں)۔ (نزل الابرار ۲۶۴، ابن سنی ۳۵۰)

## دنیا اور آخرت کے امور کی کفالت

حضرت ابو درداء سے مروی ہے کہ جو صبح و شام اس دعا کو سات مرتبہ پڑھ لے گا اللہ پاک اس کے دنیا اور آخرت کے اہم امور میں کافی یعنی نگہبان ہوجائے گا۔ (ابوداؤد)

''حَسْبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ '' (کافی ہے ہمیں اللہ، نہیں کوئی معبود سوائے اس کے، اس پر بھروسہ کرتا ہوں وہ بزرگ ترین عرش کا مالک ہے۔'' (ابن سنی ۶۷، ابو داؤد ۵۸۱)۔

(بحوالہ، یہ پانچ وظائف سید عبدالوہاب شاہ بخاری مدظلہ کی کتاب ''وظائف حصول رزق'' سے لیے گئے ہیں)۔

# وہ سانپ نہیں جن تھا! جسے ہم نے مار دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک واقعہ ہمارے ساتھ ایسے پیش آیا کہ میں لاہور دوائی لینے گئی ہوئی تھی میں عشاء کے وقت گھر پہنچی تو گھر والے سارے گھر کے فرش دھو رہے تھے میں نے حیرانگی سے پوچھا کہ اس وقت فرش دھونے کی کیا ضرورت تھی؟ پھر انہوں نے بتایا۔ میری بیٹی اندر کمرے سے کوئی چیز لانے کے لیے گئی تو زور سے چیخ مار کر باہر بھاگ آئی اندر قالین کے اوپر ایک بڑا سا سانپ بیٹھا تھا اس کے والد نے اندر جا کر اس کو ڈنڈے سے مارا اتنا خون سانپ سے نکلا کہ قالین سارا خون سے بھر گیا پھر سانپ کو اٹھا کر باہر لانے لگے تو برآمدہ میں گر گیا برآمدہ خون آلود ہوگیا وہاں سے اٹھا کر باہر صحن میں لائے صحن میں خون ہی خون ہوگیا سب حیران تھے سانپ میں اتنا خون کیسے نکلا جبکہ کئی دفعہ سانپوں کو مارنے کا اتفاق ہوا کبھی اتنا خون نہیں نکلا۔ میرے میاں کہنے لگے کہ اصل میں یہ سانپ تھا ہی نہیں بلکہ جن تھا جس نے سانپ کا بھیس بدلا ہوا تھا۔ بیٹی نے جو اذان اور تسبیح والا وظیفہ پڑھا اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اس جن کے اوپر ہمارا غلبہ دیا اور اس کے شر سے نجات مل گئی۔ پھر ہم نے محسوس کیا بیٹی کو اس کے بعد بخار چڑھنا ختم ہوگیا اور جلد ہی بیٹی کا رشتہ بھی ہوگیا اور شادی بھی۔ حالانکہ اس سے پہلے بیٹی کے رشتہ کے بہت زیادہ مسائل تھے' لوگ دیکھنے آتے' دیکھ کر چلے جاتے' کوئی انکار کردیتا اور کسی کی طرف سے جواب کا انتظار ہی رہتا یعنی وہ اتنی اہمیت بھی نہ دیتے کہ انکار ہی کردیں۔ بہت پریشانی تھی' مگر جب سے وہ سانپ نما جن ظاہر ہوا اور مرا' اس کے بعد بیٹی صحت مند بھی ہوگئی' اور رشتہ بھی طے ہوگیا۔

مجھے اس لیے یقین ہوگیا کہ وہ سانپ نہیں کوئی جن تھا کیونکہ میں نے شیخ الوظائف کے ''حال دل'' مضمون میں اس طرح کا کالم پڑھا تھا' جس میں شیخ الوظائف نے سانپوں کے اوپر تفصیل سے بات کی تھی کہ جنات اکثر سانپ کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں خاص طور پر جب ان کی موت قریب ہو' یعنی جس جن نے مرنا ہوتا ہے وہ سانپ کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے' اسی لیے کہتے ہیں کہ جب سانپ سامنے آئے اس سے ایک مرتبہ پوچھ لیں کہ اگر جن ہو تو چلے جاؤ ورنہ ہم تمہیں ماردیں گے' اگر وہ نہ جائے تو اسے ماردیا جائے۔ یہ وظیفہ کا ہی کمال تھا کہ وہ جن جو ہمیں پریشان کررہا تھا اسے سانپ کی شکل میں ہمارے سامنے لا کھڑا کیا اور ہم نے اسے ختم کردیا۔ (س، گجرات)

بستر پیشاب شفاء
نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ
مگر اب نہیں!
اچانک پیشاب کا نکل جانا
بار بار پیشاب آنا
مثانہ کی کمزوری
قیمت 150/- روپے
علاوہ ڈاک خرچ

# آپ کا سوال حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

(1)۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ (2)۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ، یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران انتشار، بے کلی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ (3)۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ (4)۔ مستقل پڑھیں، جلدی نہ کریں۔ (5)۔ تمام گھر والے پڑھیں ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ (6)۔ بعض جادو، جنات، بندشیں، اثرات، مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ (7)۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ (8)۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

علی احسن منیب، چکوال۔ مجیداں نسیم لطیف، یو ایس اے۔ رفعت سعیدہ، لاہور۔ افشاں، فیصل آباد۔ روبینہ کوثر، فیصل آباد۔ صبغان انجم، سیالکوٹ، بشارت علی، بھلوال۔ محمد سعید، ڈجکوٹ۔ ذوالفقار احمد، منڈی بہاؤالدین۔ محمد حمزہ، کوٹ چھمی۔ کرن اعجاز، کوٹ چھمی۔ نورین، پشاور۔ عظمیٰ جاوید، راولپنڈی۔ جاوید اختر، حویلیاں۔ راشد علی، لاہور۔ ڈاکٹر شمس الدین، عمرکوٹ۔ سمیرا اظہر، کوٹ چھٹہ۔ عروسہ ارشد، سرگودھا۔ شائستہ پروین، کراچی۔ محمد خالد، اٹک۔ زارا طارق، پوشیدہ۔ امیر حسن، تھرپارکر۔ سدرہ ناز، بھلوال۔ محمد عرفان علی، بھلوال۔ مقصودہ بی بی، بھلوال۔ شائستہ، فیصل آباد۔ صائمہ بتول، بھلوال۔ مہرین صدیقی، لاہور۔ نکہت انجم، سیالکوٹ۔ حافظہ خالدہ اسحاق، سانگلہ ہل۔ عابدہ پروین، سانگلہ ہل۔ زرینہ بیگم، باغ۔ محمد عمر، سرگودھا۔ عبدالرشید، ایبٹ آباد۔ راشدہ اشفاق، سرگودھا۔ عمران، افشاں، کراچی۔ عابدہ خالد، اٹک۔ کرن شہزادی، پاکپتن۔ صابرہ بی بی، جھنگ۔ تبسم ناز، خانیوال۔ عروج ظفر، پتوکی۔

فرحانہ ثناء اللہ، لاہور۔ ارم، سرائے صالح۔ آریز، کراچی۔ مختار احمد، حافظ آباد۔ غلام مرتضیٰ، رحیم یار خان۔ عبدالخالق خان، کراچی۔ سکندر حیات، تلیال۔ عبدالقادر خان، پشاور۔ رضیہ سلطانہ، گوجرہ۔ پشما بلال، لاہور۔ سید صوفی علی شاہ گیلانی، کوہاٹ۔ رابطہ، پوشیدہ۔ محمد عدیل آصف، ملتان۔ نورین ممتاز، خانپور۔ فروا، لاہور۔ شیر اعظم، کے ٹی ایس۔ شمائلہ فردوس، ساہیوال۔ اظہر سلطان، گوجرانوالہ۔ شمیم اعوان، پشاور۔ طلعت بخاری، اٹک۔ رخسانہ ناہید، کراچی۔ عبدالولی، کوئٹہ۔ محمد اکبر، واہ کینٹ۔ یاسمین عباس، سمبڑیال۔ شمشاد یاسمین، لاہور۔ عائشہ، کلورکوٹ۔ شاہین بیگم، للھڈ

وسیلہ، کراچی۔ زینب فاطمہ، جڑانوالہ۔ صفدر منیر، گجرات۔ ساجدہ، شیخوپور۔ حمیرہ نور، جتوئی۔ رضوان الحق، گوجر خان۔ محمد شعیب، سلانوالی۔ عتیق الرحمن، فیصل آباد۔ سفینہ یعقوب، راولپنڈی۔ گل نواز، راولپنڈی۔ قاری محمد اقبال فریدی، رینالہ خورد۔ عنا نورین، بوچھال کلاں۔ صبیحہ، ٹنڈو محمد خان۔ محمد طاہر، جھنگ۔ محمد عمران، ڈایرانوالہ۔ عرفان خان، اسلام آباد۔ ارم شہزادی، گوجرانوالہ۔ محمد اشفاق خان، باغ۔ محمد نعیم لودھی، لاہور۔ ماریہ احمد لودھی، لاہور۔ محمد احمد لودھی، لاہور۔ محمد اشفاق خان، باغ۔ عنصر محمود، ملک وال۔ صباء تسکین، منڈی بہاؤالدین۔ نگینہ کوثر نواز، گجرات۔ طاہرہ کاشف، اسلام آباد۔ رابعہ، نواب شاہ۔ محمد اعجاز، باغبانپورہ۔ عبدالخالق، خیرپور ٹامے والی۔ شرافت، پشاور۔ محمد اسد بشیر، لاہور۔ فاطمہ نور، فاروق آباد۔ عبدالرحیم، گجرات۔ ظہیر حسین، وہاڑی۔ شہزاد احمد، لاہور۔ ایم زاہد، ملتان۔ نگہت، کہوٹہ۔ مریم شہزادی، لاہور۔ ساجد وحید، کوہاٹ۔ حاجی غلام صدیق، کرک۔ مہناز اقبال، جہانیاں۔ محمد ذیشان لطیف، میلسی۔ کوثر پروین، باغ۔ سعدیہ شاہین، دینہ۔ تہمینہ رمضان، ننکانہ صاحب۔ خدیجہ، کوٹ مومن۔ محمد سعید احمد قاضی، راولپنڈی۔ محمد صادق، ملتان۔ اشفاق احمد، کراچی۔ محمد عتیق عابد، تلہ گنگ۔ عبدالغنی، شیخوپورہ۔ مریم بی بی، چوک اعظم۔ محمد ابراہیم، جہلم۔ محمد ابراہیم، کراچی۔ محمد جاوید کیانی، مظفر آباد۔ سرور جہاں، کراچی۔ محمد حسن، کراچی۔ آمنہ رضوان، لاہور۔ صاعقہ، صوابی۔ رضوانہ بی بی، ڈیرہ اسماعیل خان، تنویر احمد، راجن پور۔ سائرہ رزاق، لاہور۔ سہیل عامر، گوجرہ۔ سعید احمد، جھنگ۔ محمد اشفاق، حیدر آباد۔ محمد صہیب، سیالکوٹ۔ محمد اجمل، لیاقت آباد، شاہین، میرپور خاص۔ شاہانہ پروین، کراچی۔ مقصود اختر، راجن پور۔ محمد قمر شہزاد، پنڈ دادنخان۔

## آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

آپ تمام درج ذیل عمل کریں۔ ایک وقت مقرر کرلیں چاہے آپ پہلے تھوڑا تھوڑا وقت دینا شروع کردیں تو پھر بیٹھ کر اس کو بغیر تسبیح اٹھائے وجدان کے ساتھ دل ہی دل میں یَالَطِیْفُ یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ اس کو پڑھنا شروع کردیں۔ روزانہ پڑھتے رہیں' باوضو بیٹھیں قبلہ رخ بیٹھیں اس کو پڑھنا شروع کردیں۔ اگر کبھی وقت جو مقرر ہے اور جو جگہ مقرر ہے اس میں کمی بیشی ہوجائے تو بھی کوئی حرج نہیں وقت بدل بھی سکتا ہے جگہ بدل بھی سکتی ہے لیکن اس کو پڑھنا نہ چھوڑیں اور پڑھتے رہیں پڑھتے رہیں۔ **یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔ پھر قدرت ربی کا کرشمہ دیکھیں' غیب کے خزانے ملیں' آپ کے مسائل' مشکلات حل اور دلی مرادیں پوری ہوں گی۔**

**نوٹ: اس سے پہلے کوئی وظیفہ کر رہے ہیں تو اس کی بھی اجازت ہے۔**

شائستہ بیگم، ہری پور۔ عبدالرشید، گجرات۔ رابعہ، کراچی۔ منزہ، سعدیہ، کراچی۔ ثمینہ ہمایو، گوجرانوالہ۔ حمیرا عثمان، لاہور۔ ہما ناز، لاہور۔ حنانہ سعید، لاہور۔ نادیہ، لاہور۔ شاہ زمان، راولپنڈی۔ شکیلہ اختر، کاموکی۔ طیبہ عامر، لاہور۔ محمد آصف نواز، میانوالی۔ عائشہ بخت، پوشیدہ۔ منزہ پروین، لودھراں۔ سروری، فیصل آباد۔ سلمیٰ پروین، پوشیدہ۔ محمد اسماعیل، سکھر۔ اسلم علی، سکھر۔ ریحانہ حمید، پوشیدہ۔ سائرہ پروین، حیدر آباد۔ صادق امین، ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ رفعت سلطانہ، عارفوالہ۔ حسیب جنید، خانپور۔ سحرش، پوشیدہ۔ فوزیہ نورین، فتح جنگ۔ طاہرہ جبین، کوہاٹ۔ نیلوفر اسلم، لاہور۔

شریف۔ ارشد علی سومرو، مورو سندھ۔ عبدالقدیر، بھمبر۔ نیلم شہزادی، خانیوال۔ عائشہ اعظم، مخدوم پور۔ صہیب رضا خان، کراچی۔ ساجد رضا خان، کراچی۔ عبدالعزیز، شورکوٹ۔ شازیہ بی بی، اسلام آباد۔ منزہ بلقیس، مخدوم پور۔ ممتاز خالد، لاہور۔ نازیہ پروین، بھکر۔ ارسہ طاہر، نارووال۔ فرح انجم، فیصل آباد۔ قاری محمد اقبال فریدی، رینالہ خورد۔ عطیہ صباء، کلرسیداں۔ ریاض حسین سیال۔ ملتان۔ سعدیہ حنیف، گوجرانوالہ۔ سلطان، میانوالی۔ حسیب، خانیوال۔ عرفانہ بی بی، اٹک۔ نثار خان، پنڈی گھیپ۔ عبدالرافع، چکوال۔ شائستہ، فیصل آباد۔ فاطمہ، پشاور۔ آمنہ، رضیہ، فیصل آباد۔

بانجھ پن نسلوں میں بھی نہیں ہوگا
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

معذور اپاہج لوگوں کیلئے نئی زندگی
معجون شفایابی قیمت -/550 روپے
پولیو کا شکار
ڈسک پرابلم
ٹیڑھے پاؤں
لنگڑاپن
گردن مڑ گئی ہو
مہروں کے درد کیلئے لاجواب

# جانور کو زخموں سے نجات دلانے کے دو آزمودہ ٹوٹکے

عرفان یوسف، اٹک

## جانوروں کے زخم میں کیڑے پڑ جائیں تو

تارپین کا تیل لے کر اس میں تھوڑا سا سرسوں کا تیل حل کریں۔ زخم والی جگہ کو نیم گرم پانی سے دھوئیں اور روئی کی مدد سے تیل ٹپکا دیں اس کے بعد کپڑا باندھ کر زخم بند کردیں۔ (زہرہ مشتاق، منڈی بہاؤالدین)

## گھر میں مرغیاں پال رکھی ہیں تو متوجہ ہوں!

ہم نے گھر میں چھ سے سات مرغیاں رکھی ہوئی تھیں جن میں دو مرغے بھی تھے۔ ایک دن ہم دکان سے گھر آئے بیٹے نے ایک مرغی کو اٹھایا ہوا تھا اور رو رہا تھا کہ میری مرغی زخمی ہوگئی ہے اسے ڈاکٹر کے پاس لے جائیں وہ ضد کررہا تھا۔ ہم نے ڈاکٹر کو فون کیا اس نے فون نہیں اٹھایا' میں نے مرغی ذبح کرنے کا ارادہ کیا۔ لیکن بیٹا نہ مانا، ہم پریشان ہوگئے کہ اب کیا کریں پھر میں نے طب نبوی کتاب پڑھنا شروع کی اس میں کچھ مل جائے میری بیوی مسلسل درود شریف پڑھ پڑھ کر اس پر پھونکتی رہی۔ ہم نے طب نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں یہ پڑھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو زندگی میں ایک کانٹا بھی چبا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مہندی لگائی۔ مرغی کا سر دوسری مرغیوں نے کاٹ کاٹ کر اتنا زخمی کیا ہوا تھا کہ اس کی جلد بالکل اتر گئی تھی اور نیچے سے ہڈی یا دماغ چلتا ہو نظر آرہا تھا۔ اس کا منہ سارا سوجھا ہوا تھا ہم نے اس پر مہندی ڈالی تو اس نے درد کی وجہ ے سر جھاڑ دیا مہندی لگ گئی پھر ہم نے سوچا کہ ہم کیا کریں پھر ہم نے طب نبوی سے پڑھنا شروع کردیا اس میں ہم نے زیتون کے بارے میں پڑھا ہم نے تھوڑا سا زیتون ایک پیالہ جو سٹیل کا تھا اس میں لے کر نیم گرم کرکے مرغی کے سر پر لگایا اور اس پر مہندی چھڑک دی ہم نے اس مرغی کو باقی مرغیوں سے علیحدہ کردیا اور صبح و شام اس کے زخموں پر مہندی لگاتے رہے۔ دوسرے دن شام کو پتہ چلا کہ آج مرغی نے دانہ صحیح کھایا ہے اور سوجن بھی اُتری ہوئی تھی ایک ہفتے کے استعمال کے بعد مرغی کی جلد جو میں سمجھتا تھا کہ زخم ٹانکوں کے بغیر نہیں ٹھیک ہوگا وہ جلد خود بخود جڑ گئی۔ اس کے سر پر بال بھی آگئے۔ یہی نسخہ میں نے اپنے بھتیجے پر بھی آزمایا اس کے ایکسیڈنٹ میں ٹانگ میں بہت گہرا زخم تھا اور اس میں پیپ پڑ گئی تھی اسے پندرہ دن ہوگئے لیکن آرام نہیں آتا تھا ہم نے یہی نسخہ اس پر آزمایا ایک دفعہ سے ہی اس کے پاؤں کی پیپ نکل گئی اور زخم بھرنا شروع ہوگیا اور یوں وہ ایک ہفتے میں بالکل ٹھیک ہوگیا۔

## کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو'یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

**جانور شفاء:** سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند' سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت -/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# ادھار ایک جادو ہے! جس نے لیا غائب ہوگیا

تجربات رومی — قسط نمبر 22

رومی احمد پوری

قارئین السلام علیکم! گزشتہ نومبر کے مہینے میں' میں لاہور اکبری منڈی تجارت کے سلسلے میں گیا۔ پہلے بھی کئی مرتبہ لاہور دہلی گیٹ کے پررونق نظارے دیکھے تھے' اس مرتبہ بھی موقع ملا۔ سب سے پہلے جاکر ہم نے ایک مزار پر فاتحہ پڑھی جو کے دہلی گیٹ کے دائیں طرف واقع ہے۔ میرے ساتھ میرے والد صاحب مدظلہ اور ہمارے ایک مخلص پرانے ساتھی تھے۔ جب ہم لاہور اکبری منڈی کے شور وغل میں داخل ہوئے تو سب سے پہلے مغلیہ دور حکومت کے شاہی حمام دیکھنے کو ملا۔ شاہی حمام اس زمانے میں مسافروں کے لیے بنائے گئے تھے تاکہ وہ سفر کے بعد حمام سے غسل کرکے شہر میں داخل ہوں۔ دکانداروں سے اپنا کام کرتے کرتے ایک بندے سے ملاقات ہوئی جو کہ ننگے سر اور ماسک لگا کر بازار میں جارہے تھے۔ والد صاحب مدظلہ نے فرمایا ''انگریز کے کہنے پر آپ نے ماسک لگا لیا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کہنے پر آپ نے سر نہیں ڈھانپا''۔ بازار میں مغل بادشاہ اکبر کے زمانے کی عمارتیں دیکھ کر دل کو فرحت ملی کیونکہ مجھے تاریخ پڑھنے کا اور تاریخی چیزوں کو دیکھنے کا بہت شوق ہے پھر ہم ایک دکان پر گئے جہاں اپنے کام کرنے کے دوران میں نے ایک تختی پر سنہری لفظوں میں چند الفاظ لکھے ہوئے دیکھے جسے پڑھ کر مجھے دھچکا سا لگا۔ وہ الفاظ یہ تھے ''اُدھار ایک جادو ہے، جو لیتا ہے وہ غائب ہوجاتا ہے'' دوکاندار بیچارے اس شکوے سے گھیرے ہوئے تھے کہ جو ہم سے پیسے لے کر جاتا ہے وہ واپس نہیں کرتا اور کئی غیر ملکیوں نے ہمارے ساتھ دھوکہ کیا۔ کسی اور دکان پر میں کیا دیکھتا ہوں ''ادھار آپ کے وقار اور ہمارے اخلاق کا بدترین دشمن ہے''۔

قارئین! حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔ جب آپ مدینہ ہجرت کرکے آئے تھے تو بالکل خالی تھے۔ انہوں نے اپنی تجارت کہ چند اصول بنائے تھے جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ''نہ اُدھار لینا اور نہ ہی دینا ہے''۔ یاد رکھیئے! حقوق اللہ معاف ہوجاتے ہیں لیکن حقوق العباد معاف نہیں ہوتے۔ جب بندہ حج کرلیتا ہے تو اللہ فرماتا ہے کہ میں نے تیرے سارے گناہ معاف کردے سوائے اگر کسی کی تو نے رقم دینی ہو اس کے علاوہ۔ ہمارے پیارے نبی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی قرض دار کا جنازہ نہیں پڑھاتے تھے۔ ہماری کامیابی کے صرف دو اصول ہیں وہ صرف سچائی اور ایمانداری ہیں۔ حضور نبی اکرم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''میرا اُمتی ہر گناہ کرسکتا ہے ایک جھوٹ نہیں بول سکتا، دوسرا دھوکہ نہیں دے سکتا''۔ آج کل ہمارے معاشرے میں اکثر لوگ جھوٹ اور دھوکے پر چل رہے ہیں اور یہی ناکامی کی وجہ ہے جسے وہ لوگ سمجھ نہیں رہے۔ بعض نادان تاجر کہتے ہیں کہ جھوٹ کے بغیر تجارت ممکن نہیں ہے۔ ان تاجروں کو کیا پتہ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے ایسی تجارت کی کہ جب وفات پائی تو تین ارب دس کروڑ بیس لاکھ دینار چھوڑ کر گئے اور ایک دینار غالباً آج کل 600 روپے کے قریب ہے۔ ان کے کامیابی کے رازوں میں ایک راز یہ بھی تھا کہ ''نہ اُدھار لو اور نہ دو''۔ (باقی صفحہ نمبر 57 پر)

کیل مہاسے چھائیاں داغ دھبے
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
دیسی کریم
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں قیمت -/500 روپے
خالص جڑی بوٹیوں کا کمال

قرض سے چھٹکارا کے لیے لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

## نظام ہضم کے لیے

ھوالشافی: ورچ کی جڑ، ہریڑ خورد دونوں برابر وزن لیکر باریک کریں ہریڑ کی گٹھلی علیحدہ کرلیں اور صرف چھلکا باریک کرنا ہے اور باریک کپڑے میں چھاننا ہے دونوں مکس کرکے چھوٹے بچہ کے لیے چنے کی دال کے برابر دن میں ایک بار یا دوبار دیں نظام ہضم درست رہے گا۔ بڑوں کے لیے آدھا چمچ پانی کے ساتھ دن میں دوبار دیں لاجواب چیز ہے۔

# دس سال سے لاعلاج بلڈ پریشر سرس سے ٹھیک!

عبدالرشید، نارووال

## ہائی بلڈ پریشر کے لیے

یہ نسخہ عبقری میں شائع ہوا تھا۔ سرس اور کلونجی برابر وزن لے کر کیپسول بھر لیں ہائی بلڈ پریشر کے لیے لاجواب چیز ہے صبح، دوپہر، شام ایک ایک کیپسول لیں۔ مجھے ایک ڈاکٹر صاحب ملنے آئے ساتھ میں ان کی اہلیہ بھی تھی کہنے لگے دس سال ہوگئے ہیں ہمیں ہائی بلڈ پریشر کا علاج کرواتے ہوئے اسلام آباد، لاہور کے بڑے بڑے ڈاکٹرز سے بھی مشورہ لے چکے لیکن مسئلہ حل نہیں ہوا بلکہ بیماری دن بدن بڑھتی ہی گئی کہیں سے بھی آرام نہ ملا۔ اللہ پاک نے اس نسخہ سے ہائی بلڈ کو نارمل کردیا اب اکثر کم ہوجاتا ہے تو میں دوائی کا ناغہ کرلیتی ہوں۔ دس سال بعد اس دوا کے مل جانے کے بعد اب سکون محسوس ہوا ہے۔

## بینائی تیز، موٹاپا ختم

میری ساس کی عمر تقریباً 100 سے اوپر ہے اب بھی حیات ہیں وہ کہتی ہیں کہ میں نے اس نسخہ کو اپنے اوپر آزمایا بلکہ اس نسخہ کو کھانے سے بے شمار فوائد ہیں سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس سے جسم، پیٹ نہیں پھولتا اور بینائی تیز رہتی ہے۔ اب بھی میں 100 سال کی ہونے کے باوجود سوئی میں دھاگہ ڈال لیتی ہوں اور کوئی دقعت نہیں ہوتی اور اب بھی تندرست ہوں اور آج تک کوئی بھی سنگین بیماری نہیں ہوئی۔ ان کی صحت کا راز روحانی عمل بھی ہیں۔ تہجد گزار اور روزانہ تیسرے کلمہ کی تسبیح ایک ہزار مرتبہ پڑھنا معمول ہے اور بھی ان کے اعمال ہیں جو وہ کرتی ہیں۔ نسخہ یہ ہے: مکھن اور کالی مرچ پسی ہوئی لیکر روزانہ صبح نہار منہ مکھن حسب معمول جس میں مرچ سیاہ مکس ہوجائے کھالیں۔ مرچ سیاہ ایک چھٹانک کا دسواں حصہ مکھن میں شامل کرنا ہے۔ ان شاء اللہ پیٹ نہیں بڑھے گا، موٹاپا نہیں آئے گا، بینائی تیز رہی گی۔

## زچہ بچہ کے ہاضمہ کے لیے

زچہ بچہ کے لیے ان کا ایک نسخہ یہ بھی ہے کالی مرچ ایک چھٹانک، دارچینی ایک چھٹانک۔ کالی مرچ مکھن کے ساتھ اور دارچینی کو دودھ میں ابال کر پلائیں ماں کا ہاضمہ بھی درست رہے گا اور بچے کا بھی۔

# خارش جیسی بھی ہو تین دن کے اندر ختم!

محمد عثمان، چکوال

میرے تجربے میں ایک نسخہ خاص ہے جو کہ میں نے خارش اور شدید قسم کے دانوں کے لیے بھی استعمال کیا بہت سے لوگوں کو بتایا اور بنا کر بھی دیا ہے۔ نسخہ: کالی رس، مصبر، سرونج شریں، سونٹھ چاروں چیزیں ہموزن ملا کر چنے کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں۔ صبح وشام ایک ایک گولی دیں ان شاء اللہ شفاء ملے گی۔ مجھے خود لنگڑی کا درد ہوا تو ایک بابا جی نے مجھ سے پوچھا کہ ایسے کیوں چل رہے ہو کیا ہوا تو میں نے بتایا کہ مجھے اپنی ایک ٹانگ میں درد ہے' درد بھی ایسا کہ سمجھ نہیں آتی کیا ہے؟ پاؤں کی ایڑی تک درد ہوتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ عرق النساء ہے میں نے کہا عرق النساء کیا ہے؟ تو فرمانے لگے لنگڑی کا درد پھر انہوں نے مجھے گولیاں دیں میں نے جب تین چار دن گولیاں کھائیں تو آرام آ گیا۔ پھر میں نے ان سے گولیوں کا نسخہ لیا۔ اب تو میں نے لوگوں کو بھی بتانا شروع کر دیا۔ یہ نسخہ خارش پر بھی استعمال کیا مفید پایا۔ میرے اپنے بچوں کو وبائی خارش ہوگئی۔ ہر قسم کے علاج کے باوجود ٹھیک نہ ہوئی۔ یہ نسخہ گھر بنا ہوا تھا۔ بڑے بچے نے کہا ابو میں یہ گولیاں کھانے لگا ہوں۔ میں نے اجازت دے دی تو اس کو تیسرے دن خارش کا آرام آ گیا پھر میں نے سب بچوں کو روزانہ ایک گولی دینی شروع کر دی تقریباً ایک ہفتے کے اندر سب کے دانے اور خارش ٹھیک ہوگئی۔

# دوران زچگی آپریشن' کمر درد عمر بھر کا روگ' مگر اب نہیں

ام عائشہ' لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ہاں بچوں کی پیدائش آپریشن کے ذریعے ہوئی' مجھے کمر میں ٹیکہ لگایا تھا' اس کے بعد سے میری کمر میں شدید درد رہنے لگ گیا' پین کلر گولی کھالیتی کچھ دن آرام رہتا' مگر مستقل درد ہر وقت پریشان رکھتا۔ مجھے میری والدہ نے یہ نسخہ بنا کر کھانے کیلئے کہا۔ میں نے بتائی گئی ترکیب سے کھایا تو الحمدللہ دوبارہ مجھے کمر درد نہیں ہوا۔ نسخہ یہ ہے

ھوالشافی: تھوڑا سا دیسی گندم کا آٹا لیکر توے پر بغیر گھی کے بھون لیں اور روز رات کو ایک سے دو چمچ (بڑا کھانے کا چمچ) دودھ کے ساتھ کھالیں۔ سات دن کھانے کے بعد سات دن وقفہ اور دوبارہ سات دن کھالیں۔ ان شاء اللہ فرق پڑے گا۔ یہ میرا آزمودہ ہے۔

انتہائی سادہ اور سستا ترین نسخہ ہے مگر اس کے استعمال سے کمر کا درد بالکل ٹھیک ہوجاتا ہے۔ جب والدہ نے مجھے بتایا اور کہا کہ صرف دیسی گندم کا آٹا بھون کر کھانا ہے تو میں نے مذاق سمجھا اور کہا کہ صرف آٹے سے کیا ہوگا' مگر والدہ کے سمجھانے اور بتانے پر کہ ایک مرتبہ کھا کر دیکھ لو اگر فرق پڑ گیا تو ٹھیک ورنہ نہ کھانا' چونکہ یہ نسخہ مہنگا بالکل بھی نہیں تھا اور باہر سے کوئی چیز بھی خرید نہیں کرنی تھی' صرف گھر سے گندم کا آٹا لیکر توے پر بھون کر بتائی گئی ترکیب سے ہی کھانا تھا میں نے سوچا چلو کر کے دیکھ لیتی ہوں' یقین کیجئے سات دن مسلسل کھانے کے بعد اگلا پورا ہفتہ میری درد حیرت انگیز طور پر بہت کم ہوچکی تھی' پھر سات دن کا وقفہ کرنے کے بعد اگلے سات دن کھایا تو مجھے محسوس ہوا کہ جیسے میں نے بہت ہی طاقتور کوئی ٹانک استعمال کرلیا ہے۔ اگر دیسی گندم کا آٹا آپ کو دستیاب نہیں ہے تو گندم لے کر اس کو توے پر بھون لیں اور اس کو پیس لیں۔ پھر یہی پسا ہوا آٹا دو بڑے چمچ دودھ کے ساتھ کھائیں۔ خواتین کیلئے تو بے مثال ہے اگر مرد حضرات بھی کمر یا جوڑوں کے درد میں مبتلا ہیں تو وہ بھی اس ٹوٹکے کو ضرور استعمال کریں' یقیناً انہیں بھی اتنا ہی فائدہ ہوگا جتنا کہ خواتین کو ہوتا ہے۔

بیرون ملک کا ویزہ نہیں لگ رہا
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر ملاحظہ کریں

لیکوریا شفاء قیمت -/150 روپے
خواتین کے پوشیدہ امراض کیلئے شفاء کا پیغام

# سعودی شہزادہ اور اس کی فٹنس کا راز

## ایک ایسا انوکھا راز جو مختصر لیکن سینے کی غاروں سے باہر نکلے

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر)

### بڑوں کی اولاد تھیں' انکار نہ کرسکا

مدینہ منورہ میں ایک دوست مجھے بار بار اصرار کررہے تھے آپ کبھی ہمارے گھر آئیں کیونکہ وہاں مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی اہمیت' کہیں دعوتوں میں آنا جانا نہیں ہوسکتا کیونکہ بڑوں کی اولاد تھیں آخر عشاء کی نماز کے بعد ان کے گھر گیا' انہوں نے جاتے ہی ایک قہوہ دیا دو چیزیں تھیں پر تھیں لاجواب' مختصر' قہوہ کا ذائقہ بہت لذیذ' نہایت لطیف' لذت سے لبریز ایسا کہ ذہن بار بار مانگے۔

### گھوڑوں کے دلچسپ تذکرے

موصوف گھوڑے کے بہت بڑے دلدادہ اور حیرت انگیز طور پر جب انہوں نے گھوڑوں کی نسلوں کا تذکرہ کیا میں خود حیران ہوگیا۔ کہنے لگے: میں پاکستان گیا تو وہاں کی سڑکوں پر میری چیخیں نکل گئیں اور میں ہائے ہائے کرتا رہا' میرا جی چاہے گاڑی رکواؤں' دروازہ کھولوں اور سامنے سڑکوں پر چلتا وزن اٹھائے گھوڑے کو پکڑلوں یا اس کے کوچوان کے پاؤں تھام لوں یا گھوڑے کے پاؤں تھام لوں۔ اتنی اعلیٰ نسلوں کے گھوڑے اور سڑکوں پر رلتے پھر رہے ہیں' پھر انوکھی بات کہی ٹھنڈی سانس لے کر کہنے لگے:

یہودیوں کے پاس تین تین سو جد کی نسلیں اور اس کا ریکارڈ ہے حتیٰ کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جتنے بھی گھوڑے تھے ان سب کی نسلوں کا ریکارڈ یہودیوں کے پاس ہے۔ ان گھوڑوں کا مزاج' ان کی طبیعت' ان کا رنگ' ان کی ہنہنانے کی آوازیں حتیٰ کہ ان کی لید کی کیفیت' ایک ایک لفظ ان کے پاس ہے۔ مجھے وہ گھوڑوں کی نسلیں، گھوڑوں اقسام، گھوڑوں کا مزاج بتارہے تھے ایک طرف پرطرف اور لذیذ تذکرہ اور دوسری طرف قہوہ کی چسکی چسکی میں راحت، لذت اور چاشنی بہت حیرت انگیز منظر اور حیرت کدہ نظام۔

میں ان کی باتیں سن رہا اور حیران ہورہا تھا لیکن گھوڑے کے تذکرے ختم ہوئے پر قہوہ کے تذکرے ختم نہ ہوئے۔

### لذیذ قہوے کے فوائد

بتانے لگے موٹاپا چربی بڑھا ہوا پیٹ' لٹکا ہوا جسم' اس قہوہ سے لاجواب ہوجاتا ہے، چہرے کی رنگت خراب ہوگئی ہو' ہلکے جھریاں اور سیاہ داغ پڑچکے ہوں' اس قہوہ کے استعمال سے حسن اور رعنائی واپس لوٹ آتی ہے' تیزابیت' گیس' معدہ میں تبخیر۔ خشکی جلن' اس کا فوری علاج ہے۔ موجودہ دور کی سوغات ٹینشن' ڈیپریشن' ذہنی تناؤ' کھچاؤ' دباؤ کا پر اثر تریاق ہے۔

### خراب گردے کا آزمودہ علاج

نیند کی کمی اجڑا دماغ اور دل اس کا بہترین ساتھی ہے' وہ فوائد بتارہے تھے میں حیرت سے دیکھ رہا تھا' کہنے لگے ہمارا خاندانی تجربہ ہے۔ مجھے ایک مخلص نے اس کا اور فائدہ بتایا وہ محسن فن ہیں' کہنے لگے: یہ قہوہ گردوں کو فیل ہونے سے بچانے کا بہترین علاج ہے' اگر گردے فیل ہوچکے ہیں تو قہوہ پینے سے گردے واپس صحت مند ہوجاتے ہیں یعنی یعنی موجودہ دور میں گردے' ڈائیلائسز' کریٹنن، یوریا، بڑھ جائے اور کسی چیز سے ختم نہ ہو تو یہ قہوہ دن میں چند بار پلائیں اور ہاں بلڈ پریشر سے تو اس سے بالکل ختم ہوجاتا ہے۔

### مہمانوں کی تواضع کیلئے' لاجواب سوغات

قارئین! تھوڑے سے فوائد بتائے ہیں' پر فائدے لاجواب ہیں' جب سے اس کا تذکرہ سنا سالہا سال سے لوگوں کو بتارہا ہوں مختصر چٹکلے سے لوگ مزے لوٹ رہے صحت کے بھی اور ذائقے کے بھی۔ آیئے! آپ بھی موسم گرما ہو یا سرما' بہار ہو یا خزاں' ہند ہو یا سندھ' یورپ ہو یا ایشیا' ہر موسم ہر فرد ہر مزاج کیلئے یکساں مفید ہے۔ اس کا قہوہ ضرور پیا کریں' مہمانوں کی تواضع کیا کریں اور مہمانوں کو اس کی سوغات بھی دیا کریں کیونکہ بقول میرے دوست محسن فن کے کہ زیرہ اکیلا گردے کیلئے بہت کامل اور بے مثال ہے اور طبی تجربات کے مطابق زیرہ اور دھنیا بلڈ پریشر اور ڈیپریشن کا بہترین علاج آزمودہ چٹکلہ اور بہترین تحفہ ہے۔ آئیں! آپ بھی اس تحفے سے نفع حاصل کریں۔ کیا خیال ہے بہترین تحفہ ہے۔ اب وہ چٹکلہ لکھ لیجئے۔ ھوالشافی: زیرہ سفید پچاس گرام (زیرہ سیاہ نہ ہو)۔ دھنیا خشک پچاس گرام۔ ہلکا کوٹیں' بس! اکٹھا کرکے سنبھال کر رکھیں۔ ایک چھوٹا چمچ ڈیڑھ کپ پانی میں ڈالیں' ابالیں' ایک کپ جب باقی رہ جائے تو چھانے بغیر پئیں بچا ہوا' دھنیا زیرہ چبائیں' نگل جائیں ورنہ قہوہ پی لیں۔ دن میں چند بار۔ بہترین اور لاجواب۔ یہ تھوڑے فوائد بتائے ہیں' استعمال کرنے کے بعد فٹنس کا راز آپ کو ملے گا کیونکہ میرے گھوڑے پالنے والے دوست نے بتایا کہ سعودی شہزادوں کا اس سے گھوڑوں کی وجہ سے بہت تعلق ہے' وہ یہ قہوہ پیتے ہیں فٹ رہتے ہیں' تندرست' نہ موٹاپا نہ بیماریاں یہ سعودی شہزادوں کا راز ہے مجھے ملا' امانتیں آپ تک پہنچا رہا ہوں' کوشش ہے کہ کفن میں امانتیں ساتھ لے کر نہ جاؤں آپ بھی اپنے تجربات ومشاہدات عبقری کے لیے ضرور لکھا کریں۔

### موسم سرما کے جلدی امراض میں میرے تجربات

محترم حکیم صاحب السلام علیکم اللہ تعالیٰ آپ کو بلکہ عبقری کی پوری ٹیم کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے کیوں کہ یہ واحد ادارہ ہے جو پوری دنیا میں مخلوق خدا کی خدمت میں دن رات مصروف ہے میں گزشتہ تین سال سے عبقری رسالہ کا مطالعہ کررہا ہوں اور اس میں سے ٹوٹکے پڑھ کر آزمائے ہیں' جہاں بڑی بڑی مہنگی ادویات کام نہیں کرتی وہاں چھوٹے چھوٹے معمولی سمجھے جانے والے ٹوٹکے کام کرجاتے ہیں۔ قارئین میں اپنے کچھ آزمودہ ٹوٹکے پیش کررہا ہوں آپ بھی ضرور آزمائے۔

1: چہرے کے دانوں کیلئے بازاری کھانے مرچ مصالحہ جات اب اور فاسٹ فوڈ کے زیادہ استعمال کرنے سے چہرے پر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آتے ہیں۔ اگر کسی کریم یا لوشن کے استعمال سے ختم نہ ہو تو دو لیٹر پانی میں چھ چمچ کھانے والا نمک حل کرکے اس سے کچھ دن چہرہ اور گردن کو دھوئیں ان شاء اللہ ایک ہفتے کے اندر اندر چہرہ صاف ہوجائے گا۔ 2: ہونٹوں کی خشکی اور زخم دور کرنے کیلئے اکثر سردیوں کے موسم میں بہت سے لوگوں کے ہونٹ خراب ہوجاتے ہیں اور خون آنا شروع ہوجاتا ہے اور کھانا کھانے کے دوران تکلیف ہوتی ہے۔ آپ کسی بھی کمپنی کا روغن بادام یعنی بادام کا تیل خرید لیں اور روزانہ صبح اور رات کو سوتے وقت اس تیل کو ہونٹوں پر لگالیں' تین دن کے اندر اندر آپ کے ہونٹوں سے خشکی اور زخم ختم ہوجائیں گے اور آپ کے ہونٹ نرم وملائم ہوجائیں گے۔ 3: جسم سے خشکی دور کرنے کیلئے اگر کسی کے جسم پر خشکی زیادہ ہو تو آپ خوشبو والے صابن حسن استعمال کرنا چھوڑ دیں دے' آپ نہانے کے لئے کپڑے دھونے والا صابن (صوفی سوپ) استعمال کریں اس سے آپ کے جسم سے خشکی ختم ہوجائے گی۔ (ج، لاہور)

قبض کی وجہ سے پیدا ہونے والے تمام امراض کا شافی علاج
دائمی قبض، جوڑوں کا درد اور یورک ایسڈ کیلئے باکمال قبض کشاء گولیوں کا مستقل استعمال موٹاپا دور کرتا ہے۔
قبض کشاء گولیاں قیمت -/150 روپے
بے اولادی کا نسلوں سے خاتمہ
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر ملاحظہ کریں

# ہر اُلجھن کی سلجھن

# پریشان، بدحال گھرانوں اور ذہنی طور پر اُلجھے افراد کے خطوط اور سلجھے جواب



## مجھ پر اعتبار ختم ہو جائے گا

میری بیٹی کی عمر تیرہ سال ہے وہ ساتویں جماعت میں ہے۔ اس کی سہیلیوں کے پاس موبائل ہے۔ ایک روز وہ رونے لگی کہ ہم نے اس کو فون کیوں نہیں دلوایا۔ میں نے جذبات میں آکر اس سے وعدہ کرلیا۔ فون سے اس کی پڑھائی متاثر ہوسکتی ہے اس لیے اب میں نے ارادہ بدل لیا۔ اب وہ امتحان کے لیے خوب تیاری کررہی ہے اور میں پریشان ہوں کہ وعدہ پورا نہ کیا تو اس کا مجھ پر اعتبار ختم ہوجائے گا۔ (ف، پشاور)

مشورہ: اس صورتحال میں ایک دوسرے پر بھروسا کام آسکتا ہے۔ مثلاً بیٹی سے اتنی اچھی دوستی ہو کہ وہ تحفہ بدلنے پر موڈ خراب نہ کرے۔ اچھے ماحول میں کبھی اس سے ذکر کردیں کہ فون کی قیمت کا اچھا تحفہ اس کو دے گی۔ آئندہ اس بات کا خیال رکھیں کہ بچوں سے وعدہ نہ کیا جائے بلکہ ان کی خواہش پر غور کرنے کا کہہ دیں۔ سوچنے کا ذکر کریں اور جو چیز وہ طلب کرنا چاہیں، اس کے فوائد اور نقصانات پر تبادلہ خیال کریں۔ اگر بچوں کو فون دلوا دیا جائے تب بھی ان کی سرگرمیوں پر غیر محسوس طریقے سے نظر رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

## دس سال پہلے شوہر سے علیحدگی

تقریباً دس سال پہلے میں نے شوہر سے علیحدگی اختیار کرلی تھی۔ اس وقت میرا بیٹا تین سال کا تھا۔ تنگدستی سے پریشان ہوکر فیکٹری میں ملازمت کرتی تھی، شوہر نشہ کرتا تھا۔ گھر والوں نے بھی اسی بات پر رضامندی ظاہر کی تھی کہ اب اسے چھوڑ دو، یہ نہیں سدھرے گا۔ اتفاق سے انہی دنوں میرے ایک کزن کی بیوی کا حادثے میں انتقال ہوگیا۔ یوں میری اس سے شادی ہوگئی۔ دو بیٹیاں ہیں۔ میرا بیٹا جو شوہر نے ہی اپنے پاس رکھ لیا تھا، مجھے بہت یاد آتا ہے۔ اب وہ سیکنڈری سکول میں ہے، کئی بار تحفے تحائف لے کر اس سے ملنے سکول گئی ہوں۔ اب اس کے باپ یعنی میرے سابقہ شوہر نے نشہ کرنا چھوڑ دیا۔ اس نے دوسری شادی بھی کرلی مگر بیٹا کبھی کوئی شکایت نہیں کرتا۔ میں بے حد مضطرب رہنے لگی ہوں کیونکہ بیٹے کی کمی مجھے پاگل کررہی ہے۔ میری اولاد ہو اور دوسری عورت کے پاس رہے، یہ بات مجھ سے برداشت نہیں ہورہی۔ (نرگس مجید، پوشیدہ)

مشورہ: بے چینی، مایوسی اور اضطراب پر قابو پانے کے لیے خود کو سمجھانا ہوگا۔ درحقیقت آپ کی زندگی میں بیٹے کی کمی نہیں، وہ جہاں بھی رہے آپ کا بیٹا ہی رہے گا۔ یہ تو خوشی کی بات ہے کہ ماں سے دور ہوکر بھی اس کی تعلیم و تربیت ہورہی ہے۔ اس کو کوئی شکایت نہیں۔ اس کے باپ نے نشہ چھوڑ دیا۔ گھر آباد کرلیا۔ یہ بھی آپ کے بیٹے کے حق میں بہتر ہوا۔ گھر آپ کا بھی بسا ہوا ہے۔ بیٹیاں ہیں، ان کی بہتر تعلیم اور تربیت کے لیے خود کو نارمل رکھنا ضروری ہے۔ اگر آپ نفسیاتی مسائل یا خدانہ کرے کسی نفسیاتی مرض کا شکار ہوں تو ان کو کون سنبھالے گا۔ ماضی میں جو ہوگیا اب اس پر سوچنے سے خود کو روکیں۔ جو لوگ تقدیر پر راضی رہتے ہیں انہیں ذہنی سکون اور قلبی اطمینان مل جاتا ہے۔

## میری پسند کی شادی، محبت کی بھی انتہائی اور نفرت کی بھی انتہا

اس وقت میرے شوہر کی عمر 58 سال ہوگی اور میں 42 سال کی ہوں۔ شادی کو 20 سال ہوچکے ہیں۔ ہماری پسند کی شادی تھی۔ وہ میری قریب کی سہیلی کے کزن ہیں۔ اس وقت وہ سعودی عرب سے آئے تھے مجھے قیمتی تحفے دیئے۔ مجھے اپنی قسمت پر رشک آنے لگا۔ انہوں نے مجھ سے زیادہ کسی سے محبت نہیں کی۔ نہ اپنی بہنوں سے، نہ ماں اور نہ کسی اور سے۔ شادی کے گیارہ سال بعد وہ بدلنے لگے اور اب مجھے اپنا دشمن سمجھتے ہیں۔ میرا پکایا ہوا کھانا نہیں کھاتے کہ میں نے اس میں کچھ ملایا ہے۔ جاب چھوڑ دی، گھر بیچنے کی بات، گاڑی قیمتی موبائل فون فروخت کردیئے۔ ان کی فکر میرے دماغ کو متاثر کررہی ہے۔ (وجیہہ، کراچی)

مشورہ: اگر غور کیا جائے تو وہ پہلے بھی ٹھیک نہیں تھے کیونکہ سب رشتوں کو بھول کر کسی ایک رشتے کی طرف اس طرح مائل ہوجانا کہ کسی سے کوئی تعلق ہی نہیں، نارمل رویہ نہیں ہے۔ آپ کے شوہر پہلے بھی انتہا پر تھے اور اب بھی انتہا پر ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ اب ان کا نفسیاتی مرض تکلیف دہ ہوکر ظاہر ہوگیا۔ بیوی کو دشمن سمجھنا اور بدزبانی کرنا، بے موقع بڑے بڑے سودے کرنا اپنا ہی نقصان کرلینا، یہ سب باتیں ان کو ذہنی مریض ظاہر کررہی ہیں۔ کوئی ایسی صورت ہو کہ ان کی سائیکاٹرسٹ سے ملاقات کروائی جائے تاکہ وہ رویے میں آئی ہوئی غیر معمولی تیزی پر قابو پاسکیں۔

## اذیت ناک تاثرات

بڑے بھائی کی عمر 35 سال سے زیادہ ہے۔ وہ یہاں کچھ کام نہ کرسکے تو والد نے ان کو اپنے دوست کے پاس دبئی بھجوادیا۔ چھ ماہ بعد وہ واپس آگئے اور اب کسی سے کوئی بات نہیں کرتے۔ کمرے میں بند ہوکر خود سے باتیں کرتے رہتے ہیں۔ بستر پر آرام کرنے کے بجائے ٹہلتے ہیں۔ خاندان والے ہم لوگوں کو شرمندہ کرتے ہیں کہ اگر شادی کردی ہوتی تو ذمہ داری سنبھال لیتے لیکن اب یہ بھی ممکن نہیں۔ (عروج، کوئٹہ)

مشورہ: بڑی عمر تک فارغ رہنا، اپنا معاشی بوجھ نہ سنبھالنا اور اس حوالے سے ذکر بھی نہ کرنا، یہ ظاہر کرتا ہے کہ آپ کے بھائی کے ساتھ کوئی نہ کوئی نفسیاتی مسئلہ ضرور تھا۔ بیرون ملک جاکر بھی وہی لوگ کامیاب ہوتے ہیں جو اپنے ملک میں کام کرتے رہے ہوں۔ مستقل ذہنی تناؤ میں رہنا اور چہرے کے تاثرات سے بھی اذیت ظاہر کرنا، خواہ مخواہ ٹہلنا، کھانا نہیں کھانا۔ یہ سب ظاہری علامات ہی ہیں، ان کی ذہنی کیفیت پر توجہ دیں۔

## نیلے دھاگہ نے کالی چیزوں سے نجات دلادی

محترم شیخ الوظائف میری بیٹی کو بچپن سے کالی چیزیں تنگ کرتی تھیں، کئی مرتبہ حاضری بھی ہوئی' ان چیزوں نے بتایا کہ یہ ہمیں پسند ہے' ہم اس کی شادی ہرگز نہیں ہونے دیں گے' میری ہمسائی نے مجھے ''آستانہ منت مراد' شیخوپورہ روڈ کا بتایا' میں اپنی بیٹی اور شوہر کے ساتھ وہاں گئی' وہاں سے مجھے ''شفائیہ دھاگہ'' ملا' میں نے وہ دھاگہ اپنی بیٹی کو باندھ دیا' الحمدللہ اس دن سے دوبارہ حاضری نہیں ہوئی' میری بیٹی کی صحت بھی بہترین ہوگئی ہے۔ (غ، لاہور)

**نوٹ: آستانہ منت مراد' ہجویری محل سٹاپ قلعہ ستار شاہ لاہور شیخوپورہ روڈ پر ہے۔ راستہ قلعہ ستار شاہ ہی ہے' خانپور نہر سے ہرگز نہ جائیے ادھر سے راستہ نہیں ہے۔**

ناجائز مقدمات ختم کروانے ہیں
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے
بچوں، بڑوں، بوڑھوں اور خواتین کیلئے یکساں مفید!
لال قلعہ شاہی ٹانک
قیمت -/400 روپے
اعصابی کمزوری
یادداشت کی کمی

ابوبکر حبیب، جہلم

# پھوڑا جڑ سے ختم! میرا آزمودہ دم لے لیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ کا مستقل پڑھنے والا ہوں آپ کا حکم ہے کہ سینے کے راز لازمی لکھیں آج میں لکھ رہا ہوں۔

## پھوڑے پھنسی کا علاج

ایک دفعہ میں ملازمت کر رہا تھا ایک شخص میرے پاس آیا کہنے لگا کہ میرے بازو پر پھوڑا ہے کسی طرح ٹھیک نہیں ہو رہا میں نے اس کا ہاتھ پکڑا اور مطلوبہ جگہ پر دم کر دیا ٹھیک اسی وقت اگلے دن اس سے ملاقات ہوئی اس نے بازو دکھایا بالکل ٹھیک تھا۔ پھر میرے پاس ایک شخص ایک اور آیا اس کے جسم پر موہکے دوست کے افسر ہر وقت ان تھے بڑا پر غصہ رہتے تھے ان کو دو انمول خزانہ بتایا تو وہ کہنے لگے کے جب بھی میں افسر کے کمرے میں جاتا ہوں تو انمول خزانہ نمبر 2 پڑھ لیتا ہوں جس وجہ سے اب وہ مجھ پر بلاوجہ غصہ نہیں کرتے۔ اس کے علاوہ اور بہت فوائد حاصل ہوئے ہیں مجھے بھی اور میرے دوستوں کو بھی۔ الحمدللہ۔ روحانی کلاس میں آپ نے ایک عمل ''اڑھائی فیصد اللہ تعالیٰ کے ساتھ تجارت کا بتایا تھا۔ جس میں منافع کا 2 فیصد اللہ تعالیٰ کی راہ میں دینا تھا۔ میں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ تجارت کی نیت سے ایک جگہ کچھ رقم لگائی اور تین چار مہینے میں مجھے اتنا نفع ہوا کہ میرے وہم و گماں میں بھی نہ تھا اب بھی میں اگر کسی کو بتاتا ہوں تو کوئی مانتا بھی نہیں کہ اتنی مدت میں اتنا منافع ہوسکتا ہے۔ روحانی کلاس کا ایک اور عمل ''حروف صوامت'' کا آپ نے بتایا تھا۔ (اَحَدَزْ سَضْطَعْ كَلْمُوْهُ) میں جب بھی گھر کیلئے راشن یا کوئی بھی سامان لے کر آیا تو انگلی سے یہ حروف ان پر لکھ لیے اور میں نے خود بھی اس سامان میں برکت پائی اور جن دوستوں کو بتایا تھا انہیں بھی فائدہ ہوا۔ یہ حروف میں اپنی دعا میں بھی شامل کرتا ہوں۔

**برکت والی تھیلی:** برکت والی تھیلی پر 129 بار صبح و شام سورۂ کوثر مع تسمیہ پڑھا کر دم کیا اور بہت نفع حاصل ہوا۔ یقین نہیں آتا کہ ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ گھر کا خرچہ بھی چل رہا ہے اور بچت بھی ہو رہی ہے۔ ایک دفعہ ایسا بھی ہوا کہ میں برکت والی تھیلی میں سے 500 کا نوٹ نکال رہا تھا میں دیکھ رہا تھا ہوش میں تھا کہ 500 کا نوٹ نکال رہا ہوں۔ دیکھتے ہی دیکھتے نے چھینٹے مارے۔ اس نے جب نوٹ باہر نکالا تو ہاتھ ایک گھونٹ پانی میں ہزار کا نوٹ تھا۔ حالانکہ میں اچھی طرح دیکھ چکا تھا کہ میں 500 کا نوٹ نکال رہا ہوں۔ بہرحال میں سمجھا کہ شاید یہ میری نظر کا دھوکہ ہو۔ مگر ایک بار پھر یہ معاملہ میرے ساتھ پیش آیا۔ 500 کا نوٹ نکالتے ہوتے جب میرے ہاتھ میں آیا تو وہ 1000 کا نوٹ تھا۔ واللہ اعلم۔ اس کے علاوہ بھی گھر میں کئی دفعہ سورۂ کوثر کی برکت دیکھی روٹیاں

**غصیلے افسر سے محفوظ رہنے کیلئے مجھ سے گُر لیجئے**

چار تھیں اور کھانے والے پانچ میں سورۂ کوثر پڑھتا گیا اور پانچ بندوں نے کھانا بھی کھالیا اور پھر بھی روٹی بچ گئی۔ اس کے علاوہ جب بھی موٹر سائیکل میں پٹرول ختم ہوجاتا ہے تو سورۂ کوثر کی برکت سے منزل آسان سے طے ہوجاتی ہے۔

**باتھ روم جانے کی دعا:** ایک تو اس دعا کی برکت سے گھر میں کافی فائدہ ہوا۔ اور دوسرا مجھے اکثر باتھ روم میں حاجت میں بڑی مشکل ہوتی۔ اب میں دل ہی دل میں یہ دعا پڑھتا رہتا ہوں اور الحمدللہ بغیر کسی مشکل اور تکلیف کے باآسانی رفع حاجت سے فراغت مل جاتی ہے۔ روحانی کلاس میں آپ نے ''چینی ڈاکٹر'' والا نسخہ بتایا تھا، وہ میں نے استعمال کیا اور بہت فائدہ ملا۔ وزن کم کرنے کے لیے لاجواب چیز ہے۔ سونٹھ، ریوند چینی، میٹھا سوڈا والا نسخہ۔ ہاضمہ کے لیے بھی استعمال کیا اور فائدہ حاصل ہوا۔

**مکمل نسخہ یہ ہے:** ھوالشافی: سنڈھ، ریوند چینی اور میٹھا سوڈ ہم وزن لیکر آدھا چائے کا چمچ دن میں تین سے چار مرتبہ عناب، سونف اور پودینہ کے پانی سے لیں۔ یعنی عناب 41 دانے، ایک چمچ سونف اور دو چمچ پودینہ ایک کلو گرم پانی میں رات کو بھگو کر صبح نتھار کر استعمال کریں۔

**بیڈ ٹی:** میں بیڈ ٹی کے فوائد لکھنا چا رہا ہوں مگر الفاظ نہیں مل رہے۔ جب سے بیڈ ٹی کا عمل شروع کیا ہے نحوست اور مشکلات کا الحمدللہ خاتمہ ہوگیا ہے مگر جس دن یہ عمل رہ جائے تو مسائل اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ معاف کرے میرا ایمان کمزور ہے تو اکثر اوقات مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ کسی چیز کی نحوست ہے۔ مگر ابھی اللہ کا شکر ہے کہ جب سے بیڈ ٹی والا عمل شروع کیا ہے تو الحمدللہ پھر یہ مسئلہ نہیں ہوا۔

علاج کرایا لیکن ٹھیک نہ ہوسکے میں نے انگلی رکھ کر یہی دم کر دیا بالکل ٹھیک ہوگیا۔ دم یہ ہے: ''بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا. بِرِيقَةِ بَعْضِنَا. يُشْفَى بِهِ سَقِيمُنَا. بِإِذْنِ رَبِّنَا'' شروع میں تین بار بسم اللہ پڑھ کر یہ سات دفعہ دعا پڑھنی ہے۔

**آیات منزل کا کمال:** منزل کے نام سے کچھ آیات مشہور ہیں جو شیخ الحدیث نے تحریر فرمائی ہیں بازار سے منزل کا نام لے کر طلب کریں تو دوکاندار دے دیتا ہے۔

## میں قرآن پڑھتا! جن جھوم جھوم کر سنتا

میرے ایک دوست کی طبیعت خراب ہوگئی یعنی اس پر کسی جن کی حاضری ہوگئی! پاس بیٹھے ہوئے شخص نے دیکھا تو گھبرا گیا دوڑتا ہوا میرے پاس آیا میں اس کے ساتھ چل دیا میں نے اس کو دیکھتے ہی منزل پڑھ کر ایک گلاس پانی کا منگوایا اور پانی پھونک کر اس پر چھینٹے مارے جیسے ہی میں پیا اور طبیعت بحال ہونا شروع ہوگئی جن جاتے ہوئے اسلام علیکم کہہ کر چلا گیا۔ میں جیسے جیسے قرآن پڑھتا تھا جن جھوم جھوم کر سنتا تھا۔

## جن نے کہا اللہ سے ہماری شکایت نہ کریں

میرے ایک دوست کے گھر کچھ جنات تھے جب آدھی رات ہوئی تو اس کے چھوٹے بھائی کو کچھ آوازیں سنائی دیں اس نے بھائی کو بتایا کہ مجھے کچھ آوازیں سنائی دیتی ہیں، بھائی نے یہی منزل پڑھنی شروع کر دی جیسے ہی منزل ختم ہوئی جنات نے کہا کے اپنے بھائی سے کہیں کہ اللہ سے ہماری شکایت نہ کریں ہم آپ کو تنگ نہیں کریں گے۔ واقعی اس کے بعد جنات نے انہیں تنگ نہ کیا۔

## رات تمہیں قتل کرنے آئے تھے!

ہمارے ایک دوست ایک جگہ جا رہے تھے کافی تھک گئے انہوں نے سوچا کہ میں یہی قیام کرلوں ویران جگہ تھی وہی منزل پڑھ کر سو گئے صبح جب اٹھے تو ایک آدمی ملا کہنے لگا کہ رات ہم لوگ تمہیں مارنے کے لیے آئے تھے لیکن جب تمہارے پاس آئے تھے تو سامنے کوئی دیوار آجاتی تھی جب واپس ہوتے تو ختم ہوجاتی کافی دفعہ ایسا ہی ہوا۔ آخرکار ہم نے تمہیں چھوڑ دیا۔ یہ ماجرا کیا تھا اس شخص نے بتایا میں رات کو سوتے وقت منزل پڑھ کر سوتا ہوں جس کی برکت سے ہر چیز کی حفاظت ہوتی ہے۔

برسوں کی لڑائی صلح میں تبدیل
لاہوتی نقش صفحہ 41 پر ملاحظہ کریں
کمی خون کی ہر وجہ کا حل | جسم کو فربہ اور توانا بنائے
بھوک بحال کرے | چہرے کا رنگ نکھارے
اسٹریس، ڈیپریشن | خواتین کیلئے آب حیات
خون بنانے والی گولیاں
خون افزاء ٹانک
قیمت -/150 روپے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اڑھائی سال سے عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں۔ رسالہ کے ذریعے ہمیں دینی اور دنیاوی بہت سے فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ آپ کو اس خدمت کا اللہ ہی اجر دے سکتا ہے۔ اس بار میں روحانی اجتماع میں بھی شریک ہوا تھا۔ بیعت بھی ہوئے۔ اپنے مسائل کے لیے جو وظائف آپ نے بتائے ہیں وہ ہم سب گھر والے کر رہے ہیں ان کی بدولت اب ہماری بے چینی، خوف اور گھبراہٹ خاصی حد تک کم ہوگئی ہے۔ آپ کا درس بھی سنتے ہیں اور یوں لگتا ہے کہ درس سننے سے آپ سے آدھی ملاقات ہو جاتی ہے۔ درس میں بتائے گئے اعمال بھی کرتے ہیں۔

## بیٹیاں جو سوچتی ہیں مل جاتا ہے

عبقری رسالہ میں سورۂ مائدہ آیت نمبر 114 کے بارے پڑھا۔ میری بیٹیوں نے رمضان کے مہینے سے پڑھنا شروع کیا' اب روزانہ پڑھتی ہیں اس کی برکت سے وقت بہت اچھا گزر رہا ہے۔ رزق میں برکت ہو رہی ہے' صبح و شام ایک تسبیح اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ لیتے ہیں۔ اس کے علاوہ سارا دن میں جب بھی کسی چیز کی ضرورت ہو صرف گیارہ مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک مارتے ہیں اللہ کرم فرما دیتے ہیں۔

## میری بیوی کو صحت اس عمل سے ملی

افحسبتم اور اذان کے عمل سے بھی بہت سے فوائد حاصل ہو رہے ہیں۔ اس کی برکت سے میری بیوی پچھلے سال بہت بیمار تھی۔ ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے ان کا اُلٹا بازو کام نہیں کر رہا تھا۔ بہت ڈاکٹروں کو دکھایا۔ ڈاکٹری علاج کے

# پلاٹ پر قبضہ! 8 سال بعد یہ عمل کیا اور کمال ہوگیا

نثار احمد، ننکانہ صاحب

ساتھ ساتھ وہ خود بھی افحسبتم اور اذان کا عمل کرتی رہیں اور بیٹیاں بھی۔ کیونکہ ایک بزرگ انہیں نظر آئے جنہوں نے انہیں کہا کہ یہ پڑھتی رہو ٹھیک ہو جاؤ گی اور چھ ماہ کے عرصہ کے بعد اب ان کا بازو اور ہاتھ بالکل ٹھیک ہے اور ساتھ ہی فجر کی نماز پڑھتے ہوئے دل میں یہ بات آئی کہ بستر کا رخ ''کعبہ'' کی طرف کیا جائے۔ رخ بدلتے ہی ان کی طبیعت تیزی سے سنبھلنے لگی۔

**بسم اللہ سے سر درد ٹھیک:** سر درد میں اکتالیس بار ''بسم اللہ'' پڑھنے سے فوراً آرام آجاتا ہے۔

## پلاٹ پر قبضہ! آٹھ سال بعد یہ عمل کیا اور کمال ہوگیا

**یا قہار کا عمل:** میرے دوست کے پلاٹ پر قبضہ ہوگیا تھا اور اس نے تین منزلہ گھر تعمیر کر کے ایک سکول کو کرائے پر دے دیا تھا اس کے کیس کو آٹھ سال کا عرصہ گزر چکا تھا لیکن فیصلہ نہیں ہوتا تھا۔ میرے دوست نے یَاقَهَّارُ کا پانی والا عمل کیا تو فیصلہ اس کے حق میں ہوگیا اور انہوں نے خود 45 لاکھ روپیہ دیا۔ پلاٹ کی موجودہ قیمت ادا کر دی۔ وکیل نے کہا کہ ایسے کیس صرف تین یا چار فیصد ہی حل ہوتے ہیں۔

**تھال کا عمل:** کچا برتن' پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔ چار پائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبو لیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبو لیں' پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یَاقَہَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے' جس گناہ سے' جس عیب سے' جس بدکاری سے' یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ پڑھنا شروع کر دیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو' قبلہ رخ بیٹھ کر' پانی روز بدلنا ہے۔

## ایک ماہ والا راشن دو ماہ چلتا ہے

سورۂ کوثر پڑھنے سے گھر میں جو خیر و برکت ہوئی ہے بیان سے باہر ہے۔ گھر کا راشن جو پہلے مہینے کے آخر سے پہلے ہی ختم ہو جاتا تھا اب اگلے ماہ کی دس تاریخ تک چلتا ہے۔ اور پیسوں پر پڑھ کر سودا خریدتے جائیں تو ان میں بھی بہت برکت ہوتی ہے۔

# کسی بیمار کے لیے خود پڑھیں اور شفاء دلوائیں!

## دانتوں کی تمام تکالیف کا یقینی علاج

جب برش کرنے لگیں تو ٹوتھ پیسٹ، منجن یا مسواک پر تین بار اوّل آخر درود پاک اور پھر تین بار سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ پڑھ کر پھونک ماردیں اور پھر دانتوں کی صفائی کریں' دانتوں کی تمام تکالیف سے محفوظ رہیں گے۔ اس کے علاوہ عشاء کے نماز میں وتروں میں یہ تین سورتیں پڑھیں ان شاء اللہ کبھی بھی دانتوں کے مسائل نہیں ہوتے۔ بے شمار کا آزمودہ روحانی عمل ہے۔ عمل یہ ہے:۔ سورۂ لہب۔ سورۂ نصر اور سورۂ اخلاص۔ عبقری میں بھی اس کے بے شمار مشاہدات پڑھ چکا ہے۔ جس نے بھی پڑھا شفاء پائی۔

## موذی امراض کے لیے

نماز ظہر، مغرب یا عشاء کے بعد دو رکعت نماز نفل بیماری سے نجات کی نیت سے پڑھیں۔ اوّل رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ فلق تین مرتبہ پڑھیں۔ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ ناس تین مرتبہ پڑھیں بعد سلام کے درود پاک تین بار پڑھ کر یہ آیت قرآنی تین بار پڑھیں اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ پھر بیمار کا نام لیں اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ پڑھیں پھر تین بار درود پاک پڑھیں اور صحت یابی کے لیے دعا مانگیں۔ یہ عمل تین روز یا سات روز تک کریں ان شاء اللہ صحت ہوگی۔ شفاء یاب ہونے کے بعد حسب توفیق شرینی ضرور بانٹیں۔ ہر قسم کے موذی امراض کے لیے بھی بہت مجرب عمل ہے۔ اپنی بیماری یا کسی دوسرے کی بیماری کو دور کرنے کی نیت سے جب بھی پڑھے اللہ تعالیٰ نے شفاء دی۔ ان نوافل کے بارے میں نے ''کتاب النوافل'' سے پڑھا تھا۔

قارئین! نت نئے وبائی امراض کی بھر مار ہے' اس عمل کو ضرور کیجئے' اگر آپ اور آپ کے اہل خانہ صحت مند زندگی گزار رہے یعنی کوئی بیمار نہیں ہے تو پھر جو ہسپتالوں اور گھروں میں بیمار ہیں ان کی نیت کر کے یہ عمل ضرور کیجئے۔

محترم شیخ الوظائف آج کے دور میں ہر شخص بہت سی مشکلات اور مصیبتوں میں مبتلا ہے آپ کو اللہ نے ان پریشان حال لوگوں کے لیے ایک مسیحا بنایا ہے جو دینی اور دنیاوی اصلاح کرتے ہیں۔ بس مجھے اللہ پر پورا یقین ہے کہ وہ اپنے حکم اور آپ کے تعاون اور دعاؤں کے ذریعہ ضرور ہماری تمام پریشانیوں کو دور کرے گا۔

گُردے فیل شفاء
گُردے کے مریضوں کیلئے شفاء کا سچا پیغام
قیمت 150/- روپے
سخت مزاج شوہر نرم پڑ جائے
لاہوتی نقش صفحہ 41 پر ملاحظہ کریں
6 مہینے کے راز انسانیت کو دیں: عبقری سخاوت بانٹ رہا ہے مہینے کے راز انسانیت کو دے رہا ہے' کیا آپ اس قافلے میں شامل ہونا چاہتے ہیں؟ تو پھر اپنے تجربات لکھیں اور بھیجیں۔

# میری بُری عادات ختم چوری ہوئے زیورات برآمد

(ایک اللہ والا)

سب سے پہلے آپ کی روحانی کلاس میں آپکے بتائے ہوئے وظائف پڑھے اور دوسروں کو بھی بتائے یہاں میں کچھ وظائف اور آپ کے بتائے ہوئے اعمال کے فوائد و مشاہدات بیان کرتا ہوں۔ آپ نے روحانی کلاس میں سورۃ انعام آیت نمبر ۴۵ کا بتایا تھا۔ اس کے چند مشاہدات درج ذیل ہیں:۔(۱) ایک دن صبح کی نماز کے بعد میں نے یہ دعا 29 دفعہ پڑھی کہ ٹی وی سے چھٹکارا مل جائے۔ سارا دن گزر گیا رات کے وقت میں گھر آیا تو بیٹی نے دروازہ کھولا۔ دروازہ کھلتے ہی میں نے بیٹی سے پوچھا کہ کیا کر رہی تھی تو کہنے لگی کہ کارٹون دیکھ رہی تھی۔ بہرحال اگلے دن پھر 29 دفعہ یہی آیت پڑھی۔ سارا دن گزر گیا۔ مگر اس دن گھر میں سکون بہت تھا۔ رات گیارہ بجے میں سونے کے لیے وضو کر کے کمرے میں آیا تو اہلیہ کہنے لگیں کہ ٹی وی آن کرو ذرا۔ میں نے اسے کہا کہ دفعہ کرو یہ ٹی وی تو ویسے ہی نحوست ہے اور اب تو سونے کا وقت ہے تو وہ ساتھ ہی کہنے لگیں کہ ٹی وی تو آن ہی نہیں ہو رہا اور واقعی جب میں نے ٹی وی آن کرنے کی کوشش کی تو وہ اللہ کے حکم سے ایسا خراب ہوا کہ دوبارہ ٹھیک ہی نہ ہوسکا۔

(۲) مجھ میں کچھ غلط عادات تھیں جو اس آیت کے پڑھنے سے ختم ہوگئیں۔ (۳) میرے سسرال میں چوری ہوگئی۔ چور کافی تعداد میں سونے کے زیورات لے گئے۔ یہی دعا ان کو بتائی تو چور پکڑے گئے اور سامان برآمد ہوگیا۔ اب کچھ زیورات تو محکمہ پولیس نے میرے سسرال والوں کے حوالے کردیئے اور کچھ نہ واپس ہوئے۔ میں نے سسرال والوں کو بتایا کہ اس آیت کی تعداد بڑھادیں اور پھر ایک دن پتہ چلا کہ ایک ملازم نے زیورات دبائے ہوئے تھے اس کے اچانک ہی گردے خراب ہوگئے اور پھر وہ خود ہی زیور گھر پہنچا کر گیا اور معذرت بھی کی۔ (۴) میرے ایک دوست کو خارش کی بیماری ہوگئی کافی علاج کروایا مگر فرق نہ پڑا انہوں نے جب اسی آیت کا وظیفہ شروع کیا تو دوسرے ہی دن خارش ختم ہوگئی۔

# بغیر بتائے آڈٹ ٹیم آئی اور میں پریشان!

(۱) آپ کے بتائے ہوئے دو انمول خزانہ واقعی انمول خزانے ہیں جس مقصد کے لیے پڑھا الحمدللہ وہ مقصد پورا ہوا۔ انمول خزانہ نمبر 1 میں ہر نماز کے بعد پڑھتا ہوں اور انمول خزانہ نمبر 2 اکثر پڑھتا ہوں جس کی تعداد الحمدللہ ہزاروں میں ہوگئی ہے۔ (۲) ایک دفعہ میں کہیں دوسری جگہ گیا ہوا تھا کہ پتہ چلا کہ ہمارے آفس میں آڈٹ کی ٹیم آگئی ہے اور مجھے پانچ دس منٹ کے اندر پہنچے کا کہا گیا اب چونکہ ٹیم بغیر بتائے آرہی تھی اس لیے تیاری بھی نہیں کی ہوئی تھی اور سارے کاغذات بھی بے ترتیب ہی پڑے تھے میں نے انمول خزانہ نمبر 2 پڑھنا شروع کیا اور آفس پہنچ گیا اور ساتھ ہی آڈٹ والوں سے سلام دعا ہوئی۔ میں نے حال احوال پتا کیا تو ان آڈٹ والوں میں سے ایک بندہ کہنے لگا: کہاں کے رہنے والے ہو میں نے بتایا کہ فلاں جگہ کا تو وہ کہنے لگے: آپ تو ہمارے صاحب کے شہر کے رہنے والے ہو۔ میں ساتھ ساتھ انمول خزانہ نمبر 2 بھی پڑھتا جارہا تھا۔ پھر ان کے افسر سے تعارف ہوا تو پتا چلا کہ وہ تو ہمارے رشتہ دار ہیں ان کو میں نے کبھی زندگی میں نہ دیکھا نہ ان کا نام سنا تھا اور وہ آئے بھی تقریباً 200 کلومیٹر دور کسی اور علاقے سے تھے۔ مگر بس اللہ تعالیٰ کے نام کی برکت تھی۔ پھر آڈٹ شروع ہوا اور مجھے رجسٹر میں وہ اندراج بھی ملے جو کہ میں نے کیے ہی نہیں تھے۔ سارا آڈٹ 100 فیصد ٹھیک ہوگیا۔ جو بیلنس انہوں نے چیک کرنے تھے وہ بھی الحمدللہ 100 فیصد ٹھیک تھے اور میرا آڈٹ اللہ تعالیٰ کے فضل اور انمول خزانہ نمبر 2 کی برکت کی وجہ سے بالکل ٹھیک ہوگیا۔

## یہ سارا کمال تو دو انمول خزانہ کا ہے!

میں نے دو انمول خزانہ کے کتابچے اپنے دوستوں کو بھی دیئے اور ان کو بھی بہت زیادہ فوائد حاصل ہوئے۔ ایک دوست کو نوکری نہیں مل رہی تھی اسے دو انمول خزانہ دیئے۔ دو ماہ کے اندر ان کی ایسی جگہ جاب لگ گئی جو ان کے وہم و گماں میں بھی نہ تھی ان کو وہ پوسٹ ملی جہاں پہلے ریٹائرڈ کرنل ڈیوٹی کیا کرتے تھے اور میرے دوست نے بی اے کیا ہوا تھا وہ بھی دس بارہ سال پہلے کا۔ بہرحال دوست کے الفاظ ہیں کہ ''یہ سارا کمال دو انمول خزانہ کا ہے''۔

# معذور بچہ جب تنگ کرتا ہے تو یہ عمل کرتا ہوں!

**الحبتم اور اذان کا عمل:** اگر کسی جگہ مصیبت میں پھنس گیا تو اس عمل سے آسانی ہوئی۔ میرا ایک بچہ معذور ہے اکثر وہ رونا شروع کردیتا ہے اور جب میں اذان والا عمل پڑھتا ہوں تو وہ سکون میں آجاتا ہے۔ میرے ایک دوست بلکہ دو دوستوں کو جادو کا اور بندش کا مسئلہ تھا تو میں نے ان کو یہی عمل بتایا تھا۔

**روحانی غسل:** میرے داہنے پاؤں میں اکثر درد رہتا تھا جو کہ کمر کے نیچے سے شروع ہوکر پاؤں کے ٹخنے سے تھوڑا سا اوپر تک ہوتا تھا یہ تکلیف مجھے تقریباً چھ سات سال سے تھی۔ میں نے پہلی دفعہ روحانی غسل کیا اس درد کے خاتمے کی نیت سے اس دوران جو صابن میں نے استعمال کیا جس کا نام روحانی صابن تھا وہ میں عبقری دواخانہ سے لایا تھا جو کہ معمولی قیمت پر دستیاب تھا۔ مگر چونکہ وہ آپ کا دم شدہ تھا۔ اس لیے میں نے سوچا کہ روحانی غسل کے لیے استعمال کرنا چاہیے۔ جب استعمال کیا تو کچھ دنوں بعد الحمدللہ میرا درد ختم ہوگیا۔ اس بات کا تقریباً چار پانچ ماہ کا عرصہ ہوگیا ہے اللہ کے فضل و کرم ہے کہ پھر مجھے یہ تکلیف دوبارہ نہیں ہوئی۔

دو انمول خزانے کے آخر میں جو درود شریف بتایا ہے آپ نے ''صلی اللہ علی محمد'' والا یہ درود شریف میں نے آزمایا ہے کہ اگر نماز میں سستی ہو تو ان شاء اللہ اس درود شریف کی برکت سے فائدہ ہوتا ہے۔ آپ نے روحانی کلاس میں ''عطر'' کے فوائد بیان کیے تھے میں نے عطر استعمال کیا خود لباس پر لگایا برکت والی تھیلی پر لگایا اور خصوصاً قرآن پاک کے غلاف پر لگا اور پھر دوران تلاوت اور عبادت وہ مزہ آیا کہ کیا کہنے۔ رمضان میں عبقری کا روحانی عطر باقاعدگی سے استعمال کیا اور زندگی میں پہلی دفعہ رمضان کا مزہ پایا۔ عبادت میں مزہ آیا خشوع پیدا ہوا۔ (باقی صفحہ نمبر 57 پر)

بنجر زمین سونا اُگلنے لگ جائے! لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

# محتاج بیوہ ماں سے بدسلوکی! بددعائیں لیں اور برباد ہوگئی!

س،ر۔چیچہ وطنی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو صحت و عافیت والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ آمین۔ عبقری رسالہ کافی عرصہ سے پڑھ رہی ہوں لوگوں کے بے شمار تجربات و مشاہدات پڑھ کر بہت خوشی ہوتی ہے کہ وہ عبقری رسالہ سے فیض پا رہے ہیں۔ میری شادی 2017ء میں میری مرضی کے خلاف ہوئی تھی شادی سے پہلے میں کسی اور کو پسند کرتی تھی میرے ابو کا انتقال 2015 میں ہوا تھا میری امی بھی بیمار رہتی تھی وہ معذور و محتاج ہو کر چارپائی پر آ گئی تھیں لیکن میں نے ان کا بہت دل دکھایا۔ جس لڑکے کو میں پسند کرتی تھی میری امی نہیں چاہتی تھیں کہ میری شادی وہاں ہو' میری ضد تھی کہ میں شادی کروں گی تو وہاں ہی ورنہ کہیں نہیں۔ اللہ جانے وہ لڑکا میرے ساتھ مخلص تھا کہ نہیں لیکن میں نے اس کی وجہ سے اپنی ماں سے بہت بدتمیزی کی' ان سے ہر وقت لڑتی رہتی تھی۔ ایک تو میری ماں بیوہ دوسرا یہ کہ وہ معذور و محتاج تھی اوپر سے میرا غلط رویہ ان کو بہت رلاتا تھا۔ وہ مجھے بددعا دیتی تھیں کہ تم ہر وقت روتی ہی رہو گی کبھی خوش نہیں رہ پاؤ گی' ان کی بددعا دینے کی وجہ سے میں ان سے اور بدتمیزی کرتی کہ ماں ہو کر مجھے بددعا دیتی ہے لیکن اس وقت احساس نہ تھا کہ وہ مجھے صحیح روکتی ہیں۔ اس بات کا احساس تب ہوا جب بہت دیر ہو چکی تھی' میں تو اتنی بدنصیب ہوں کہ اپنی ماں سے اپنے گناہوں کی معافی نہ مانگ سکی اور اب ان کی بددعائیں میرے تعاقب میں ہیں۔ اس لڑکے کے ساتھ میرا تعلق چار سال تک رہا ان چار سالوں میں میں نے بے شمار گناہ کیے ہیں۔ مگر گناہ عظیم سے اللہ نے مجھے محفوظ رکھا۔ میری امی اپنے سامنے یہ سب کچھ برداشت نہ کر سکیں اور 2017 میں وہ اس دنیا سے رخصت ہو گئی اور میرے لیے سوائے دکھ اور پچھتاوئے کے اور کچھ نہ رہا۔ امی کی وفات کے دوسرے دن ہی میرے ماموں اور گھر والوں نے میرا رشتہ میری خالہ کے بیٹے کے ساتھ طے کر دیا میں نے تب بھی بہت شور مچایا کہ مجھے یہ شادی نہیں کرنی' میں نہیں چاہتی تھی کہ چار سال گناہ کرنے کے بعد میں کسی اور کی بیوی بن جاؤں۔ لیکن ہونی کو کون ٹال سکتا ہے میری شادی میرے کزن کے ساتھ ہو گئی میرے گھر والے شاید میری شادی اس لڑکے کے ساتھ کر بھی دیتے اگر اس کے گھر والے میری امی کی وفات پر آ جاتے تو میری بڑی بہن اور ممانی نے کہا کہ اگر وہ لوگ تمہیں اپنانا چاہتے تو ضرور آتے لیکن انہوں نے تو فون تک نہ کیا۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ لڑکا تمہارے ساتھ مخلص نہیں ہے یوں میری شادی میرے کزن کے ساتھ ہو گئی۔ شادی کی رات شوہر کو بتا دیا کہ شادی میری مرضی کے خلاف ہوئی' مگر اب میں آپ کے ساتھ مخلصانہ زندگی گزاروں گی' سب کچھ بتانے پر شوہر کا رویہ میرے ساتھ تھوڑا سا خشک ہوا اور وہ مجھ پر شک کرنے لگے اور پابندیاں لگ گئیں' پہلے پہلے میں ان کی سوچ کو تنگ نظری اور گندی سوچ کا حامل سمجھتی لیکن اب مجھے اپنے شوہر کی سوچ پر خوشی ہوتی ہے' مگر والدہ کو دیئے دکھ مجھے سکھی کیسے رہنے دیتے' میری بدقسمتی میرے سامنے آئی اور گھر کے حالات خراب ہونا شروع ہو گئے' میری ساس اور نندوں کا رویہ میرے ساتھ انتہائی خراب' ہر وقت میرے شوہر کے کان بھرنا' کوئی ایک پل بھی سکون کا مجھے نہیں ملتا' اب گزشتہ چھ ماہ سے بھائی کے گھر بیٹھی ہوں' میرے شوہر نے گزشتہ تین ماہ سے فون بھی کرنا چھوڑ دیا ہے' پل پل اذیت میں گزار رہی ہوں' بار بار میری معذور ماں کی بددعائیں مجھے سنائی دیتی ہیں کہ تو کبھی خوش نہیں رہ سکے گی اور واقعی زندگی جہنم بنی ہوئی ہے' خدارا! کبھی بھی ماں باپ کا دل نہ دکھائیں' ان کے دل سے نکلی آہ قبر تک رولاتی اور سسکاتی ہے' اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے حدود مقرر کی ہیں میں نے وہ پار کی تھیں اور آج بھی انگاروں پر زندگی گزار رہی ہوں۔

# کان کھول کر سن لو! شادی شدہ زندگی برباد ہو جائیگی

ا،و۔صادق آباد

ہمارے سامنے گھر میں ایک لڑکی تھی۔ وہ دین سے انتہائی دور تھی' سارا دن گانے' فلمیں' سوشل میڈیا کا استعمال' بہت دفعہ سوچا کہ اس کو کچھ وقت دوں' بعض اوقات بہانے سے گئی بھی' باتوں باتوں میں بات بھی کی مگر وہ ان دنوں اونچی ہواؤں میں تھی' خیر اس نے حد پھلانگیں اور پھر حدیں پھلانگنا شروع کر دیں۔ ہر آئے دن اس کی کسی نہ کسی لڑکے سے دوستی کے چرچے سنتے اور دیکھتے بھی۔ بات مزید آگے بڑھی تو گھر والوں کو نشہ آور چیز دیکر گھر سے نکل جاتی اور رات گئے آتی۔ لوگ اس کے کردار پر بہت باتیں کرتے تھے۔ اپنے بوڑھے باپ کی عزت کو اس نے خاک میں ملا دیا۔ وہ کسی کے سامنے بات کرنے کے قابل نہ رہا۔ اس کا باپ اسے مارتا بھی تھا مگر اس کو کسی بات کا اثر نہ ہوتا۔ اگر رشتہ کرنے کی کوشش کرتے تو رشتہ بھی نہ ہوتا۔ لوگ آتے اور دیکھ کر چلے جاتے مگر کوئی بھی اس سے شادی نہ کرتا۔

جن لڑکوں سے اس کی دوستی تھی ان میں سے کسی ایک نے بھی اس سے شادی نہ کی۔ 29 سال کی عمر میں اس کی شادی ہوئی شادی کے صرف دو دن بعد وہ مجھے ملی میرے گلے لگ کر بہت روئی میں نے وجہ پوچھی تو اس نے آنسو پونچھتے ہوئے مجھ سے میرا نمبر مانگا اور بولی فون پر بتاؤں گی۔ میں نے جلدی سے اس کو اپنا نمبر لکھوایا' میرا نمبر لیکر کچھ دیر وہ میرے پاس کھڑی رہی' میں اس کا چہرہ دیکھتے ہوئے کافی سال پیچھے چلی گئی' اس کی زندگی کا وہ سیاہ دور میری آنکھوں کے سامنے کسی فلم کی طرح چل رہا تھا۔

ایک دن اس نے مجھے فون کیا اور سلام دعا کے بعد ہی رونا شروع ہو گئی اور کہنے لگی: باجی آپ نے مجھے بہت سمجھایا' مگر میں بے وقوف تھی' خود کو دنیا کی حسین اور خوش قسمت لڑکی سمجھتی' لوگ مجھے دھوکہ دیتے اور میں سمجھتی کہ شاید میں کوئی پری ہوں' اور پھر کہنے لگی۔ میرے شوہر میں مجھے کوئی دلچسپی نہیں۔ میرا دل کرتا ہے اس کو ماروں اور کئی دفعہ مار بھی دیتی ہوں میں بہت روتی ہوں میرا دل کرتا ہے خودکشی کر لوں مجھے کوئی وظیفہ بتاؤ میں بہت پریشان ہوں۔ جب بندہ حرام میں سکون ڈھونڈتا ہے تو حرام ہی کو سب کچھ سمجھ بیٹھتا ہے تو اللہ پاک حلال چیز سے اس کے لیے سکون نکال دیتے ہیں۔ ایسے زندگی اجیرن ہو جاتی ہے۔ غیر محرم سے دوستیاں کرنے والوں کان کھول کر سن لو' شادی کے بعد والی زندگی سے سکون چھین لیا جائے گا۔ زندگی ویران ہو جائے گی دنیا کا سارا نظام تمہارے مخالف ہو جائے گا۔ یہ سب کچھ میرے سامنے کی بات ہے۔ اللہ ہر بیٹی کی عزت کی حفاظت فرمائے۔ ایک بات عرض کر دوں کہ آج کے دور میں بچوں کی تربیت پہلے سے بھی بہت ضروری ہو گئی ہے۔ گھر میں ماحول دینی بنائیں' دین ہوگا تو حفاظت ہوگی' حفاظت ہوگی تو نسلیں ہمیشہ خوش اور خوشحالی اور باعزت رہیں گی۔

ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے
بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں
دردی ہربل بام
فالج | رعشہ | موچ آجانا | نقرس لاعزی | کسی عضو کا پھڑکنا
لقوہ | کمر درد | پٹھوں کا درد | پنڈلیوں کا درد | قیمت -/80 روپے

بیٹے کی اچھی نوکری کیلئے
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے




انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی المعروف قمی احمد پوری

# آیئے! آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے فٹنس کا راز لیں

فرمانِ ابوالحسن علی بن موسیٰ الرضا المعروف حضرت امام رضا سلام اللہ علیہ رضوانہ ''جو شخص چاہے کہ اس کا بدن ہلکا پھلکا رہے اور زیادہ موٹاپا نہ چڑھے اور بہت زیادہ گوشت نہ بڑھے اسے چاہیے کہ رات کا کھانا کم کردے''

### جدید سائنسی تحقیقات

امریکا کی کولمبیا یونیورسٹی کی اس تحقیق کے نتائج امریکن ہارٹ ایسوسی ایشن کی کانفرنس میں پیش کیے گئے۔ محققین نے ایک سال تک تحقیق و جائزہ کے بعد دریافت کیا کہ شام 6 بجے کے بعد زیادہ کیلوریز لینے کے نتیجے میں بلڈ پریشر، جسمانی وزن میں اضافہ اور بلڈ شوگر لیول بھی اوپر کی جانب جانے لگتا ہے۔اس کے علاوہ ایک تحقیقی رپورٹس کے مطابق جسمانی ورم، ہاضمہ کی خرابی، بے خوابی کی شکایت، کولیسٹرول، موٹاپا، ذہنی وجلدی امراض اور امراض قلب کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔لندن کے کنگز کالج کے غذائی سائنسز کے وزٹنگ پروفیسر ڈاکٹر گرڈا پوٹ کہتے ہیں کہ اس پرانی کہاوت میں بہت زیادہ سچائی ہے کہ بادشاہ کی طرح ناشتہ کریں، شہزادے کی طرح دوپہر کا کھانا اور مفلس کی طرح رات کا کھانا کھائیں۔آج کل لوگ رات کا کھانا بہت زیادہ کھا کر اسی وقت بستر پر لیٹ جاتے ہیں' کھانا ساری رات معدہ میں رہتا ہے' معدہ تین گنا زیادہ کام کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے لوگ معدہ کا شکار بہت زیادہ ہورہے ہیں۔

# گلابی امرود کے فوائد حضرت امام جعفرؒ سے لیجئے!

**فرمانِ حضرت امام جعفر صادق سلام اللہ علیہ رضوانہ**

امرود گلابی بہت مفید ہے۔چہرہ کو حسین اور دل کو سکون بخشتا ہے۔جو شخص امرود سے ناشتہ کرے، آب کمر(منی) کو صاف اور اُولاد خوبصورت پیدا ہو۔امرود مقوی قلب اور صافیِ دل ہے۔امرود جسم کو خوبصورت، مفرحِ دل و دماغ اور تمام اندرونی اعضاء کو فائدہ پہنچاتا ہے۔

### جدید سائنسی تحقیقات

گلابی امرود میں ٹماٹر سے زیادہ لائکوپین موجود ہوتا ہے۔لائکو پین ہماری جلد کو خراب ہونے سے بچاتا ہے، جو کہ UV ریز سے تباہ ہوجاتی ہے اس کے علاوہ یہ پروسٹیٹ کے کینسر سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔ماہرین کا کہنا ہے کہ امرود دل کے مریضوں کے لیے انتہائی مُفید غذا ہے کیونکہ اس میں پوٹاشیم اور فوراً حل پذیر فائبر موجود ہے۔اس کے علاوہ امرود میں شامل وٹامنز، منرلز اور اسکی اینٹی آکسیڈینٹ خوبیاں جلد کو توانا کر کے اُن کو جھریاں پڑنے سے بچاتی ہیں۔امرود میں وٹامن اے اور سی کے علاوہ کیلشیم، لوہا اور فاسفورس موجود ہیں۔یہ مفرح ومقوی ہے۔بخار سے صحت یاب ہونے کے بعد خوب پکے ہوئے امرود وقفے وقفے سے کھائیں نقاہت دور ہوجاتی ہے۔

# تین کھجوریں دودھ اور شہد! انوکھا ٹانک

حمادعلی شاہ، نوشہرہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ عرصہ تین سال سے پڑھ رہا ہوں اس سے ہم نے بہت کچھ سیکھ لیا ہے اور اس سال ہونے والے روحانی اجتماع میں بھی شریک ہوئے۔

میں رات دس بجے فیکٹری سے کام کے بعد موٹر سائیکل پر گھر آرہا تھا سردی کا موسم تھا۔ راستے میں اچانک میری موٹر سائیکل کا چین اُتر کر پہیے میں پھنس گیا جس وجہ سے پہیہ مکمل جام ہوگیا اب آس پاس کوئی آبادی بھی نہیں تھی میں سوچنے لگا لگتا ہے رات یہاں ہی گزارنی پڑے گی۔ اچانک عبقری رسالہ میں جو درود شریف ''صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ'' والا عمل دیا گیا تھا یاد آیا میں نے عمل کرنا شروع کردیا ساتھ ہی پہیے سے چین نکالنے کی کوشش کرتا رہا ابھی درود شریف کچھ بار ہی پڑھا تھا کہ چین پہیہ سے نکل آئی اور میں نے چین کو دوبارہ سیٹ کیا موٹر سائیکل سٹارٹ کی اور پہلے گیئر میں ڈال کر چار کلومیٹر کا راستہ طے کیا اور بخیریت گھر پہنچ گیا۔یہ سب درود شریف کے عمل کی برکت کا نتیجہ تھا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی زندگی عطا فرمائے۔

## بچہ رات کو روئے تو یہ عمل کیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو طویل عمر اور صحت عطا کرے تا کہ پوری دنیا کے انسان آپ سے فیضیاب ہوسکے آپ کا رسالہ عبقری 2011ء سے باقاعدہ پڑھ رہا ہوں۔رسالے میں دیئے گئے وظائف بہت ہی مفید ہیں۔مشاہدہ: میری بھانجی جو رات کو اکثر روتی تھی میری بہن نے عبقری رسالہ میں اَلْحَسِیْبُ اور اذان والا عمل پڑھا تھا وہ بچی کے کان میں صرف تین مرتبہ دم کیا تو بچی کو نیند پرسکون آجاتی تھی۔عمل یہ ہے: سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کرنا ہے۔(عتیق الرحمن' لاہور)

## کمزوری' نقاہت اور سستی دور! انوکھا ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری شمارہ میں میں نے نیم گرم دودھ کے ساتھ تین عدد کھجوریں کھانے والا ٹوٹکہ پڑھا۔ میں روزانہ صبح یہ کھالیتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے صبح ایک مرتبہ کھانے سے سارا دن کمزوری' نقاہت اور سستی بالکل محسوس نہیں ہوتی۔ پہلے بارہ بجے کے بعد ہی نقاہت شروع ہوجاتی تھی مگر اب ایسا نہیں ہے۔ اس کے علاوہ نیم گرم دودھ میں شہد کا استعمال کرتی ہوں جس سے جسم میں بہت زیادہ توانائی محسوس ہوتی ہے۔(مسز شازیہ غفار، ٹوبہ ٹیک سنگھ)

کاروباری بندش کا توڑ
لاہوتی نقش صفحہ 41 پر ملاحظہ کریں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش ونگار شدہ پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیڈ، اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو) لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت سامان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔نیز بزرگ ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔آپ کا بہت شکریہ!(ادارہ)

صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

## نانا کا جسم جل گیا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے نانا کو حکمت کا بہت شوق ہے اکثر جب ہم نانی کی طرف جاتے ہیں تو نانا جان کسی نہ کسی جڑی بوٹی کا عرق نکال رہے ہوتے تھے۔ انہوں نے اس کام کے لیے چھت مختص کی ہوئی تھی جہاں کوئی بھی نہیں جاتا تھا۔ ہم چھت کو نانا کی لیبارٹری کہتے تھے۔ میری نانی اکثر آپ کا درس سنتی اور جمعرات کی صبح مجھے کال کردیتی تھی کہ بیٹا مجھے آج شام کو حکیم صاحب کا درس سننا ہے تم مجھے وہاں چھوڑ آؤ تو میں چھوڑ آتا تھا۔ نانی کے گھر میں عبقری کے بہت سے سفوف اور دیگر ادویات ہر وقت موجود رہتے تھے۔ ایک روز اچانک امی کو نانی کی کال آئی کہ جلدی سے آجاؤ تمہارے والد پر گرم عرق گر گیا ہے یہ سنتے ہی فوراً میں والدہ کو موٹر سائیکل پر نانی کے گھر لے آیا جب آ کر دیکھا تو نانا کے جسم کا کافی حصہ متاثر ہوگیا تھا لیکن چھالے نہیں بنے ہوئے تھے میں نے نانی سے کہا لگتا ہے اگر پانی گرا ہے تو چھالے تو بنے ہی نہیں جس پر نانی نے کہا کہ میرے پاس عبقری دواخانہ کی ''آگ شفاء'' موجود تھی جو فوراً سے میں نے لگادی اس وجہ سے چھالے نہیں بنے۔ میں یہ سن کر حیران تھا کہ ایک دیسی چیز ہو کر اتنا جلدی اثر کرتی ہے۔ خیر نانا چند ماہ میں بالکل ٹھیک ہوگئے دوائی کھانے کے ساتھ ساتھ وہ صرف آگ شفاء ہی لگایا کرتے تھے جس وجہ سے جلد صحت یاب ہوگئے۔ مگر اس واقعے کے بعد میرا بھی عبقری کی ادویات پر اعتماد بڑھ گیا اور اب میرے گھر میں بھی عبقری دواخانے کی بہت سی ادویات موجود ہیں اور میں آپ کا درس بھی سنتا ہوں۔ (محمد علی، نشتر کالونی)

## آرام کرنے کی عمر تھی کمر اور پٹھوں کے دردوں نے آپکڑا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 60 سال ہے میں 35 سال سرکاری جاب کرنے کے بعد ریٹائرڈ ہوگیا ہوں گھر فارغ بیٹھ بیٹھ کر لیٹ لیٹ کر میری کمر اور پٹھوں میں درد ہونا شروع ہوگیا بچے کوئی کام کرنے نہیں دیتے کہتے ہیں کہ آپ نے بہت کام کرلیا اب آرام کریں۔ اکثر ایسا ہوتا کہ جسم میں اتنا درد ہوتا کہ ہسپتال جانا ہی پڑتا جہاں ایک انجکشن لگنے کے بعد مجھے سکون میسر آتا بس پھر اس انجکشن کی جیسے عادت سی ہوگئی ہو۔ ایک ماہ میں تقریباً دو انجکشن تو لازمی لگ جاتے تھے۔ پھر ایک دن میرا چھوٹا بیٹا میرے لیے عبقری دواخانہ سے ''کمر جوڑ اور پٹھوں کا درد کورس'' لے کر آیا۔ میں نے پوچھا کس نے بتایا ہے تو اس نے کہا میرے دوست کی والدہ کو بھی کمر اور پٹھوں میں درد رہتا تھا اب وہ یہ کورس استعمال کرتی ہیں جس سے بہت فائدہ حاصل ہوا ہے۔ خیر میں نے بھی دوائی کا استعمال کرنا شروع کردیا پندرہ دن کا کورس مکمل کرنے کے بعد جسم میں عجیب سی طاقت کو محسوس کیا۔ میں اعصابی طور پر بھی کمزور تھا لیکن اس دوائی کے استعمال کے بعد اعصابی کمزوری میں بھی کمی ہوئی۔ اس کے بعد میں نے دو اور کورسز منگوائے اور وہ بھی باقاعدگی سے استعمال کیے جس کی بدولت انجکشن سے میری جان چھوٹ گئی۔ اب دوائی بھی میں کبھی کبھی کھاتا ہوں کمر اور پٹھوں کا درد بالکل ٹھیک ہوگیا ہے اور اعصابی طور پر بھی میں بہت مضبوط ہوگیا ہوں پہلے چند قدم چلتے ہی سانس پھول جاتا تھا اس لیے باہر موٹر سائیکل پر ہی آنا جانا ہوتا تھا لیکن اب بازار سے کوئی گھر کی اشیاء لانی ہوں تو موٹر سائیکل نہیں لے جاتا بلکہ پیدل ہی جاتا ہوں۔ (محمد حسین، فتح جھنگ)

## لیکوریا ہونے سے عبادات سے بھی محروم ہوگئی تھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت ہی شوق سے پڑھتی ہوں اور عبقری دواخانہ کی ادویات کا استعمال بھی کرتی ہوں۔ میری عمر 24 سال ہے پچھلے دو ماہ سے مجھے لیکوریا کا مسئلہ ہوگیا ہر وقت ناپاک رہتی جس وجہ سے عبادات میں بھی خلل ہوتا۔ بہت ہی زیادہ پریشان تھی اس پریشانی سے مجھے عبقری نے نکالا۔ وہ ایسے کہ عبقری دواخانہ کی دوائی ''لیکوریا شفاء'' کے استعمال سے مجھے اس مرض سے نجات مل گئی۔ ورنہ اس سے پہلے تو میں کافی انگریزی ادویات کا استعمال کرچکی تھی کیونکہ دیسی ادویات پر مجھے بھروسہ نہیں تھا لیکن جب انگیریزی ادویات سے تنگ ہارگئی تھی پھر میں نے دیسی ادویات استعمال کرنے کا سوچا اور پہلی ترجیح میری عبقری دواخانہ تھا کیونکہ آپ کے دواخانے کی ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ ہوتی ہیں اور میرے خاندان میں دو سے تین لوگ آپ کی ادویات کا اکثر استعمال کرتے تھے اور جہاں بھی کسی محفل میں بیٹھتے تو عبقری کا ذکر لازمی کرتے تھے اور ایسے دعویٰ سے عبقری کی ادویات کی بات کرتے کہ سو فیصد آپ ٹھیک ہوجائیں گے۔ ان سے متاثر ہوکر میں نے عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا اور عبقری دواخانہ کی ادویات استعمال کرنے کا سوچا تھا۔ آج گھر میں کسی کو بھی کسی قسم کی تکلیف ہو تو سب سے پہلے میں عبقری رسالہ سے اس تکلیف کے لیے دوائی کا انتخاب کرتی ہوں۔ میرے تجربے میں ایک اور بات آئی ہے کہ آپ جس مرض کے لیے دوائی استعمال کررہے ہوں وہ مرض تو ٹھیک ہوجاتا ہے اس کے ساتھ ساتھ اگر کوئی اور بھی آپ کو جسمانی بیماری ہو تو وہ بھی ٹھیک ہوجاتی ہے یعنی ایک دوائی میں کتنے ہی امراض سے شفاء پانے کا نسخہ ہے۔ (ص، ب۔ چوہنگ)

## پیچش کی پرانی بیماری سے نجات مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے پچھلے پانچ سال سے پرانی پیچش کی بیماری تھی۔ جس دن پیچش لگ جاتے تو اگلے دو دن تک جاری رہتے ان دنوں میں حالت غیر ہوجاتی تھی۔ اور دوائی کا استعمال تو میں نے ویسے ہی ترک کردیا تھا کیونکہ ادویات کا وافر استعمال کرنے کے باوجود یہ بیماری جان نہیں چھوڑ رہی تھی اس لیے دوائی لینا بند کردیا تھا۔ ایک روز میرا دوست میری عیادت کرنے کے لیے آیا تو اس کو میں نے تمام صورتحال سے آگاہ کیا تو اس نے کہا گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے تم ایسا کرو عبقری دواخانہ چلے جاؤ۔ میں اگلے ہی روز عبقری دواخانہ چلا گیا جہاں آپ کے اسسٹنٹ صاحب سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے مجھے ''پیچش شفاء'' کے استعمال کا مشورہ دیا دو ڈبی لی اور اس کا استعمال شروع کیا مسلسل استعمال سے مجھے بیماری سے نجات مل گئی۔ (آصف علی، جیا موسیٰ)

## میری کتب، میرے مسائل کا حل بن گئیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ گزشتہ چار ماہ سے مسلسل پڑھ رہے ہیں، اس رسالے نے ہمیں واقعی ہی خوشحال زندگی جینے کا گر بتادیا ہے۔ مجھے پڑھنے لکھنے کا بچپن سے ہی شوق ہے، میرے گھر ڈھیروں دینی و علمی کتب، رسائل، ڈائجسٹ پڑے تھے، عبقری میں ایک تحریر پڑھی ''فالتو کتابیں رسالہ صدقہ جاریہ بنیں'' میری کچھ پریشانیاں تھیں، ایک دو کام اٹکے ہوئے تھے، میں نے ان کاموں کے حل ہونے کی نیت کرکے تمام کتب دفتر ماہنامہ عبقری لاہور کے ایڈریس پر تمام کتب بذریعہ پارسل بھجوادیں۔ پہلا فائدہ یہ ہوا کہ وہ کتب محفوظ ہوگئیں، دوسرا مجھے یقین ہوگیا کہ میرا بھیجا یہ کتب کا خزانہ اب صرف خیر کے لیے استعمال ہوگا تیسرا فائدہ مجھے یہ ہوا کہ حیرت انگیز طور پر میرے مسائل حل ہونا شروع ہوگئے اور باقاعدہ مجھے محسوس ہوا کہ میری بھیجی کتب مجھے اب فائدہ دے رہی ہیں۔ واقعی عبقری میں جو لکھا تھا سچ لکھا تھا کہ کتابیں صدقہ جاریہ بنیں! (کامران، پشاور)

نارمل ڈیلیوری کیلئے پاس رکھیں لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر ملاحظہ کریں

سٹیکر گاڑی-/200 روپے
موٹر سائیکل-/10 روپے

عبقری اسٹیکر اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں

عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی موٹر سائیکل اور گاڑیوں پر لگا کر دکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔

# کھانسی دانت درد ودیگر امراض سے حیران کن نجات پائی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پانچ سال سے عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں۔اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی مختلف ادویات بھی استعمال میں ہیں۔ مجھے شفائے حیرت سیرپ اور بنفشی قہوہ سے بہت آرام آیا۔ موسم سرما کا آغاز ہوتے ہی مجھے کھانسی شروع ہو جاتی تھی جو کہ پھر پورا سیزن ختم نہیں ہوتی تھی۔ شفائے حیرت سیرپ اور بنفشی قہوہ سے صرف دو دن میں میری کھانسی ختم ہو جاتی ہے۔اس سے پہلے تو انگریزی ادویات کا کثرت سے استعمال کر چکا تھا جس سے میرا معدہ بھی خراب رہنا شروع ہوگیا تھا۔ پھر عبقری رسالہ میں شفاء حیرت اور بنفشی قہوہ کے بارے میں پڑھا تو دواخانہ سے لے کر آیا اور باقاعدگی سے استعمال کرنا شروع کیا ماشاء اللہ سے سردی شروع ہوتے ہی ہونے والی کھانسی ختم ہوگئی۔ اس کے لیے عبقری دواخانہ ہی کی جوہر شفاء مدینہ میرا پورا گھر استعمال کرتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں جوہر شفاء مدینہ ایسی اینٹی بائیوٹک ہے کہ ہر قسم کے اندرونی وبیرونی جسم درد کے لیے بہت ہی زیادہ مفید ہے۔ گھر میں کسی بچے کو کوئی پیٹ یا دوسری تکلیف ہو اس کے لیے اور خواتین کے ایام کا مسئلہ بھی اسی سے ٹھیک ہو جاتا ہے لاجواب دوائی ہے۔ ایک رات میرے دانت میں درد ہونے لگا حالانکہ دانت تو ٹھیک تھا نہ اس میں کیڑا لگا تھا نا ہی کوئی اور مسئلہ تھا لیکن اچانک سے آدھی رات کو درد ہونے لگا اور درد ایسی کے سونے بھی نہ دے اب کوئی ڈاکٹر بھی اس وقت میسر نہیں تھا تو میں نے اپنے طور پر جوہر شفاء مدینہ کی ایک چٹکی دانت کے گرد لگا دی ٹھیک پانچ منٹ بعد میرے دانت سے خون اور پیپ نکلنا شروع ہوگیا اور آدھے گھنٹے کے اندر مجھے دانت درد سے چھٹکارا مل گیا۔اس تجربہ کے بعد جوہر شفاء مدینہ پر میرا اعتماد اور بڑھ گیا کہ واقعی یہ لاجواب دوائی ہے۔گلی محلے میں بھی کسی کو کوئی معدہ یا پیٹ کا مسئلہ ہو تو وہ ہمارے گھر آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ پھکی دے دو۔اور میں بطور ہدیہ پھکی دیتا ہوں۔ جوہر شفاء مدینہ کی ڈبی ہر وقت میری میں موجود ہوتی ہے جو وقت ضرورت میرے کام آتی ہے۔ میری ایک رشتے دار سے شادی میں ملاقات کھانے کے بعد مجھ سے کہنے لگے کہ کھانا تو کھا لیا تھوڑی دیر میں سینے کی جلن شروع ہو جائے گی جو تین چار دن تک میرا پیچھا نہیں چھوڑے گی۔ میں نے ان کہ یہ لو پھکی فوراً پانی کے ساتھ کھا لو اگر سینے میں جلن مجھ سے کہنا۔ اس نے پھکی کھائی اور جب شادی سے ہوئے تو کہنے لگا کہ یار کمال کی پھکی ہے کھانا کھائے ہو گئے ہیں اور جلن کا نام بھی نہیں تو میں نے یہ سن کر پو انہیں ہدیہ کردی اور وہ دن اور آج کا دن وہ بھی جو مدینہ کا استعمال کرنا شروع ہو گئے۔(پوشیدہ)

## دس سال پرانی گھٹنے کی درد ختم ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر اس وقت 35 سال ہے جب میں 25 سال کا تھا تو کرکٹ کھیلتے ہوئے جس وجہ سے میرے گھٹنے کا اندر کا ماس پھٹ گیا تھا اس وقت تو خوب جوانی تھی درد محسوس نہیں ہوتا تھا لیکن آج دس سا جب بھی سردی آتی ہے تو اسی جگہ درد اٹھتا ہے اور تمام سردی رہتا ہے درد سے نجات کے لیے کافی آئل اور انگریزی ادویا کھائی لیکن چند دن ٹھیک رہنے کے بعد درد دوبارہ شروع ہو جاتا۔ میں نے تھک ہار کر تمام ادویات وغیرہ کھانا بند کردی درد کے ساتھ جینا سکھ لیا۔ایک روز بس میں دوسرے شہر جاتے ہوئے ایک بزرگ سے ملاقات ہوئی باتوں باتوں میں ان کو اپنے اس درد کے بارے میں بتایا تو اس نے کہا کہ تم لاہور میں رہتے ہو؟ میں نے کہا جی۔تو بولے تمہیں عبقری دوا پتہ ہے۔ میں نے کہا نہیں۔انہوں نے مجھے ایڈریس دیا اور کہا کہ وہاں سے جا کر ''دردی ہربل بام'' لے آؤ اور اس کا استعما آج کل سردی ہے تو اس لیے ہلکا نیم گرم کر کے گھٹنے کی اچھی طرح مالش کرنا اور گرم پٹی باندھ کر سو جانا۔ میں اگلے دن لاہو ہی عبقری دواخانہ گیا اور دردی ہربل بام لی اور اس دن سے باقاعدگی سے لگانا شروع کردی تقریباً ڈیڑھ ہفتے بعد ہی میر میں نمایاں کمی ہوئی اور یوں ڈیڑھ ماہ کے استعمال سے دس سال پرانی گھٹنے کی درد ختم ہوگئی۔(شکیل رضا، لاہور)

## ایک ماہ میں پانچ بار ڈائیلسسز ہوتے تھے اب افاقہ ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری خالہ زاد کی عمر 28 سال ہے اور اتنی عمر میں وہ گردوں کی بیماری میں مبتلا ہوگئی جس وجہ سے دونوں گردے متاثر ہوئے ایک ماہ میں چار سے پانچ بار ڈائیلسسز کروانا پڑتے۔ میری اچھی سہیلی بھی وہ ہی ہے مگر بیماری نے اس سے تمام خوشیاں چھین لی تھیں۔ جب بھی فون پر بات کرتی تو وہ زیادہ بات نہیں کر پاتی تھی تکلیف کے باعث کیونکہ تھوڑی دیر بات کرنے کے بعد ہی اس کا سانس پھولنا شروع ہو جاتا تھا اس لیے ڈاکٹرز نے کم بات کرنے کا مشورہ دیا تھا۔ میرے گھر میں عبقری ادویات کا استعمال اکثر رہتا ہے ہاضمہ خاص، جوہر شفاء مدینہ، عبقری مشروب، ٹھنڈی مراد میرے گھر میں ہر وقت موجود رہتی ہیں۔ میں نے سوچا کہ کیوں نا ''گردے فیل شفاء'' دوائی اپنی سہیلی کے لیے بھیج دوں تاکہ اس کے مرض میں کمی واقع ہو۔ میں نے ''گردے فیل شفاء'' ڈبی بھی اپنے بھائی کے ہاتھ گاؤں بھیج دی اور باقاعدگی کے ساتھ استعمال کرنے کا کہا۔ تقریباً ایک ماہ بعد مسلسل دوائی کے استعمال سے میری سہیلی کے ڈائیلسسز میں کمی واقع ہوگئی پہلے ایک ماہ میں پانچ مرتبہ ڈائیلسز ہوتا تھا لیکن اب تین بار ڈائیلسسز ہونا شروع ہوگئے۔ یعنی مرض میں کمی واقع ہوئی۔ میں نے اس کے لیے مزید دوائی بھیج دی کہ دوائی کا استعمال کرتی رہنا اللہ پاک آہستہ آہستہ تمہیں صح فرمائے گا۔ اب بھی وقتاً فوقتاً اس کی طبیعت بار دریافت کرتی رہتی ہوں آگے سے بہت بہتر ہوگئ عبقری دواخانہ کی فوڈ آئٹمز بھی میرے گھر میں ہر وقت جن میں شاہی ناشتہ، تلبینہ سرفہرست ہیں۔ تلبینہ کا گھر میں بہت ہی زیادہ ہوتا ہے بچوں کو صبح سکول ہوئے دودھ میں استعمال کرواتی ہو جس سے وہ ذہنی طور پر تندرست اور مضبوط رہتے ہیں اور پڑھائی میں کی گرفت مضبوط ہوگئی ہے۔اس کے علاوہ عبقری ر دیئے گئے وظائف بھی کرتی ہوں جس کی برکت سے کام بھی ممکن ہو جاتا ہے اور اپنے بچوں کو بھی ہر رات سے قبل چھوٹا سا وظیفہ کرواتی ہوں تاکہ وہ بھی وظائف زندگی کا حصہ بنالیں۔(ز۔ا، لاہور)

بے راہ روی کا شکار راہ راست پر
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

خواتین کے ہارمونز کے نظام اور ایام خاص کی بے قاعدگی کیلئے خاص الخاص دوا
ایام شفاء سیرپ
قیمت 150/- روپے

خون صاف، چہرہ شاداب، ہارمونز نظام بہتر
مخصوصہ کی خارش کا لاجواب علاج رحم میں
ہو یا ورم ''ایام شفاء'' سے دوستی کیجئے!

## صبح اٹھتے ہی چھینکیں

موسم بدل رہا ہے۔ مجھے صبح اٹھتے ہی چھینکیں شروع ہو جاتی ہیں۔ میں بازار سے ماہانہ سودے کے ساتھ اینٹی الرجک گولیاں بھی لاتی ہوں۔ میری ایک سہیلی نے بتایا کہ زیادہ گولیاں کھانی ٹھیک نہیں۔ (عزیزہ، شورکوٹ)

مشورہ: اصل میں جب موسم بدلتا ہے تو کچھ لوگوں کو نزلہ، درد، بخار ہو جاتا ہے۔ کچھ کو چھینکوں کی وجہ سے کام کرنا مشکل نظر آتا ہے۔ آپ کی سہیلی نے صحیح کہا زیادہ گولیاں کھانے سے صحت پر مضر اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ احتیاط کرنی چاہیے۔ ایک لیموں کا رس صبح کو نیم گرم پانی میں شہد ملا کر پینے سے بھی قوت مدافعت بڑھ جاتی ہے۔ شربت عناب سب سے اچھی دوا ہے۔ یہ حساسیت دور کر دیتا ہے۔ اسی طرح لہسن بھی مفید ہے۔ روزانہ کھانے کے ساتھ آپ لہسن کی چٹنی بنوایئے۔ لہسن دیسی ہونا چاہیے۔ ایک دو ثابت پوتھیاں لہسن کی چھیل لیں۔ اس میں ایک چائے کا چمچ سفید زیرہ، نمک، آٹھ دس ہری مرچیں اور ثابت لال مرچ چار عدد ملا کر چٹنی پیس لیں۔ اس میں مٹھی بھر پودینہ کے پتے ملا کر دوبارہ پیس کر رکھ لیں، فائدہ ہوگا۔ ہاضمہ بھی صحیح رہے گا۔ میتھی کے بیج جنہیں میتھی دانہ یا میتھرے کہتے ہیں چھ گرام لے کر صاف کر کے دھو کر ایک کپ سے ذرا زیادہ پانی لے کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ میتھی دانے کی یہ چائے الرجی کے لیے بے حد مفید ہے۔ ایک کپ پانی رہ جائے تو اتار کر چھان کر ذرا سا شہد ملا کر پی لیا کریں۔ ایک ڈیڑھ ہفتہ پینے سے چھینکوں میں فرق پڑ جائے گا۔ میتھی دانے کی چائے منہ کی بدبو بھی دور کرتی ہے۔ اس کے لیے دن میں دو دفعہ یہ چائے پئیں۔ غذا میں چٹ پٹی چیزیں کھانا چھوڑ دیں۔ دہی، سلاد، گھیا، ٹینڈے، پالک کھایئے۔

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

## گھر والوں کا رویہ اور خود اعتمادی

بی ایس سی کر چکیں مگر اپنے آپ میں بالکل اعتماد نہیں پاتی۔ کیا عمر، وقت اور علم کے ساتھ خود اعتمادی پیدا ہوتی ہے؟ (پوشیدہ، کوہاٹ)

مشورہ: ایک ہی ماں کی کوکھ سے جنم لینے والے بچے بہت زیادہ ذہین بھی ہوتے ہیں اور کوئی بچہ کوڑھ مغز بھی۔ اب اسے کیا کہہ سکتے ہیں۔ آپ ماشاء اللہ پڑھی لکھی ہیں، تشویش اور فکر میں کیوں مبتلا ہیں؟ آپ کے اندر کوئی خوف چھپا ہوا ہے جسے آپ اپنے آپ سے بھی چھپا رہی ہیں۔ بعض دفعہ گھر والوں کا رویہ بھی بچیوں کو پریشان کر دیتا ہے۔ گھریلو ازدواجی تلخیاں بھی ہوتی ہیں اور محبتیں بھی، ان سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ آپ صرف یہ سوچئے کہ اس دنیا میں طرح طرح کے لوگوں سے پالا پڑتا ہے۔ اگر ان کی باتیں بوجھ بنا کر ذہن پر لاد لی جائیں تو زندگی کیسے گزرے گی۔ خود اعتمادی کا فقدان ان لوگوں میں ہوتا ہے جو ہار مان جائیں۔ پانچوں وقت نماز پڑھنے سے ظاہری اور باطنی صفائی ہوتی ہے۔ اس لیے نماز کی پابندی کریں۔ آپ اپنے ذہن سے سارے منفی خیالات نکال دیجئے، تعلیم پر توجہ دیجئے، آپ کی خود اعتمادی بڑھنے لگے گی۔ آپ خود حیران ہوں گی کہ زندگی آپ کیلئے کس قدر آسان ہو گئی ہے۔ ہر قسم کی ذہنی و جسمانی پریشانیوں سے بچنے کیلئے اللہ تعالیٰ کے آگے سجدہ ریز ہوں۔ اپنی غذا میں دودھ، دہی، شہد، تازہ پھل شامل کریں۔ چٹ پٹے کھانے چھوڑیئے، روز دو تین کیلے ضرور کھایئے۔ آپ کی صحت پر اچھا اثر پڑے گا۔

## آنکھ کا کالا موتیا

میرے ابو کی آنکھ میں کالا موتیا اتر رہا ہے۔ مجھے اپنے ابو سے بہت محبت ہے۔ وہ غذا میں بہت کم کھانا لیتے ہیں۔ کوئی ایسی چیز جس سے میرے ابو صحت مند ہو جائیں اور میں ان کو کیا پکا کر کھلاؤں جس سے ان کی کمزوری دور ہو۔ (صفیہ ناز، پشاور)

مشورہ: آنکھ کا کالا موتیا ہے تو کسی اچھے سرجن سے آپریشن کرانا ہوگا۔ دوائیوں سے نہیں جائے گا۔ آپ ان کا آپریشن کرایئے۔ ناشتے میں آپ گیہوں کا دلیہ دودھ میں پکایئے اور اس میں ایک بڑا چمچ شہد ملا کر کھلایئے۔ شہد سے توانائی آتی ہے۔ شوربے میں سبزی ملا کر پکایئے۔ پھل کی سلاد بنا کر کھلائیں۔ غذا ہی سے صحت بہتر ہو سکتی ہے۔

## حافظہ کمزور

عمر 22 سال، پڑھتی ہوں۔ میرا دل چاہتا ہے خوب پڑھ لکھ کر ملک کیلئے کام کروں، مگر میرا وزن بھی کم ہے اور قوت حافظہ بھی۔ جو پڑھتی ہوں یاد نہیں رہتا۔ اس کے لیے مجھے مشورہ دیجئے۔ (لبنیٰ، لاہور)

لوگ تو سمارٹ ہونا چاہتے ہیں موٹاپا برا لگتا ہے، دبلا ہونا بری بات نہیں۔ کچھ لوگ دبلے ہی رہتے ہیں۔ ہاں قوت حافظہ بہت ضروری ہے۔ سب سے پہلی بات تو یہ کہ آپ نماز کی پابندی کریں۔ نماز بہت ضروری ہے۔ صبح کی نماز کے بعد پندرہ منٹ صبح کی سیر کریں کسی بھی پارک میں چلی جائیں آپ کو بہت اچھا لگے گا۔ رنگا رنگ پھول، سبزہ، درخت دیکھ کر آپ کو خوشی ہوگی۔ سات یا نو بادام اور ایک چھوٹا چمچ کشمش رات کو آدھے کپ پانی میں بھگو دیجئے۔ صبح بادام چھیل کر کھایئے اور کشمش کے دانے بھی اور پانی پی لیجئے۔ اس کے آدھ گھنٹہ بعد ناشتہ کریں۔ دن میں چار کیلوں کا ملک شیک پئیں۔ کیلے آپ کے لیے بے حد مفید ہیں۔

## چلہ (زچگی کے بعد) کی احتیاط اور غذا

بچے کی پیدائش کے بعد کیا احتیاط کرنی چاہیے۔ یہ خواتین کا بڑا مسئلہ ہے۔ الٹی سیدھی ادویہ اور چیزیں کھا کر ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے۔ (ن، س۔ لاہور)

مشورہ: پہلے زمانے میں زچہ خواتین کی بہت احتیاط کی جاتی تھی۔ عام طور پر بچوں کی ولادت گھر پر ہوتی، مگر جو بچے ہسپتال میں جنم لیتے ان کی بھی احتیاط کی جاتی۔ ململ کا پرانا دوپٹہ لے کر اس کی لمبائی کے رخ چار پانچ تہ کی جاتیں، تقریباً ایک بالشت چوڑائی، تو پیٹ پر پٹی کس کر باندھی جاتی، کناروں پر سیفٹی پن لگا یا جاتا۔ پٹی باندھنے سے بڑا فائدہ ہوتا۔ کم از کم پندرہ روز صبح شام پٹی باندھی جاتی۔ ویسے چالیس روز باندھنے کی ہدایت ہوتی تھی۔ آج بھی برصغیر پاک و ہند میں خواتین کی کمر اور پیٹ پر چربی نہیں چڑھتی اور وہ بہت نازک نظر آتی ہیں۔ پھر گھروں میں سونٹھ اجوائن پیس کر رکھ لی جاتی اور کھانا کھانے کے بعد چٹکی بھر سفوف کھا لیا جاتا۔ اس کے ساتھ ساتھ چہار عرق پلائے جاتے خصوصاً مکو کا عرق دیا جاتا جس سے فاضل رطوبت جسم سے خارج ہو جاتی۔ بچہ ہونے کے ایک ماہ بعد چکنی چیزیں کھانی چاہئیں۔ زچہ کے لیے اچھوانی بنتی جو سارے گھر والے پیتے۔ بہت مزے کی ہوتی تھی۔ میوہ جات ہوتے' گوند بنایا جاتا، اس میں کمرکس ڈالی جاتی۔ شوربے والی ہلکی غذا دیتے۔ اب تو بچہ کی ولادت کے ساتھ خواتین مرغ روسٹ کھاتی نظر آتی ہیں۔ غذا سادہ اور اچھی ہونی چاہیے۔ سبزیاں اور پھل کھانے چاہیے۔ زچگی کے بعد آپ ایک دن آرام کریں۔ اگلے دن سے آپ تھوڑا بہت چلنا شروع کریں۔ اگر آپریشن سے بچے کی ولادت ہوئی ہے تو آپ سیڑھیاں چڑھنے، وزن اٹھانے سے گریز کریں۔ اس سے ٹانگوں میں تکلیف ہو سکتی ہے۔ معمول کی پیدائش کے بعد صبح شام دس منٹ کے لیے آپ پیٹ کے بل لیٹ سکتی ہیں۔ اس سے بھی پیٹ کم ہوتا ہے۔ زچگی کے فوراً بعد آپ مرغن غذا سے پرہیز کریں۔ سادہ غذا کھایئے۔ روٹی، چاول، شوربا، پھل، دودھ، انڈے، گوشت پر مشتمل غذا کھایئے۔

آسیب زدہ کے گلے میں ڈال دیں
لاہوتی نقش صفحہ 41 پر ملاحظہ کریں

حاملہ اور دودھ پلانے والی ماؤں کیلئے
نہایت لذیذ اور صحت بخش ٹانک
دوران حمل کے مسائل اور کمزوری کیلئے اکسیر
قیمت -/120 روپے
صحت مند اور تندرست بچے
حاملہ ٹانک

# مغز بنولہ! جسمانی کمزوری دور کرنے کا بہترین ذریعہ

ڈی اے دانش

کپاس کے خوبصورت پھول کے اندر سیاہ یا گہرے بھورے رنگ کے بیج پائے جاتے ہیں اسے بنولہ کہا جاتا ہے ان بیجوں کا سخت چھلکا الگ کردیا جائے تو اندر سے مغز نکلتا ہے جسے مغز بنولہ کہا جاتا ہے۔ مغز بنولہ کو کئی امراض کے علاج کے لیے نیز جسم کو طاقت بخشنے کے لیے تنہا یا دیگر دواؤں کے ساتھ استعمال کروایا جاتا ہے۔

مغز بنولہ غذائی اعتبار سے قیمتی اجزاء سے مالا مال ہے۔ اس میں نشاستہ، پروٹین اور روغنیات پائے جاتے ہیں۔ اور اس کے نشاستہ میں ایک خاص قسم کی شکر بھی ہوتی ہے۔ بنولہ میں موجود پروٹین میں امینوایسڈز کی بڑی مقدار موجود ہوتی ہے جو جسم کی نشوونما میں نمایاں حصہ لیتی ہے۔ بنولہ میں کئی اہم معدنیات بھی موجود ہوتے ہیں جن میں فاسفورس، کیلشیم، فولاد، پوٹاشیم، سوڈیم میگنیشیم، میگنیز، المونیم، جست، گندھک، کلورین اور تانبا کے اجزاء شامل ہیں۔ ان اہم معدنیات کی بدولت مغز بنولہ، خون کو درست رکھنے، ہڈیوں کو مضبوط کرنے، دماغ و اعصاب کو تقویت دینے، جوڑوں کو قوت دینے اور دودھ کی پیدائش بڑھانے میں مفید ہے۔

مغز بنولہ کی یہ انفرادیت ہے کہ اس میں دیگر روغنی بیجوں کے مقابلے میں فاسفورس کی مقدار سب سے زیادہ ہے۔ فاسفورس، ہڈیوں، اعصاب اور دماغ کی پرورش میں بڑا اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے مغز بنولہ بچوں کے لیے بہت مفید ہے کیونکہ، بچوں کا جسم اور ہڈیاں بڑھ رہی ہوتی ہیں۔ زیادہ دماغی کام کرنے والے افراد بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ بنولہ میں وٹامنز بھی کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ وٹامن میں سب سے قیمتی وٹامن بی ہے۔ بنولہ میں بی کمپلیکس کثیر مقدار میں پایا جاتا ہے۔ اور وٹامن بی کمپلیکس کی جتنی اقسام ہیں وہ سب اس میں ملتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مغز بنولہ دماغ و اعصاب کو قوت دینے، جوڑوں کو مضبوط بنانے جگر کے فعل کو درست رکھنے اور دوران خون اور خون کا دباؤ درست رکھنے میں معاون ثابت ہوا ہے۔

بنولہ میں وٹامن اے، وٹامن ڈی اور وٹامن ای بھی قابل ذکر مقدار میں موجود ہوتے ہیں۔ ان وٹامنز کے باعث مغز بنولہ بینائی کو بحال کرنے، اسے تقویت دینے، نیز ہڈیوں میں کیلشیم کو جذب کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے وٹامن اے جلد اور بالوں کو صحت مند رکھنے میں نمایاں کردار ادا کرتا ہے۔

**مغز بنولہ کے طبی فوائد:** گردوں کے سخت ورم کو دور کرنے اور گردوں کو طاقت دینے میں مغز بنولہ استعمال کروایا جاتا ہے۔ اس کے لیے مغز بنولہ ۲۵ گرام، ایک کپ پانی میں پیس لیا جائے اور پھر اسے چھان کر صبح اور شام پلایا جاتا ہے اور ایک صورت یہ ہے کہ مغز بنولہ سو گرام اور ریوند چینی بیس گرام لے کر خوب باریک پیس لیتے ہیں اور چنے کے برابر گولیاں بنا کر خشک کرلیتے ہیں۔ ہر چار گھنٹے بعد ایک گولی پانی یا نصف کپ عرق مکو یا عرق کاسنی کے ساتھ دی جاتی ہے۔

کمزور جسم کو فربہ کرنے اور دودھ پلانے والی ماؤں کو دودھ کی مقدار بڑھانے کے لیے ۲۵ گرام مغز بنولہ کو پانی یا دودھ میں پیس کر شکر سے میٹھا کرکے پلایا جاتا ہے۔ صبح اور شام دونوں وقت یہ مشروب دیا جاسکتا ہے۔ تاہم ہر مرتبہ تازہ بنانا چاہیے۔ ایک اور طریقہ یہ ہے کہ مغز بنولہ، دھنیا، تخم خشخاش سفید، برابر مقدار میں لے کر ان کا باریک پاؤڈر تیار کرلیا جائے اور پھر ان کے ہموزن شکر ملا کر رکھ لی جائے۔ روزانہ صبح نہار منہ اور رات سونے سے قبل کھانے کا ایک چمچ بھر کر دودھ یا پانی کے ساتھ لیا جائے۔ یہ نسخہ مذکورہ تکلیف کے لیے انتہائی مفید ہے۔ اس کے علاوہ یہ عام جسمانی کمزوری دور کرنے میں بھی مفید ثابت ہوا ہے۔ مغز بنولہ دس گرام، بادام شیریں سات عدد، تخم خشخاش سفید چھ گرام، مغز تخم تربوز چھ گرام پانی کی مدد سے خوب باریک پیس کر چھان لیں اور دودھ میں ملا کر پئیں تو مذکورہ تکلیف دور ہوجاتی ہیں۔

کمر کے درد کو رفع کرنے میں بنولہ بڑی شہرت کا حامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عربی میں بنولہ کا نام حب القطن یعنی کمر کے بیج رکھ دیا گیا ہے۔ کمر درد کے علاوہ جوڑوں کے درد کی بیشتر اقسام خصوصاً اعصابی کمزوری یا وٹامن کی کمی سے پیدا ہونے والے درد میں مغز بنولہ کو استعمال کروایا جاتا ہے ان شکایات کو دور کرنے کے لیے مغز بنولہ مذکورہ بالا طریقے سے استعمال کیا جاسکتا ہے یا پھر ۴۵ گرام مغز بنولہ کو ہلکا ہلکا کوٹ کر رات کو ایک کپ گرم پانی میں بھگو دیں اور صبح اس پانی کو نتھار کر اس میں دو چمچ شہد ملا کر لیں۔ وہ افراد جنہیں حال ہی میں شوگر ہوگئی ہو وہ بھی اسی طریقے کو آزما سکتے ہیں تاہم انہیں چاہیے کہ پانی میں شہد نہ ملائیں۔ (باقی صفحہ نمبر 57 پر)

# ڈسک پرابلم دم کروایا بالکل ٹھیک

([illegible])

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں' بہت ہی لاجواب ہے' آپ کے درس بھی سنتی ہوں' بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملتا ہے آپ ہر ماہ جو اسم اعظم کا روحانی دم کرتے ہیں اس کے بہت سارے روحانی و طبی فوائد ہیں' مجھے اسم اعظم کے روحانی دم کی وجہ سے جو کچھ ملا وہ تمام آج میں عبقری قارئین کے سامنے رکھتی ہوں' آیئے! قارئین انوکھے فوائد پڑھیں۔ **ڈسک پرابلم ٹھیک:** میری اکثر ڈسک سلپ ہوجایا کرتی تھی اور کمر میں بہت درد رہتا تھا الحمدللہ اسم اعظم کے دم کی برکت سے میری کمر بالکل ٹھیک ہوگئی ورنہ پہلے تو ہر دو تین ماہ بعد ڈسک سلپ ہوجاتی تھی مگر دم کی برکت سے ایسی ٹھیک ہوئی کہ دوبارہ نہ ہوئی۔ **گھٹنوں کا شدید درد بالکل ختم:** گھٹنوں میں شدید درد رہتا تھا۔ نماز بھی کرسی پر بیٹھ کر پڑھتی تھی لیکن اسم اعظم کے دم کی برکت سے میرے گھٹنوں کا درد بھی ختم ہوگیا۔ **بیٹے کی نوکری کا مسئلہ حل:** میرے بیٹے کی نوکری کا مسئلہ تھا اسم اعظم کے دم کی برکت سے اسے نوکری مل گئی' پہلے اس کا کام کرنے کو دل نہ کرتا تھا لیکن اب کام کرنے کو بھی دل کرتا ہے اور محنت بھی بہت کرتا ہے۔ گھر میں رزق بھی کشادہ ہوگیا ہے۔

**طبی ٹوٹکہ:** کان میں ریشہ پڑجائے تو رتن جوت جو پنساری سے باآسانی مل جاتی ہے اسے تیل میں ڈال کر گرم کرنے کے بعد کانوں میں نیم گرم قطرے تین تین ڈالیں ان شاء اللہ ایک دو بار میں آرام آجائے گا۔

12 دسمبر 2021ء بروز اتوار نماز فجر کے بعد تسبیح خانہ لاہور میں شفائیہ دعا اور اس کے بعد اسم اعظم کا روحانی دم ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب' درس' مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں اجازت عام ہے۔ 7، 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

**اسم اعظم کا روحانی دم کروایا' فائدہ ہوا۔ ضرور لکھیے! لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ**

امتحانات میں کامیابی کیلئے لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے
خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہا سال تحقیق کے بعد کامیاب علاج
صرف دس دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ کے آپ خود حیران ہوں گے پریشان
ایام کی کمی وزیادتی | کولہے میں درد اور کھچاؤ | اندرونی ورم | بوجھ پڑنا | کمر درد | لیکوریا
پوشیدہ کورس قیمت -/600 روپے

# بلغم ریشہ دماغی کمزوری اور بالوں کا سفید پن ختم!

حکیم فاروق چوچھے والا

قارئین! بڑی بڑی بیماریوں میں آپ فوری علاج کے لیے دوڑتے ہوں گے لیکن یاد رکھیں کہ جسے آپ معمولی بیماری سمجھ کر علاج نہیں کرواتے یہی بیماری بہت سی مہلک بیماریوں کو پیدا کرسکتی ہے۔ یقیناً آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ یہ معمولی بیماریاں کونسی ہیں۔ دائمی نزلہ و زکام، کھانسی، ریشہ، کیرا اور ناک سے پانی اور چھینکیں آنا۔ یہ بیماریاں اس بات کو ظاہر کرتی ہیں کہ آپ کا جگر درست طریقے سے کام نہیں کررہا، اور آپ کے بدن میں بلغم کی افزائش زیادہ ہورہی ہے۔ یہ نسخہ دائمی ریشہ بلغم اور دماغی کمزوری کا نہایت کامیاب علاج ہے۔ جن خواتین وحضرات کے بال بلغم، ریشے کی زیادتی اور دماغی کمزوری کے باعث گر رہے ہیں یا وقت سے پہلے سفید ہورہے ہیں، ان کے لیے یہ نسخہ نہایت ہی مفید ہے۔ یہ نسخہ بالوں کو سیاہ کرتا ہے اور بینائی کو تیز کرتا ہے۔ معدے کو تقویت بخشتا ہے، معدے کی تمام بیماریوں کے لیے شفاء ہے۔ نسخہ: ہریڑ (ہلیلہ) کابلی ایک پاؤ ہریڑ کی گٹھلی نکال کر پھینک دیں صرف چھلکا استعمال کریں۔ مصری ایک پاؤ۔ دونوں اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ صبح نہار منہ ایک چمچ ہمراہ نیم گرم دودھ لیں اور ناشتہ ایک گھنٹہ بعد کریں۔ دوسری خوراک رات کو سوتے وقت ایک چمچ ہمراہ دودھ ایک پاؤ لیں پانی کیساتھ بھی کھا سکتے ہیں۔ علاج کچھ عرصہ جاری رکھیں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ بالکل کمزور آدمی اس نسخہ کی بجائے ہریڑ کا مربہ استعمال کریں۔ شوگر کے مریض چینی کی بجائے حسب ضرورت شہد خالص ڈال کر گولیاں بنالیں دو دو گولیاں صبح وشام ہمراہ دودھ لیں۔ ہریڑ کے متعلق امام رازی فرماتے ہیں کہ ہریڑ میں دو ہزار بیماریوں کا شافی علاج موجود ہے۔

# یہ عمل کیا اور 18 سالہ کرایہ داری کا دور ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے دو سال پہلے کی بات ہے عرق النساء کا درد تو بہت تھا تقریباً 1992ء میں اچانک شروع ہوا تھا پھر آج سے دو سال پہلے اچانک کمر میں شدید درد شروع ہوا بالکل معذور ہوگیا چلنے پھرنے سے عاجز بستر پر لیٹنا دشوار ہوگیا۔ ڈاکٹر سے چیک اپ کروایا تو اس نے فوری ایم آر آئی ٹیسٹ کروانے کو کہا رپورٹ آئی تو ڈاکٹر نے کہا اب آپریشن ہی ہوگا دوائی کا وقت گزر چکا ہے۔ آپریشن کے بغیر کوئی حل نہیں ہے۔ میں بہت پریشان ہوگیا۔ میری اہلیہ نے عبقری رسالہ میں ایک نسخہ پڑھا تھا فوری طور پر بنایا تقریباً اٹھارہ دن میں نے نسخہ استعمال کیا اللہ کے فضل سے عبقری کی بدولت میں بالکل ٹھیک ہوگیا ہوں اور ساتھ ہی عبقری میں ایک وظیفہ تھا جو گوجرانوالہ کے کسی شخص کا تھا گیارہ مرتبہ پڑھنا تھا وہ بھی ساتھ پڑھتا رہا الحمدللہ میں بالکل ٹھیک ہوگیا۔ نسخہ یہ ہے: اسگند ناگوری، سونٹھ، بکھرا ہم وزن پیس کر آدھا چمچ صبح، دوپہر، شام لیں نیم گرم دودھ یا تازہ پانی کے ساتھ لیں۔ وظیفہ: یَاحَفِیْظُ. یَاحَفِیْظُ. یَارَقِیْبُ. یَاوَکِیْلُ. یَانَاصِرُ. یَابَصِیْرُ. یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ۔ تسبیح خانہ کی بدولت رمضان کا پورا مہینہ مقیم رہا ذکر خاص میں اللہ تعالیٰ سے رو رو کر دعائیں کی اس برکت سے اللہ نے مدد فرمائی اٹھارہ سال سے ہم کرایہ کے مکان میں رہ رہے تھے اچانک ایسا سبب بنا کہ ہم نے اپنا گھر لے لیا۔ (طارق احمد، راولپنڈی)

# تین دن میں بال نکل آئیں گے! انوکھا نسخہ

کاشف عمران، فتح جنگ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک انتہائی کامیاب نسخہ ہے میرے بھانجے کو بالچر کا عارضہ لاحق ہوگیا اس کے بال گرنا شروع ہوگئے۔ بڑی پریشانی ہوئی، اسکن اسپیشلسٹ کو دکھایا انہوں نے کچھ کریمیں اور ادویات دیں، چند استعمال سے بال تو نہ نکلے لیکن بھانجے کا پیٹ خراب ہوگیا اسی طرح جگہ جگہ سے علاج کرواتے رہے مختلف ٹوٹکے بھی آزمائے لیکن بالوں کو نہ نکلنا تھا نہ وہ نکلے۔ اس کی والدہ یعنی میری بہن بہت زیادہ پریشان ہوگئی، نوجوان بچہ ہے اس کے سر کے دائیں طرف تقریباً ایک انچ کا دائرہ جس میں بال نہیں تھے اور یہ دن بدن بڑھتا جارہا تھا۔ ایک دن وہ بھانجا میرے ساتھ دکان پر بیٹھا تھا اور ہاتھ میں شیشہ پکڑے اپنی بالچر والی جگہ کو بڑی پریشانی کے عالم میں دیکھ رہا تھا میری دکان کے ساتھ کاسمیٹکس کی دکان ہے وہ دکان ایک باباجی چلاتے ہیں جن کی عمر 60 سال کے قریب ہوگی، ماشاء اللہ میرے ان کے ساتھ بہت اچھے تعلقات ہیں، وہ میری دکان میں آکر بیٹھ گئے اور بھانجے سے پوچھنے لگے: تمہیں یہ کب سے ہے؟ اس نے بتایا کہ دو سے تین ماہ ہوگئے ہیں، بہت علاج کروایا، مختلف نسخے استعمال کیے، کسی نے چند تیل ملا کر لگانے کو کہا وہ بھی لگایا، کسی نے اچار کا تیل بتایا وہ بھی لگایا مگر نامعلوم کیا بات ہے انہی نسخوں سے دوسروں کو فائدہ ہوا اور مجھے کوئی فائدہ نہیں ہورہا۔ مزید میرے بھانجے نے چند ملٹی نیشنل کمپنیوں کی کریموں کا بھی بتایا کہ ان سے بھی مجھے فائدہ نہیں ہوا۔ باباجی مطمئن میرے بھانجے کی باتیں سنتے رہے، پھر انہوں نے مجھے مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانی میری مونچھ والی جگہ پر بالچر ہوگیا تھا، بڑا پریشان تھا، ایک طرف کی مونچھ پوری تھی اس وقت ماسک نہیں لگائے جاتے تھے مگر میں منہ پر رومال باندھ کر پھرتا تھا، پھر مجھے ہمارے ایک دور کے رشتہ دار نے ایک ٹوٹکہ بتایا، پہلے تو مجھے سمجھ نہیں آئی مگر جب استعمال کیا تو تین دن بعد میری مونچھ کے بال نکل آئے، میری تو خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی، میرے بھانجے نے جلدی سے باباجی کی بات کاٹتے ہوئے کہا کہ مجھے بھی وہ ٹوٹکہ بتایئے تاکہ میں آج ہی استعمال کروں۔ باباجی نے مسکراتے ہوئے کہا کہ ٹوٹکہ انتہائی سستا اور آسان ہے آج ہی پنساری کی دکان پر جاکر جمالگوٹہ کا مغز ایک عدد لے آؤ اور اس کو اچھی طرح پیس لو پھر کپڑے سے بالچر والی جگہ کو اچھی طرح رگڑ کر جمالگوٹہ کا بیج کا سفوف بالچر والی جگہ پر اچھی طرح رگڑو، بعد میں اوپر ہی لگا دو پھر اس جگہ کو پانی سے لازم بچاؤ۔ تین دن میں بال نکل آئیں گے۔ پہلے بھورے بال آئیں گے ان کو کاٹ دینا اس کے بعد سیاہ بال نکل آئیں گے۔ میرے بھانجا اسی وقت اٹھا، پنساری سے جمالگوٹہ کا بیج لے آیا، یقین کیجئے تین دن بعد واقعی ہلکے ہلکے بال نکل آئے۔

بے قصور قید سے رہا ہوجائے
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر ملاحظہ کریں

لاعلاج خونی وبادی
بواسیر کا لاجواب علاج
بواسیر کورس
قیمت 500/- روپے
پرانی قبض سے بیزار تسلی سے استعمال کریں

# ہر قسم کی الرجی اور ٹائیفائیڈ بخار کا تیر بہدف نسخہ

(ابو بکر، بھلوال)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ! عبقری رسالہ سے پرانا تعلق ہے' ابھی کل کی ہی بات ہے کہ میرا ایک دوست آیا اس کے ہاتھ میں چند صفحات تھے' اس نے آ کر مجھے تھمائے اور کہا کہ یہ کچھ نسخہ جات ہے وہ بہت ہی تیر بہدف ہیں' میرے پاس آئے تھے میں نے سوچا یہ تو عبقری کی امانت ہیں' عبقری کے ذریعے لاکھوں لوگوں تک پہنچیں گے میرے لیے صدقہ جاریہ بن جائیں گے' لہٰذا تم یہ نسخہ جات عبقری بذریعہ ڈاک بھجوادو' عبقری میں چھپ کر آئیں گے تمہارا بھی اس میں حصہ مل جائے گا۔ بس میں یہ ایک قاری کی امانت تمام قارئین کو پہنچا رہا ہوں۔ یقیناً قاری مستفید ہوں گے۔

## ہر قسم کی الرجی کے لیے

الرجی خواہ کسی بھی قسم کی ہو، ڈسٹ الرجی، پولن الرجی، کاسنک الرجی یا کوئی بھی ہو تو اس کے لیے۔ سنا مکی کے پتے، مہندی کے پتے، نیم کے پتے ہموزن لے کر پاؤڈر بنا کر صبح، دوپہر، شام ایک چٹکی پانی کے ساتھ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد لیں۔ اور یہی پاؤڈر تین گنا سرسوں کے تیل میں جلا کر چھان کر بیرونی طور پر داد، چنبل، سورائسز پر بھی لگا سکتے ہیں۔

## ٹائیفائیڈ بخار کیلئے انتہائی مفید

یہ نسخہ ٹائیفائیڈ بخار کے لیے انتہائی مفید ہے۔ جس کا بخار نہ اترتا ہو' دن کو اتر جائے اور رات کو دوبارہ سو سے ایک سو تین تک بخار ہو جاتا ہو' وہ یہ نسخہ چند دن استعمال کریں۔ ھوالشافی: زہر مہرہ، طباشیر، ست گلو، دانہ الائچی خورد، مغز تخم کرنجوہ تمام دس دس گرام، کافور ایک گرام الگ الگ پیس کر ملائیں۔ ایک چٹکی صبح شام پانی کے ساتھ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد لیں۔

## لاعلاج اور کیڑے پڑے زخموں کیلئے

ایسے زخموں کے لیے جن کو بڑے بڑے سرجن لاعلاج قرار دیں یا جن زخموں میں کیڑے تک پڑ چکے ہوں۔ زہریلا بن گیا ہو اور ڈاکٹر کہہ دے کہ اس کو کاٹنا پڑے گا ایک بار ان پر یہ نسخہ آزما کر دیکھ لیں۔ سرسوں کا تیل 50 گرام، کاربالک ایسڈ 10 گرام، ٹنکچر آیوڈین 6 گرام، ایکری فلوین ارتی مکس کر لیں۔ پہلے زخم کو صاف کریں پھر روئی سے یہ لگائیں کچھ عرصہ تک۔

## ہر قسم کی الرجی کا علاج

خصوصاً راولپنڈی، اسلام آباد والوں کے لیے۔ لونگ دو دانے، دارچینی ایک چھوٹا ٹکڑا، اجوائن ایک چٹکی، پودینہ ایک چٹکی۔ ایک گلاس پانی میں ہلکی آنچ پر ڈھکنا دے کر ابالیں آدھا گلاس رہ جانے پر چھان کر صبح شام کچھ دن پلائیں۔ اس کے علاوہ اسموگ کے دنوں میں بھی استعمال کریں خاص طور پر موٹر سائیکل پر سفر کرنے والے حضرات جب گھر واپس آئے تو اس کی تھوڑی سی چسکی لگا لیا کریں' گلے کے مسائل نہیں ہوں گے۔

## وٹامن ڈی کی کمی

وٹامن ڈی کی کمی کی وجہ سے اگر گھٹنوں میں سے کڑکڑ کی آوازیں آتی ہوں یا سوجن ہوگئی ہو اور گھٹنوں میں درد رہتا ہو تو کمرکس، بہمن سرخ، بہمن سفید تینوں 50,50 گرام کو پیس کر سفوف بنالیں۔ ایک چمچ صبح، دوپہر، شام پانی یا دودھ کے ہمراہ لیں۔

## آنتوں میں زخم

اگر آنتوں میں زخم ہو گئے ہوں اس کے لیے آسان نسخہ حاضر ہے۔ رال سفید، گوند ببول دونوں 20,20 گرام الگ الگ پیس کر ملائیں اور سب سے چھوٹے کیپسول بھر لیں۔ ایک کیپسول صبح و شام پانی کے ساتھ لیں۔


اندرون سندھ والے خوشحالیاں سمیٹ لیں!
شیخ الوظائف کی سکھر آمد!
25 فروری بروز جمعۃ المبارک بعد نماز عشاء
3 عدد چوڑیاں
وہ خواتین جن کی شادی نہ ہوری ہو کوئی بھی رنگ کی ہمراہ لائیں۔
بیماری' رزق' شادی کی بندش' جادو' نظر بد' تعلیمی بندش!
خاص کلمات کا ورد | شہادت کی انگلی کا اشارہ! | اجتماعی عمل ہوگا | جادو ٹوٹ جائے گا
جنات بھاگ جائیں گے، بندشیں اور مشکلات کے پہاڑ زیرو زیرہ
زمینی و آسمانی بلائیں' آفات ٹلوانا چاہتے ہیں؟ چاہتے ہیں کہ خوشحالی ہمیشہ آپ کے گھر میں رہے' کبھی تنگی رزق' فاقے نسلوں کو بھی نہ چھوئیں تو سکھر درس میں آتے ہوئے ٹوپی' رومال' سکارف' دوپٹہ یا اجرک ہمراہ لائیں!
خاص الخاص طاقتور عمل کروایا جائے گا۔ جو آئے گا رنگا جائے گا
اپنا تکیہ کور اور ایک خوشبو کی شیشی ہمراہ لائیں۔ خاص عمل ہوگا۔ بے خوابی' ڈیپریشن' ڈراؤنے خواب' استخارہ
12 عدد لیموں ہمراہ لائیں!
گیارہ ماچس ہمراہ ضرور لائیں!
ضرور شرکت کیجئے۔ خواتین کیلئے علیحدہ باپردہ انتظام۔
نوٹ: تین عدد چوڑیاں۔ ٹوپی اسکارف۔ تکیہ کور۔ عطر کی شیشی۔ 12 عدد لیموں۔ گیارہ ماچس۔ مخلوق خدا کی سہولت کیلئے پنڈال کے باہر دستیاب ہوں گی۔ چاہیں تو خود بھی لاسکتے ہیں۔


## خون کی شدید کمی' زندگی موت کی کشمکش! پھر یوں کرم ہوا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ایک دوست کا بیٹا سخت بیمار ہو گیا' تمام ٹیسٹ کروانے کے باوجود بیماری کے متعلق معلوم نہ ہو سکا۔ خون کی شدید کمی ہوگئی وہ چلنے پھرنے سے قاصر ہو گیا۔ ڈاکٹروں نے کہا کہ اس کا جگر خون نہیں بنا رہا' اس کیلئے دعا کریں۔ گھر والے بے حد پریشان تھے کیونکہ وہ زندگی اور موت کی کشمکش سے گزر رہا تھا۔ کسی سے بات کرنے کی صلاحیت چھن چکی تھی اشاروں سے بات کرتا تھا۔ میں نے آپ کی بتائی ہوئی ترتیب سے 70 مرتبہ سورۂ فاتحہ کا عمل بمعہ بسم اللہ بتایا اور پانی پر دم کر کے پلانے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے اس عمل کو کیا چند دنوں کے بعد ڈاکٹروں نے اسے ہسپتال سے چھٹی دے دی' اب اس کے جگر نے خون بنانا شروع کر دیا اور دن بدن اس کی صحت بہتر ہو رہی ہے اور وہ خود چل پھر بھی سکتا ہے اللہ پاک نے سورۂ فاتحہ کے عمل کی بدولت اسے صحت عطا کر دی ہے۔ اللہ پاک آپ پر خصوصی رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین۔ (طلعت محمود، اوکاڑہ)


حاسدین کے حسد سے حفاظت رہے لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے
دل کے والو کھولنے میں اتنی لاجواب کہ سرجن حیران — جوڑوں کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج — قیمت 250/- روپے
ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء
ستر شفائیں

# زیتون کے تیل میں کلونجی ابال لیے! ناک میں ڈالیے شفاء یقینی

نصر عباس، قصور

کلونجی زمانہ قدیم سے پیٹ کی بیماریوں کے علاج میں استعمال ہوتی آئی ہے۔ آیورویدک طب میں اسے ''کرشن جیرک'' اور ''کالی جیری'' کہا گیا ہے۔ ان کا نباتی نام ''نگیلا سالوالین'' ہے۔ اسے ''نگیلا سیڈ'' بھی کہتے ہیں۔
کلونجی پیاز کے بیج کی طرح کالے رنگ کی ہوتی ہے اس کو بو تیز اور مزہ تلخ ہوتا ہے، یہ گرم اور خشک مصالحہ جات میں شمار ہوتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی کلونجی کے کئی فوائد بتائے ہیں حدیث مبارکہ میں ہے کہ: ''کالے دانے میں ہر بیماری کی شفاء ہے علاوہ سام کے اور سام موت ہے اور کالے دانے شونیز ہے''۔ (ابن ماجہ، بخاری، مسلم) ''اپنے اوپر ان کالے دانوں کو لازم کرلو کہ اس میں موت کے علاوہ ہر بیماری کی شفاء ہے''۔ (ابن ماجہ)

## کلونجی کے فوائد

کلونجی معدے کو طاقت دیتی ہے اور ریاح نکالتی ہے۔ آنتوں میں کیڑے ہوں تو ان کو مارتی ہے۔ پیٹ کا اُبھار دور کرتی ہے۔ حیض اور پیشاب کو جاری رکھتی ہے۔ گردہ و مثانہ کی پتھری میں بھی اس کا استعمال مفید ہے۔ پرانے بلغمی اور سوداوی بخاروں میں بھی اس کا استعمال مفید ہے۔ گٹھیا، نقرس اور عرق النساء کو دور کرتی ہے۔ ☆60 گرام کلونجی رات کو سرکہ میں بھگو کر رکھیں اگلے روز سایہ میں خشک کرکے باریک پیس اور چھان کر سفوف بنائیں اور شہد خالص 185 گرام کے قوام میں ملا کر رکھیں اور چھ ماشے سے ایک تولہ تک کھائیں۔ مذکورہ بالا تمام امراض میں مفید ہے۔
☆ کلونجی، بالون، اجوائن اور میتھی یہ چاروں چیزیں ہم وزن سالم ملا کر رکھ چھوڑیں اور روزانہ صبح کو تین چار ماشے پھانک کر دو چار گھونٹ ہلکا گرم پانی پئیں۔ اس نسخے کو ''حاکم بدن'' کہتے ہیں۔ گٹھیا، درد کمر اور دوسرے بادی بلغمی دردوں کے لیے مفید ہے۔ ☆ اگر اس کا تیل نکال کر گنج پر لگایا جائے تو بال اُگتے ہیں اور بال جلد سفید نہیں ہوتے۔
☆ اس کا نصف چمچ پیس کر پانی کے ساتھ پینے سے دمہ میں مفید ہے اور بھڑ کے زہر کے اثر کو بھی زائل کرتا ہے۔ ☆ کلونجی لگاتار کھانے سے باؤلے کتے کے زہر کا اثر زائل ہوجاتا ہے۔ ☆ کلونجی سرکہ میں پکا کر کلیاں کریں دانتوں اور مسوڑھوں کا درد اور سوزش دور ہو جاتی ہے۔ ☆ کلونجی ٹھنڈے پانی میں پیس کر پینے سے ذہنی امراض دور ہوجاتے ہیں اور بواسیر میں بھی فائدہ ہوتا ہے۔ ☆ کلونجی کو سرکہ میں ملا کر مرکب بنائیں۔ یہ جلدی امراض ایگزیما وغیرہ میں ازحد مفید ہے۔ ☆ زیتون کے تیل میں کلونجی ابال کر اس تیل کے قطرے ناک میں ڈالنے سے پرانا زکام اور کان میں ڈالنے سے کان کی سوزش ٹھیک ہوجاتی ہے۔ ☆ سانس کی گھٹن میں جب خشک کھانسی ہو اور بلغم کا اخراج مشکل ہو تو کلونجی تین ماشہ اور انجیر خشک تین عدد لے کر ایک پاؤ پانی میں دو ایک بار جوش دیں اور اس جوشاندے میں کھانڈ ملا کر پئیں۔
☆ گیس اور معدے کی گرانی میں، کلونجی، خشک پودینہ، جنگلی اور فلفل دراز کوٹ کر چھان لیں اور سفوف بنالیں۔ کھانے کے دو سے چھ ماشے استعمال کریں۔ ☆ جوڑوں کے درد کے لیے کلونجی، ہالون اور میتھرے ایک ایک چھٹانک' دیسی اجوائن آدھ چھٹانک' اجوائن خراسانی دس گرام' یہ پانچوں دوائیں کوٹ کر چھان کر رکھ لیجئے صبح شام پانچ تولے عرق بادیان کے ساتھ دو چائے کے چمچ استعمال کریں۔
☆ پیشاب میں زیادتی یا بستر پر پیشاب کرنے والے بچوں کے لیے کلونجی کوٹ پیس کر دو چند شہد میں ملا کر معجون بنالیجئے۔ یہ معجون چائے کے آدھے سے ایک چمچ تک استعمال کریں۔ ☆ کلونجی کا روغن پانچ سے پندرہ قطرے صبح و شام نیم گرم دودھ، چائے یا یخنی میں ملا کر چند ہفتے استعمال کرنے سے فالج، لقوہ، رعشہ اور اعصابی کمزوری میں فائدہ کرتا ہے۔ ☆ سردی میں چھینکوں کے دورہ اور ناک بند ہونے پر کلونجی کو فرائی پان یا توے پر بریاں کرکے ململ کے کپڑے میں پوٹلے بنا کر ناک کے آگے نیم گرم حالت میں سینکنے اور ٹکور کرنے سے زکام کم ہو جاتا ہے۔ ☆ مثانے میں پتھری ہونے پر کلونجی تین ماشہ ایک گلاس پانی میں رگڑ کر چھان لیں شہد سے میٹھا کرکے مریض کو پلائیں۔ ☆ کلونجی دو تولہ، سرکہ ایک تولہ ہر کھانے کے بعد لینے سے پیٹ کے کیڑے پیدا نہیں ہوتے اور موجود کیڑے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ ☆ روزانہ دو ماشہ کلونجی کھائیں۔ دمہ اور سانس چڑھنے میں مفید اور شافع ہے۔ ☆ کلونجی تین ماشے باریک پیس کر مکھن ایک تولہ میں ملا کر چٹانے سے ہچکی دور ہو جاتی ہے۔ ☆ کلونجی پانچ تولے کو ذرا کوٹ کر آدھا کلو تلوں کے تیل میں ملا کر بہت ہلکی آنچ پر پکائیں۔ (باقی صفحہ نمبر 57 پر)

## سفر میں دعائیں قبول ہوتی ہیں

(محمد ارسلان رفیق، کراچی)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! فروری 2016ء میں آپ کا سکھر میں درس تھا میں نے بھی جانے کا پروگرام بنایا۔ اتفاق سے اسی آپ سے اپوائنٹمنٹ کا وقت بھی مل رہا تھا' میں صبح سے دعا کررہا تھا کہ آپ سے ملاقات کا وقت مل جائے۔ شام چار بجے میری ٹرین کا وقت ہوگیا اور میں روانہ ہوا چھ بجے اپوئنٹمنٹ کا وقت ختم ہونا تھا میری خواہش تھی کہ میں پوری فیملی کے ساتھ آپ سے آپ کے کلینک میں ملوں۔ میں نے مانگنا شروع کیا مگر کوئی امید نہیں نظر آرہی تھی اور اپوائنٹمنٹ کا وقت ختم ہو رہا تھا دو گھنٹے بقایا تھے میں نے اللہ سے باتیں شروع کردیں دل ہی دل میں اور کہا کہ اللہ تیرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ سفر میں دعائیں قبول ہوتی ہے تو میری دعا قبول فرما اور میری حیرت کی انتہا نہ رہی جبکہ اپوئنٹمنٹ کا وقت بھی ختم ہوجاتا ہے تقریباً چھ سے اوپر وقت ہو رہا تھا میں کال کر کر کے تھک چکا تھا پوری دنیا سے لوگ کال کررہے ہوتے ہیں۔ ایک دم اچانک موبائل پر نظر پڑی کہ کال ملی ہوئی تھی اور چند سیکنڈ گزر چکے تھے میں نے فوراً کان سے موبائل لگایا انہوں نے کہا کہ نام میں نے بتایا اور مجھے یوں 31 مارچ 2016ء کا وقت مل گیا۔ میں نے خوشی کے اظہار میں بے ساختہ اپنے ساتھ بیٹھے دوست سے کہا کہ میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان حق ہے سچ ہے۔ بس ہمارے یقین کی کمی ہے۔ ایک برکت مزید سفر کی دعا کی برکت بتاتا چلوں چاہے سفر دنیا کا ہو کاروبار کا ہو یا دینی سفر ہو اللہ دعا قبول کرتے ضرور ہیں یقین کامل ہو۔ میری بہن، میں اور والد صاحب آپ سے ملاقات کے بعد واپس آرہے تھے واپسی کی ٹرین 14 اپریل کی تھی اس میں بہن نے اللہ سے رمضان المبارک کا عمرہ مانگا اور میں نے بھی مانگا تو جب ہمارے عمرے کا ہوا تو ناں چاہتے ہوئے بھی رمضان کا ہی ہوا اور اللہ نے رمضان کا عمرہ تقدیر میں کردیا کیونکہ ہم مزید جلدی جانا چاہتے تھے مگر میرے اللہ نے قبولیت دعا کا مشاہدہ دکھانا تھا۔

نظر بد سے ہمیشہ کیلئے حفاظت لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے
شوگر اور اس سے پیدا ہونے والے تمام مہلک عوارضات سے نجات
شوگر کورس
قیمت -/800 روپے
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک

# یہ سب کیا ہے؟ صرف میرے صبر کا اجر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی اپنوں میں ہوئی ہے۔ شادی سے پہلے میری ساس صاحبہ بڑا پیار کرتی تھیں لیکن میرے علم اور تدریسی مصروفیات کی وجہ سے رشتہ داروں میں میری عزت الحمدللہ بہت بڑھ گئی بس اسی سے ساس صاحبہ کو حسد ہو گیا کہ یہ چھوٹی ہو کر اور بعد میں آ کر زیادہ مقبول ہو گئی ہے۔ بس پھر کیا تھا ساس جی کو حسد ہو گیا کہ یہ چھوٹی ہو کر اور بعد میں آ کر زیادہ مقبول ہو گئی ہے۔ بس پھر کیا تھا ساس جی اور سسر جی دونوں نے میرے خلاف پورے زور کی مہم چلا دی طلاق دلوانے کا بھی زور لگا دیا۔ بات بات پر الجھنا اور تنگ کرنا ان کا مشغلہ بن گیا میرے میاں سعودی عرب چلے گئے پھر میرے لیے حالات اور بھی ناقابل برداشت ہو گئے۔ دو بچے بھی تھے ان کی ضروریات کے سلسلے میں بہت تنگی ہوتی۔ میں بس صبر کے ساتھ سب کچھ برداشت کرتی رہی کبھی ایک لفظ جواب میں منہ سے نہیں نکالتی تھی پھر اس پر بھی غصہ آتا تھا کہ یہ آگے سے ہمارے ساتھ لڑائی نہیں کرتی۔ بیٹے کو ان کے رویے کا بالکل اندازہ نہیں تھا کیونکہ وہ تو پردیس میں تھے۔ خیر وقت گزرتا گیا۔ میرا اللہ تعالیٰ کے وعدے پر یقین تھا اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا کہ حالات سدا یوں نہیں رہیں گے۔ بیٹے نے پہلے ماں باپ کو حج پر بلایا۔ کچھ عرصہ گزارا تو اللہ تعالیٰ نے میرے صبر کا صلہ بھی مجھے دینا تھا۔ ساس جی کی ٹانگ ٹوٹ گئی آپریشن کروا کے راڈ ڈلوایا۔ پورا ایک سال میں نے ان کی خدمت کی رفع حاجت تک بستر پر کرواتی رہی۔ پھر سسر صاحب کی ٹانگ ٹوٹ گئی انکی بھی خوب خدمت کی اور میں نے ان کے رویے کا انتقام لینے کے لیے ان کے مشکل وقت میں ذرا بھی لاپرواہی نہیں کی۔ عیادت کے لیے مہمانوں کا آنا جانا بھی رہتا میں اکیلی بہو تھی لہٰذا ساری ذمہ داریاں مجھے اکیلے ہی نبھانا پڑتی تھیں۔ مجھے حج پر میرے خاوند نے بلا لیا بس پھر کیا تھا ساس سسر کا غصہ انتہا تک پہنچ گیا انہوں نے مجھے حج سے روکنے کا پورا زور لگایا بیٹے کو بھرا ہوا خط لکھا لیکن اللہ نے مجھے بلا لیا۔ حج بھی بڑے اچھے طریقے سے کیا۔ میرے شوہر میرے حج پر رشک کرتے ہیں کیونکہ وہ تو میرے ساتھ تھے اور سارے مناسک ادا کرتے ہوئے انہوں نے مجھے دیکھا تھا جبکہ ساس اور سسر دونوں غصے کے ساتھ جاتے مرتبہ اور آتی دفعہ ملے بھی نہیں تھے۔ اب وہ دونوں اس دنیا میں نہیں ہیں لیکن خاندان والے باتیں کرتے ہیں کہ تم پر کیے جانے والے مظالم کی سزا ان کو ملی ہے۔ میں اس انداز میں ان کا تذکرہ کر رہی ہوں صرف آپ کے سامنے اور صرف سبق لینے کے لیے۔ بعض جاننے والوں نے یہ تک کہا کہ آپ کے اوپر کیے جانے والے مظالم کی ان کو سزا ملی ہے۔ یہ سب کیا تھا میرے صبر کا اجر اللہ تعالیٰ نے دنیا میں بھی مجھے عطا فرمایا اور ان شاءاللہ آخرت میں بھی عطا فرمائے گا۔ (پوشیدہ)

# میرا ولیمہ ہے کھانا کھا کر جائیے!

مجھے ایک بزرگ نے یہ واقعہ سنایا۔ بات حلوہ تقسیم کرنے سے شروع ہوئی اللہ تعالیٰ کی برکت کیسے ہوئی ہے۔ میں مسجد میں ختم قرآن کے موقع پر جو کہ بچوں کی دستار بندی کا پروگرام تھا حلوہ تقسیم کر رہا تھا بابا جی نے کہا کھلاتے جاؤ ان شاءاللہ ختم نہیں ہوگا اور واقعی ایسا ہوا ختم نہیں ہوا۔ پھر انہوں نے ایک واقعہ سنایا انہی کی زبانی سنیے۔ شاید اس میں سے بھی کوئی نصیحت آموز سبق حاصل ہو جائے۔ فرمانے لگے جوانی کی بات ہے۔ جب ہم ملتان میں رہتے تھے۔ میرے ایک دوست کی شادی تھی۔ میرا دوست دیندار شخص تھا۔ اس کا جب ولیمہ ہو رہا تھا سب مہمان کرسیوں پر بیٹھے تھے اور دوسری طرف کھانا لگ گیا۔ تو کاپی پنسل لے کر کچھ لوگ بیٹھ گئے کہ جو بھی مبارک کے نام پر رقم دے گا اس کا نام نوٹ کریں گے۔ لوگوں نے اپنی اپنی جیبوں میں ہاتھ ڈال دیئے کہ پیسے دیتے جائیں گے اور کھانا کھا کر چلے جائیں گے تو میرا دوست جس کی شادی تھی کہنے لگا جو بھی مجھے مبارک کے نام پر رقم دے گا میں اس کو واپس نہیں دوں گا جن نے دینے ہیں ہدیہ کے نام پر مجھے دے۔ اب جن لوگوں نے جیب میں ہاتھ ڈالے ہوئے تھے خالی ہاتھ باہر لے آئے کہ اس نے واپس نہیں دینے تو کیوں دیں۔ بہرحال کھانا شروع ہو گیا۔ اب یہ سب کھا رہے ہیں اور میرا دوست باہر سڑک پر کھڑا ہو کر ہر گزرنے والے کو کہہ رہا ہے میرا ولیمہ ہے کھانا کھا کر جانا۔ کھانا تقسیم کرنے والے کہنے لگے اتنے بندے کہاں سے آ گئے باہر دیکھا تو دولہا صاحب لوگوں کو اندر بھیج رہے ہیں انہوں نے کہا کہ کھانا ان لوگوں کے لیے ہے جن کو بلایا ہے یہ کیا کر رہے ہو؟ دولہا صاحب نے کہا میرا ولیمہ ہے ہر کوئی کھا کر جائے گا۔ کھانا کم نہیں ہوگا ان شاءاللہ برکت ہوگی۔ تو پھر یہی ہوا اللہ نے سب کو کھانا کھلایا اور کھانا بچ بھی گیا۔ سبحان اللہ۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی نیت پر کیسے برکت دی۔ مزید بھی پڑھتے جائیں اس کی شادی شدہ زندگی انتہائی خوشگوار گزر رہی ہے' اسے اپنی شادی پر نہ قرض لینا پڑا اور نہ ہی شادی کے بعد ایسے حالات آئے کہ قرض لیتا' گھر میں کبھی کوئی ناخوشگوار واقعہ یعنی لڑائی جھگڑے نہیں ہوئے' اللہ تعالیٰ نے اسے بہت خوشیاں عطا کیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو بھی ایسا کامل یقین عنایت فرمائے۔ آمین۔ (پوشیدہ)

## گناہوں کی یقینی معافی

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو چاشت کی دو رکعت پڑھنے کا اہتمام کرتا ہے اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔ (ابن ماجہ)
نماز چاشت کم از کم دو اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعتیں ہوتیں ہیں اگر دو رکعتیں کی نیت کی جائے تو ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھی جائے گی۔ (سنبل ماہین، پنڈ دادنخان)

چہرہ شفاء
پرانی خشک وتر خارش میں بھی مفید
صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں
دانے، کیل مہاسے
گڑھے، پیپ دار الرجی
قیمت -/180 روپے
چھائیاں، داغ
چہرے کا سیاہ ہو جانا

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 144

# جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہورہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

## آئیں حروف مقطعات کے مزید کرشمات بتاؤں

وہ گنبد والے باباجی میرے سامنے بیٹھے تھے' میرے اردگرد میرے ہمسفر ساتھی جنات تھے جن کے ساتھ میں ایک تقریب میں جارہا تھا۔ میں نے گنبد والے باباجی سے پوچھا کہ آج آپ نے جناتی اتنا بڑا قاتلانہ حملہ حروف مقطعات کی وجہ سے روک لیا' میں نے ان سے مزید حروف مقطعات کے فوائد پوچھے' انہوں نے بتایا کہ ایک نہیں بے شمار ہیں' آپ نے تو آج ایک کرشمہ دیکھا ہے۔ آئیں میں آپ کو اس کے مزید کرشمات بتاتا ہوں۔ میرے ہمسفر جنات اور میں' گنبد والے باباجی کی طرف مزید متوجہ ہوئے' باباجی نے ایک تکیہ کمر کے پیچھے رکھا اور دیوار کے ساتھ اچھی طرح ٹیک لگا کر بیٹھ گئے اور یوں گویا ہوئے:۔

## قافلے پر ڈاکوؤں نے حملہ کردیا

کتنوں کی بات بتاؤں۔ میری جوانی کے دن تھے' میں ایک اونٹوں کے قافلے کے ساتھ چل رہا تھا' اس قافلے میں اس دور کے بڑے رئیس چل رہے تھے' اونٹ مال و زر سے لدے ہوئے تھے' میں نے بھی دوسرے شہر جانا تھا تو میں بھی ان میں شامل ہوگیا۔ راستے میں ایک جگہ جنگل آیا' ساتھ ندی بہہ رہی تھی' قافلے کے امیر نے آواز لگائی کہ ہم یہاں تھوڑی دیر قیام کریں گے' تمام لوگوں نے اپنے اونٹ درختوں کے ساتھ باندھ دیئے اور تازہ چارہ لاکر اونٹوں کے آگے رکھ دیا' بعض لوگ وضو کرنے لگے' کچھ پانی بھرنے لگے اور کچھ ستانے کیلئے لیٹ گئے۔ میں نے وضو کیا اور عصر کی نماز پڑھنا شروع ہوگیا۔ دوگانہ نماز ادا کی اور میرے پاس ایک خشک روٹی اور ساتھ پیاز تھا' قافلے سے ذرا ہٹ کر ایک سائیڈ پر بیٹھ کر میں کھانا تناول کرنے میں مشغول ہوگیا' اسی اثناء میں مجھے گھوڑوں کے دوڑنے کی آوازیں آئیں' ایک تاجر بھاگتا میرے پاس آیا اور کہنے لگا: آپ مجھے درویش لگتے ہیں' قافلے پر ڈاکوؤں نے حملہ کردیا ہے' خدارا کچھ کیجئے ورنہ یہ ہمیں قتل کرکے سارا قافلہ لوٹ کر لے جائیں گے۔ میں نے اس کو اپنے ساتھ شامل کیا اور یہی حروف مقطعات کا ورد شروع کردیا' بس جیسے ہی پڑھنا شروع کیا عجب تسلی محسوس ہوئی' عجب سکون سا محسوس ہوا' ڈاکو آئے قافلے کے چند افراد کو قتل کردیا' کئی افراد کے اونٹ لے گئے' مال اسباب سب لوٹ کر چلے گئے۔

## حروف مقطعات کا کمال

مگر حیرت انگیز بات یہ کہ میں اور وہ تاجر جو یہ ورد کررہے تھے ہم دونوں کو انہوں نے نہ دیکھا' نہ ہمارے پاس آئے اور سب سے بڑی بات اس تاجر کا تمام مال' اسباب' اٹھارہ اونٹ جن پر مال لدھا ہوا تھا ہر چیز ایسے محفوظ تھی جیسے یہ ڈاکوؤں کو نظر ہی نہ آئے ہو' ہر کوئی آہ و بکا کررہا تھا رو رہا تھا مگر میں اور وہ تاجر بالکل مطمئن تھے۔ وہاں موجود لٹے ہوئے تاجر بار بار پوچھ رہے تھے آخر آپ نے کیا کیا؟ تمہارے اونٹ لٹیروں کو نظر کیوں نہ آئے؟ آخر تم کیسے بچ گئے؟ تم نے کیا پڑھا؟ تمہارے پاس کیا منتر ہے' اس تاجر نے تمام تاجروں کو میری طرف بھیجا' میں نے انہیں حروف مقطعات کا یہ طاقتور عمل بتایا۔

باباجی نے لمبی سانس لی اور ہاتھ سے میری طرف اشارہ کیا اور جلال میں فرمایا: یہ صرف چند بار حروف مقطعات پڑھنے کا فیض ہے' اگر اس کے نقش کا عمل کیا جائے تو اس کی طاقت سو گنا بڑھ جاتی ہے' میری ساری زندگی تجربات و مشاہدات پر گزری ہے' حروف مقطعات ایسے ایسے وقت کام آیا کہ عقل انسانی دنگ رہ جائے' شعور ماننے کو تیار نہ ہو۔

## خالص دیسی گھی کی مٹھائی

اس باباجی نے مزید ایک واقعہ سناتے ہوئے بتایا کہ میرے ایک رشتہ دار کی شادی ہوئی' شادی کو پانچ سال گزر گئے مگر اولاد نہ ہوئی' انہوں نے کافی علاج معالجہ کروایا' اللہ نے امید لگا دی' اولاد نرینہ ہوئی' ہر طرف خوشیاں ہی خوشیاں تھیں' انہوں نے حلوائی سے خالص دیسی گھی سے مٹھائی بنوائی اور گاؤں کے ہر گھر میں تازہ خوشبودار اور انتہائی لذیذ مٹھائی بھجوائی' باباجی نے مسکراتے ہوئے کہا کہ میں نے بھی وہ مٹھائی خوب کھائی تھی۔ ان کی اس بات پر میں بھی مسکرادیا اور میرے ساتھ بیٹھے میرے ہمسفر جنات بھی۔

## تمام خوشیاں دھری کی دھری رہ گئیں

باباجی نے بات بڑھاتے ہوئے کہا کہ چھ ماہ بعد تمام خوشیاں دھری کی دھری رہ گئیں جب معلوم ہوا کہ بچہ ٹانگوں سے معذور ہے اور اس کی دماغی حالت بھی درست نہیں' بچے کو لیکر بہت جگہ گئے مگر ہر طرف سے ناامیدی ہی ملی' اسی دوران ان کی بیوی دوبارہ امید سے ہوئیں' دوسری اولاد بھی بیٹا ہوا۔ اس مرتبہ خوشی تھی مگر ساتھ ڈر بھی تھا اور چند ماہ بعد وہی ہوا جس کا ڈر تھا یہ بچہ بھی ذہنی و جسمانی معذور نکلا۔ اب تو ان کی چیخیں نکل گئیں' ان کے گھر میں صرف آہ و بکا' سسکیاں تھیں۔ گنبد والے باباجی جب یہ بات سنا رہے تھے اس وقت ان کی آنکھوں میں آنسو اور ہم تمام سامعین کے چہروں پر افسردگی واضح تھی حتیٰ کہ میرے ساتھی جنات میں سے چند سسکیاں لیکر رونا بھی شروع ہوگئے۔

## آواز تو دھیمی ہوئی مگر سسکیاں بڑھ گئیں!

باباجی نے خود کو سنبھالا اور مزید بولے کہ ایک روز نماز ظہر کے بعد میں مسجد میں اپنے اعمال میں مشغول تھا' اچانک میرے گھٹنے کو کسی نے دبایا اور سسکیوں کی آواز نے مجھے آنکھیں کھولنے پر مجبور کردیا۔ میں نے دیکھا تو میرا وہی رشتہ دار گھٹنوں کے بل بیٹھا میرے سامنے رو رہا تھا' میں نے اس کو تسلی دی' حال احوال پوچھا تو وہ پھٹ پڑا' مسجد میں موجود دیگر نمازی ہماری طرف اچانک متوجہ ہوگئے' میں نے اُس کو خاموش کروایا اس کی آواز تو دھیمی ہوگئی مگر سسکیاں تیز ہوگئیں' تھوڑی دیر سسکیاں لینے کے بعد وہ رکا اور بولا: ''مجھے بچالیجئے' میں برباد ہوگیا' میری نسلیں تباہ ہوگئیں' خدارا کچھ کیجئے میں برباد ہوگیا۔''

## شادی سے پہلے بیوی پر جن عاشق

میرے پوچھنے پر اس نے بتایا کہ شادی سے پہلے میری بیوی پر ایک جن عاشق تھا' وہ اس کی شادی نہیں ہونے دے رہا تھا' روحانی علاج کے بعد میری شادی بمشکل میری بیوی سے ہوئی' شادی کے بعد اولاد کا مسئلہ ہوا' کافی عاملین نے بتایا کہ جناتی رکاوٹ ہے' پھر علاج معالجہ ہوا اور میری اہلیہ کا حمل ٹھہرا' دوران حمل بے شمار ایسے واقعات ہوئے کہ حمل ضائع ہوجائے مگر میری بیوی کی تلاوت قرآن' نماز اور اعمال اسے بچا گئے' پھر اللہ نے نو ماہ کے بعد ایک چاند سا بیٹا

مکان، دکان میں برکت کیلئے
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر ملاحظہ کریں
شفائے حیرت سیرپ
قیمت 150/- روپے
گلے کی سوزش، ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے!
نزلہ و زکام، سانس کی تنگی اور بخار دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے!

علامہ لاہوتی کا عطا کردہ ''لاہوتی نقش نمبر 2'' اسی شمارہ دسمبر 2021ء کے صفحہ نمبر 41 پر شائع ہوا ہے۔نوٹ: یاد رہے پہلا نقش ستمبر 2021ء کے شمارہ میں شائع ہو چکا ہے۔کل 12 نقوش کا طاقتور عمل ہے۔ ہر تین ماہ کے بعد ایک نقش ترتیب سے شائع کیا جائے گا۔اگر آپ نے پہلے نقش کا عمل نہیں کیا تو آج ہی ستمبر 2021ء کا شمارہ کسی بھی ایجنسی ہولڈر' ہاکر یا دفتر ماہنامہ عبقری سے طلب فرمائیے اور اس خاص عمل میں شامل ہو کر ہر قسم کی پریشانی سے نجات پائیے تاکہ آپ تمام نقوش کی برکات لے سکیں۔

(نوٹ: نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروائیے ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے)

دیا' جب پیدا ہوا تو بچہ بالکل ٹھیک تھا مگر جیسے جیسے وقت گزرتا گیا ہمیں محسوس ہونا شروع ہو گیا کہ کچھ گڑبڑ ہے مگر چھ ماہ کے بعد بچہ ذہنی اور جسمانی طور پر مکمل معذور ہو گیا۔ اسی دوران دوسری مرتبہ امید ہوئی' اللہ نے پھر بیٹے سے نوازا' مگر وہ بچہ بھی معذور ہو گیا۔

## طاقتور جن ہے جو اپنا غصہ نکال رہا

جہاں سے بھی معلوم کروایا ہر کوئی کہتا ہے کہ بہت طاقتور ہے جن' وہ آپ پر غصہ نکال رہا ہے' وہ آپ کو برباد کر کے چھوڑے گا' کوئی عامل میرے کام کو ہاتھ نہیں ڈالتا' خدارا مجھے' میری نسلوں اور میری بیوی کو بچا لیجئے' مجھے اس شریر جن کے شر سے بچائیے' میں نے اسے تسلی دی' پھر اسے حروف مقطعات کا یہ عمل بتایا' وہ ناامید اور مایوس تھا' وہ حروف مقطعات کا عمل مجھ سے لے رہا تھا تو مایوسی اس کے چہرے پر عیاں تھی' مگر ہر طرف سے ناامید ہونے کی وجہ سے اس نے بے دلی سے یہ عمل بھی لیا اور کرنے کا سچا وعدہ کیا' میں نے وہیں بیٹھے بیٹھے اس کو حروف مقطعات کے بارہ نقش لکھ کر دیئے اور کرنے کا طریقہ بھی سمجھایا۔

یہ بات کہتے ہی گنبد والے باباجی نے لمبی سانس کھینچی' ساتھ پڑے مٹی کے پیالے میں سے چند گھونٹ پانی کے پیئے اور سر دیوار کے ساتھ لگا کر کچھ دیر خاموش ہو گئے' جیسے کچھ سوچ رہے ہوں۔ ہم سب بے چینی سے باباجی کا چہرہ تک رہے تھے کہ آخر اس شخص کا کیا ہوا؟ جس کے ہاں معذور بیٹے پیدا ہو رہے تھے۔

## لاہوتی نقش کا کمال تو اب شروع ہوا

تھوڑی دیر کے بعد باباجی نے آنکھیں کھولیں اور دوبارہ بولنا شروع کیا۔ باباجی نے کہا کہ اس شخص نے پہلا نقش پورا کیا اور بتائے گئے طریقے پر مکمل عمل کیا' دوسرا نقش ابھی شروع کیا تھا کہ پہلے بچے کی ٹانگوں میں حرکت شروع ہو گئی اور اس نے اماں' ابا بولنا شروع کر دیا' اس کی خوشی کی انتہا نہ رہی' میرے پاس آیا' میں نے بتایا کہ عمل ہرگز نہ چھوڑنا' پورے بارہ نقش مکمل کرنا' حروف مقطعات کو پڑھنا ہرگز نہ چھوڑنا' چوتھے نقش پر اس کے دوسرے بیٹے کو بھی اللہ نے صحت عطا فرما دی' اللہ نے کرم فرمایا اور اس کو اللہ نے ایک خوبصورت بیٹی سے نوازا جو بالکل صحت مند تھی۔ یہ ڈرے ہوئے تھے مگر اب حروف مقطعات کا حوصلہ ساتھ تھا' انہوں نے عمل جاری رکھا' ساتویں نقش میں اس کی بیوی نے ایک خواب دیکھا کہ

ایک انتہائی خوفناک جن ہے اور وہ زخموں سے چور' اس کے جسم کے ایک ایک حصے سے خون رس رہا اور وہ مسلسل معافیاں مانگ رہا کہ مجھے اتنی اذیت نہ دو' مجھے جلد از جلد مار دو' مجھے معاف کر دو' میں نے تم پر تمہارے بچوں پر' تمہارے خاوند پر بہت ظلم کیے ہیں' میں اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں' مجھے موت کی سزا دیں' میں سسک سسک کر زخموں کو چاٹ چاٹ کر تھک چکا ہوں' خدارا مجھے موت دے دو۔''

## آپ کو مبارک ہو! شریر جن سے جان چھوٹ گئی

میری بیوی پسینہ میں شرابور اچانک اٹھ کر بیٹھ گئی' اس کی چیخ سن کر میں بھی اٹھ بیٹھا' اس سے پوچھا کہ کیا ہوا؟ اس نے مکمل خواب سنایا۔

اگلے دن وہ شخص میرے پاس آیا' مجھے بیوی کو آنے والا خواب سنایا' میں نے اسے تسلی دی اور کہا کہ الحمدللہ! اس شریر جن سے تمہاری' تمہاری بیوی اور بچوں کی جان چھوٹ چکی ہے' اب تم اس کے چنگل سے سو فیصد آزاد ہو۔

چونکہ ہم نے آگے جانا تھا' جناتی سواری تیار تھی' جناتی ہمسفر دوست انتظار میں تھے' ہم دوبارہ اس سواری پر سوار ہوئے اور اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہو گئے۔

قارئین! پہلا لاہوتی نقش جب سے عبقری ستمبر کے شمارہ میں شائع ہوا' لاکھوں لوگوں نے یہ عمل کیا' بے شمار دکھیاروں نے حروف مقطعات سے اپنے مسائل حل کیے۔ میرے پاس ایک مخلص کے ذریعے چند مشاہدات خطوط کی شکل میں آئے وہ بھی عبقری قارئین کی نذر کرنا چاہوں گا۔

## بیٹی کا شوہر ایک سال بعد مان گیا

محترم علامہ لاہوتی صاحب السلام علیکم! آپ کا مضمون عبقری رسالہ میں بہت شوق سے پڑھتی ہوں' اس میں موجود وظائف تمام گھر والے کرتے ہیں اور بے شمار مسائل سے چھٹکارا پاتے ہیں' مگر ایک ایسا مسئلہ جو گزشتہ ڈیڑھ سال سے حل نہیں ہو رہا تھا' عبقری رسالہ کے ذریعے معلوم ہوا کہ اس میں علامہ لاہوتی صاحب صحابی بابا کا عطا کردہ لاہوتی نقش شائع کر رہے ہیں' ایک امید بندھی' خدا خدا کر کے ستمبر کا شمارہ آیا' جلدی سے گھر کے ہر فرد کے لیے علیحدہ منگوایا' ہر شخص نے اپنا نقش پورا کیا' میں نے بیٹی کی نیت کر کے نقش کو مکمل کیا۔ میرا مسئلہ دراصل یہ تھا کہ شادی کے چھ ماہ بعد ہی سسرالی جھگڑوں کی وجہ سے میرا داماد میری بیٹی کو میرے گھر چھوڑ گیا' ہم وقفے وقفے سے اس کے پاس جاتے رہے' اس کے آگے ہاتھ جوڑے' منتیں کیں' خاندان کے بڑے اکٹھے ہوئے مگر میرے داماد نے صرف ایک ہی رٹ لگائی ہوئی تھی کہ میں نے اس کو نہیں رکھنا' بہت جلد میرا فیصلہ آپ کے گھر پہنچ جائے گا' یہ بات سن کر میری ٹانگیں کانپ جاتیں' بیٹی کا رو رو کر برا حال ہو گیا' یقین کیجئے! میں نے یہ نقش مکمل کیا اور سات دن الم کی تسبیح پڑھی' پہلے فون پر داماد نے رابطہ کیا' پھر خود گھر آیا' بیٹی سے بات کر کے چلا گیا' پھر تین دن بعد دوبارہ آیا' علیحدہ کرائے پر گھر لیا' مجھ سے معذرت اور آئندہ کبھی شکایت کا موقع نہ دینے کی شرط پر میری بیٹی کو اس کے گھر لے گیا' یہ الفاظ لکھتے ہوئے میرے آنسو نہیں تھم رہے' میں اب دوسرے نقش کے انتظار میں ہوں' اتنی جلد کام ہو گا میرے تو وہم و خیال میں بھی نہیں تھا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ (جاری ہے) (دوسرا لاہوتی نقش اگلے صفحہ (41 نمبر) پر ملاحظہ فرمائیے)

حضرت علامہ لاہوتی صاحب سے پوچھیں گھریلو الجھنوں کا حل

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 55 پر دیا گیا کوپن پُر کر کے بھجوا دیں۔ کوپن والے خطوط کا جواب جوابی لفافہ کے ذریعہ نہیں بلکہ بذریعہ رسالہ ہی دیا جائے گا۔

اس سے بھی زیادہ پر اسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے ''جنات کا پیدائشی دوست'' کتاب پڑھیے۔

وبائی امراض سے گھرانہ محفوظ
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کیلئے آخری حل
عورتوں مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین

ٹھنڈی مراد

شوگر والے حضرات استعمال نہ کریں
ہاتھ پاؤں میں جلن
سر چکرانا
جگر مثانے کی گرمی
ہائی بلڈ پریشر
قیمت 150/- روپے

## خاص ہدایات ضرور پڑھیں ورنہ محروم رہ جائیں گے

(1) کسی بھی کالی سیاہی والے بال پین یا قلم دوات سے اس نقش کو پُر کرنا ہے‘ سب سے پہلے نیچے دی گئی جگہ پر اپنا اور اپنی والدہ کا نام لکھیں۔ اگر آپ کسی دوسرے کیلئے نقش پُر کر رہے ہیں تو اس کا نام مع والدہ لکھیں‘ اس کی والدہ کا نام معلوم نہیں تو صرف اسی کا نام لکھ دیں۔ (2) نقش کے درمیان 64 خانوں کو پُر کریں۔ ان خانوں میں لکھے حروف پر قلم پھیریں۔ (3) اس نقش کو پُر کرتے ہوئے ہر خانے پر 1 بار ’’المص‘‘ پڑھیں۔ (4) اس نقش کو کسی بھی دن‘ کسی بھی وقت پُر کر سکتے ہیں۔ نقش پُر کرنے کے بعد 7 دن تک روزانہ دن میں کسی بھی وقت اس نقش کو دیکھتے ہوئے ایک تسبیح ’’المص‘‘ کی پڑھیں۔ 7 دن کے عمل کے بعد حسب توفیق شیرینی تقسیم کیجئے۔ (5) یہ نقش صرف ایک فرد کیلئے ہے۔ گھر کا ہر فرد اپنا علیحدہ نقش پُر کرے اور 7 دن کا عمل کرے۔ گر کوئی بندہ خود یہ عمل نہیں کر سکتا تو اس کی طرف سے کوئی دوسرا بھی کر سکتا ہے۔ ایک وقت میں ایک سے زیادہ نقش بھی پُر کر سکتے ہیں‘ جتنے زیادہ نقش پُر کریں گے اتنی زیادہ برکات‘ خیریں اور سعادتیں ملیں گی۔ آپ اپنے پیاروں عزیزوں اور دوستوں کیلئے بھی یہ عمل کر سکتے ہیں۔ اگر بچے نقش پُر نہ کر سکتے ہوں تو والدین ان کی نیت سے کر لیں۔ حاملہ عورت اپنے بچے کا علیحدہ نقش پُر کرے۔ (6) یہ قرآنی حروف کا نقش ہے ان کو باوضو ہی پُر کریں۔ خواتین ناپاکی کے ایام میں اس نقش کو پُر نہ کریں۔ اگر عمل کے دوران ناپاکی کے ایام آجائیں تو پاکی کے بعد بقیہ عمل مکمل کر لیں۔ (باقی صفحہ نمبر 50 پر)

علامہ لاہوتی کا عطا کردہ! حروف مقطعات کا خاص عمل نقش نمبر 2




(نوٹ: نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروائیے ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے)

# ذہین بننے کے لیے دماغ کی ورزش کیجئے

سعدیہ خان، پشاور

انسانی جسم کی خوبصورتی میں بظاہر متناسب بدن کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ جسم کو متناسب، سڈول اور اعضاء جسمانی کو عمر اور قد کے لحاظ سے "مناسب" رکھنے کے لیے ہم ہرممکن کوششیں کرتے رہتے ہیں۔ ورزشیں ہیں جنہیں ہم جسم کو خوبصورت بنانے کے لیے اپناتے ہیں۔ پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایسے سینکڑوں آلات اور مشینیں دستیاب ہیں جن کی بدولت آج کی بھاگ دوڑ والی زندگی میں بھی ہم کسی کلب میں جانے کے بجائے باآسانی اپنے گھروں پر ہی خود کو چاک و چوبند رکھنے کے لیے ایسی ورزشیں کرسکتے ہیں۔

اگرچہ صحت مند زندگی کے لیے صحت مند جسم کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا مناسب، سڈول اور خوبصورت جسم ہی صحت مند زندگی گزارنے کے لیے ضروری ہے؟ جی نہیں! انسانی جسم، صحت مند زندگی بسر کرنے میں ہمارے لیے نہایت معاون ثابت ہوتا ہے، لیکن یہ ضروری نہیں ہے کہ ورزش کے ذریعے خوبصورت، توانا اور چست جسم حاصل کرنے کے لیے صرف جسم کی ہی ورزش کی جائے۔ اگر صحت مند جسم ہماری سماجی زندگی اور جسمانی بھاگ دوڑ کے کاموں میں ہماری مدد کرتا ہے تو صحتمند دماغ زندگی کی دشواریوں اور مشکلات سے نکلنے کا حل ہمیں سمجھاتا ہے۔ لہٰذا متوازن زندگی گزارنے کے لیے صحتمند جسم میں صحت مند اور متحرک دماغ کا ہونا بھی ضروری ہے۔ اس مقصد کے لیے ضروری ہے کہ جسم کے ساتھ ساتھ دماغ کو چست رکھنے کے لیے اس کی بھی ورزش کی جائے۔

مغرب میں کی جانے والی متعدد تحقیق میں یہ بات کہی اور ثابت کی گئی ہے کہ اگر آپ کو متحرک ذہن کی خواہش ہے تو پھر دماغ کی ورزش کریں۔

اب ایک سوال قارئین سے ذاتی نوعیت کا۔ وہ یہ کہ کیا کبھی آپ نے خواہش کی ہے کہ کاش آپ ایسے تخلیقی ذہن کے مالک ہوتے جس کی بدولت آپ کی صلاحیتیں، انداز، فکر اور عمل دوسروں سے جدا ہوتا؟ کیا کبھی کبھی یہ محسوس ہوتا ہے کہ آپ دوسروں کی نسبت زیادہ عمل پسند ہوتے، لیکن ایسا ہو نہیں پارہا ہے؟

حالیہ تحقیق کے مطابق دماغ کی خفیہ صلاحیتوں کو بیدار کرنا کچھ ایسا مشکل کام نہیں ہے۔ اس کے لئے آپ کو ایسی ورزشیں کرنا ہوں گی جو کہ بظاہر تو جسمانی نوعیت کی ہوں گی، تاہم ان کی بدولت آپ کے دماغ کے تینوں حصوں کے درمیان رابطے بہتر ہوسکیں گے اور یہ آپ کے دماغ کو متحرک کرنے کا سبب بن جائیں گی۔

انسانی دماغ تین حصوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ تینوں حصے مختلف طرح کی سوچ کو کنٹرول کرتے ہیں۔ دماغ کا بایاں حصہ جسم کے داہنے حصے کو کنٹرول کرتا ہے اور جذباتی اور تجزیاتی سوچ پر نظر رکھتا ہے، جبکہ دماغ کا دایاں حصہ جسم کے بائیں حصے کو کنٹرول کرتے ہوئے جذبات پر قابو رکھتا ہے۔ جبکہ تیسرا حصہ جسمانی افعال سرانجام دینے کا سبب ہے۔ ہم میں سے بیشتر افراد دماغ کا ایک حصہ دوسرے کی نسبت زیادہ استعمال کرتے ہیں بالخصوص تناؤ کی حالت میں۔ دماغ کے ایک حصہ کا مستقل استعمال دوسرے حصہ کے لیے مفید ثابت نہیں ہوتا اور اس کی کارکردگی سست پڑ جاتی ہے۔

## 30 سیکنڈ کیلئے ناف پر ہاتھ رکھیں اور انوکھی ترقی پائیں!

اب سوال اٹھتا ہے کہ دماغ کی ورزش کیسے کی جائے؟ دماغی طور پر مصروف یعنی دماغی کام کاج کرنے والے افراد کے لیے ایک خوشخبری یہ ہے کہ ایک امریکی ماہر تعلیم نے چند سادہ جسمانی ورزشیں تیار کی ہیں جن سے دماغی کارکردگی بہتر بنا کر ذہن کے کم استعمال ہونے والے حصے کو بھی متحرک اور فعال بنایا جاسکتا ہے۔ ان ورزشوں میں بازوؤں اور ٹانگوں کی حرکت شامل ہے۔ جسم کے ایک حصے کی حرکت دماغ کے دوسرے نصف حصے کی کارکردگی کو بہتر بناتی ہے۔ ان ورزشوں کے ذریعے دماغ کے دونوں حصوں کو یکے بعد دیگرے فعال بنا کر دونوں کے مابین اعصابی رابطے اور توازن کو برقرار رکھا جاسکتا ہے۔ دماغی ورزش کی یہ طریقے ذیل میں دیئے جارہے ہیں۔

**ہک اپ:** چاہے کرسی پر بیٹھے ہوں یا کھڑے ہوئے ہوں۔ یہ سادہ سی ورزش آسانی سے کی جاسکتی ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک ٹخنے کو دوسرے ٹخنے کے ساتھ لگائیں۔ اسی جانب کی کلائی کو دوسری کلائی پر رکھ کر ہتھیلیوں کو چھولیں۔ پھر ہاتھوں کی انگلیوں کو باہم پیوست کرلیں۔ یاد رہے کہ اس وقت آپ کے دونوں ہاتھ سینے پر ہونے چاہئیں۔ اپنی زبان کو منہ کے اوپری حصے یعنی تالو سے لگا کر رکھیں تاکہ جبڑے آرام کرسکیں۔ اس طرح آنکھیں بند کرکے ایک منٹ گزاریں۔ اس عمل کے دوران گہری اور لمبی سانسیں لیں۔ اس کے بعد اپنے ہاتھ اور پیر علیحدہ کرلیں، یعنی نارمل حالت میں آجائیں۔ اس کے بعد یہی عمل تین چار بار دہرائیں۔ اس ورزش سے قوت سماعت، سیکھنے کی صلاحیتیں وغیرہ بڑھتی ہیں۔

**برین بٹن:** انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کی مدد سے وی شیپ بنا کر اسے سینے کی وسط میں گردن کی ہڈیوں سے ذرا نیچے رکھیں۔ اس جگہ پر 20 سے 30 سیکنڈ تک ہلکے ہلکے مساج کریں۔ اس دوران دوسرا ہاتھ ناف پر رکھیں۔ مقررہ سیکنڈ کا وقت گزرنے کے بعد ہاتھ تبدیل کریں اور پھر یہی عمل دہرائیں۔ اس ورزش سے ذہنی ارتکاز، منطقی انداز فکر اور پڑھنے میں مدد ملتی ہے۔

**کراس کرال:** کھڑے ہوکر اپنا بایاں پیر اوپر کی جانب اٹھائیں اور اپنے داہنے ہاتھ سے اسے چھولیں۔ یہی عمل دوسرے پیر کے ساتھ بھی کریں۔ دس سے پندرہ مرتبہ یہی ورزش دہرائیں۔ اس ورزش سے انسان کی پڑھنے، لکھنے، سننے اور اشتراک عمل کی صلاحیتیں بہتر ہوتی ہیں۔

**کاف پمپ:** سیدھے کھڑے ہوکر اپنے ہاتھ کولہوں پر رکھ لیں۔ اپنی بائیں ٹانگ ایک قدم پیچھے کرلیں۔ سیدھے پاؤں کے گھٹنے کو آگے کی جانب موڑیں اور بائیں ایڑی کو فرش کی جانب سیدھا کرتے ہوئے ان میں کھنچاؤ پیدا کریں۔ دوسری ٹانگ کے ساتھ بھی یہی عمل دہرائیں۔ یہ ورزش دماغی ارتکاز اور الفاظ کی ادائیگی کے دوران لہجے کی درستگی میں مدد دیتی ہے۔

**لیزی ایٹ:** اپنا ایک ہاتھ سامنے کی جانب اس طرح پھیلائیں کہ انگوٹھے کا رخ آسمان کی طرف ہو۔ پھر ہاتھ کی ہر انگلی سے آٹھ کا ہندسہ بنانے کی کوشش کریں۔ انگلی کو حرکت دیتے وقت گردن کو پرسکون اور سر کو سیدھا رکھیں تاکہ آپ اپنے انگوٹھے پر توجہ برقرار رکھ سکیں۔ اس ورزش سے پڑھنے، لکھنے میں مدد ملتی ہے، جبکہ ہاتھ اور آنکھ کے درمیان رابطہ بہتر ہوتا ہے۔

فیملی شفاء
سینے کی جلن سے فوری نجات | طبیعت ہشاش بشاش
گیس | بدہضمی | کھایا پیا فوراً ہضم
قیمت -/10 روپے
شفاء کی ایسی پڑیا جس کے کھاتے ہی ہوجائے تکلیف دور
ہر وقت گھر میں اور سفر میں ہر وقت جیب میں رکھنے کی چیز ساتھ رکھیں۔
وبائی امراض سے گھرانہ محفوظ

شفاء پانے والے

# ہمسائی کی بیٹی کو چھاتی کے کینسر سے بروقت نجات مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ہمسائی کی بیٹی کافی دنوں سے بیمار پڑی تھی میں اس کی عیادت کے لیے گھر گئی تو بیٹی کی حالت دیکھ کر مجھے فکر ہونے لگی میرے پوچھنے پر اس نے بتایا کہ خالہ جی ایک ماہ پہلے میری چھاتی پر ایک گلٹی نمودار ہوئی میں نے اس کی دوائی کھائی ٹھیک ہوگئی اب دو ہفتوں سے اسی جگہ پھر گلٹی نکل آئی ہے اور اس میں شدت کا درد ہوتا ہے جو کہ قوتِ برداشت سے باہر ہو جاتا ہے۔ میں نے اس کے مرض کی نوعیت دیکھی تو میں پریشانی میں مبتلا ہوگئی کیونکہ مجھے مرض کا اندازہ ہو گیا تھا کہ اس کو چھاتی کا کینسر لاحق ہو چکا ہے اگر جلد ہی اچھا علاج نہ کروایا تو اس کی جان کو خطرہ ہو سکتا ہے میں نے اس کی والدہ کو اس بارے میں بتایا تو وہ بھی فکر مند ہوگئی۔ میں نے اس سے کہا کہ کل بیٹی کو لے کر عبقری دواخانے چلتے ہیں ہم اگلے روز آپ کے دواخانے آئے اور آپ کے اسسٹنٹ صاحب کو تمام صورتحال سے آگاہ کیا انہوں نے ہمیں خون صفاء، ٹھنڈی مراد، نورتن شفاء، اینٹی بائیوٹک شفاء، کالی کڑوی شفاء، مرہم سکون استعمال کرنے کا مشورہ دیا چند ماہ کے مسلسل استعمال سے بیٹی کی حالت سنبھلنا شروع ہوگئی آخر ٹیسٹ کے بعد سکون ہوا کہ اب مرض کی جڑیں ختم ہوگئی ہیں۔ اب ماشاء اللہ سے چار ماہ ہوگئے ہیں ہمسائی کی بیٹی اب بالکل ٹھیک ہے اور اس کی ماں مجھے اور آپ کو دعائیں دیتی ہیں جنہوں نے بروقت مرض کی تشخیص کی اور بہترین ادویات منتخب کیں۔

**نوٹ: اگر آپ کے کسی عزیز یا جاننے والے کو چھاتی کا کینسر ہے تو اگر آپ ڈاکٹری علاج کروا رہے ہیں تو اس کے ساتھ ساتھ عبقری کی ادویات خون صفاء۔ ٹھنڈی مراد۔ نورتن شفاء۔ اینٹی بائیوٹک شفاء اور کالی کڑوی شفاء۔ مرہم سکون (لگانے کے لیے) بھی استعمال کروائیں۔ بے شمار نے شفاء پائی آپ بھی آزمائیں۔ چند دن۔ چند ہفتے۔**

# گیس تبخیر کا شکار تھی والدہ کا کولیسٹرول نارمل ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 25 سال ہے اور میں بینک میں نوکری کرتی ہوں۔ اور ایک عرصہ سے معدے کے امراض کا شکار تھی۔ بدہضمی، گیس، سینے کی جلن، تبخیر، اپھارہ پن اور صبح کے وقت متلی آنا عام سے بات تھی۔ بہت سی اچھی سے اچھی اور مہنگی سے مہنگی ادویات استعمال کر چکی تھی لیکن فائدہ نہیں ہو رہا تھا۔ ایک روز بنک پہنچی تو میری میز پر اخبارات کے ساتھ ایک عبقری رسالہ پڑا تھا میں نے اٹھایا اور دو صفحات پڑھے اور دل نے کہا کام کی چیز ہے۔ اتنے میں میرے ساتھ والی سیٹ پر میری سینئر میڈم آگئیں انہوں نے میرے ہاتھ میں رسالہ دیکھا تو کہنے لگی کیا تم بھی عبقری رسالہ پڑھنے میں دلچسپی رکھتی ہو تو میں نے کہا پہلی بار یہ رسالہ دیکھا ہے اور دو صفحات پڑھے ہیں بہت اچھا ہے اس نے بتایا کہ یہ رسالہ ہر ماہ میں نے اپنے گھر لگوایا ہوا ہے اور عبقری دواخانہ کی ادویات کا استعمال بھی ہمارے گھر میں اکثر ہوتا ہے تو میں نے یہ سنتے ہی فوراً اپنا مسئلہ میڈم کے سامنے رکھا تو میڈم نے مسکراتے ہوئے کہا کہ یہ بھی کوئی مسئلہ ہے اِدھر لاؤ عبقری رسالہ۔ میڈم نے دو سے تین صفحات پلٹے اور ''اصلاح معدہ و جگر پیکیج'' لکھا ہوا میرے سامنے کر دیا کہ یہ استعمال کرو ٹھیک ہو جاؤ گی تو میں نے فوراً سے کال کر کے دو پیکیج بذریعہ فون بک کروائے جو مجھے بینک کے ایڈریس پر تین دن کے اندر مل گئے میں نے لکھی ہوئی ہدایت کے مطابق دوائی کا استعمال شروع کیا اور چکنائی اور مصالحہ دار اشیاء سے پرہیز کرنا شروع کیا ایک ماہ کے مسلسل استعمال کے بعد مجھے واضح فرق محسوس ہوا جس کے بعد ایک اور پیکیج منگوایا تین پیکیجز کے استعمال سے اللہ پاک نے مجھے صحت و تندرستی عطا کی اب میں ہر قسم کی اشیاء کھا اور پی سکتی ہوں جلن، تبخیر، متلی کا آنا سب ختم ہو گیا تھا۔ میں نے میڈم کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے مجھے اچھا مشورہ دیا۔ اس کے علاوہ میری والدہ میں کولیسٹرول کی مقدار بڑھی ہوئی تھی اس کے لیے میں نے خود سے ''کولیسٹرول کورس'' کا انتخاب کر کے منگوایا۔ والدہ نے کولیسٹرول کورس استعمال کیا اللہ پاک نے انہیں بھی صحت سے نوازا ٹیسٹ کروانے پر کولیسٹرول کی مقدار نارمل آئی۔ (ثناء حمید، چکوال)

## جنسی بیماریوں میں مبتلا تھا چند ماہ میں آزاد ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 28 سال ہے اور اب تک غیر شادی شدہ ہوں۔ عبقری سے تعلق ہوئے تین سال ہو گئے ہیں جب میری عمر 25 سال تھی تو میں گناہوں کی زندگی بسر کر رہا تھا اور مختلف جنسی بیماریوں میں مبتلا تھا اور ہر وقت پریشان رہتا تھا۔ میرے ایک دوست نے مجھے بس عبقری پڑھنے کے لیے دیا تھا مجھے کیا پتہ تھا عبقری سے گہرا تعلق ہو جائے گا۔ رسالے کا مطالعہ کیا اور اپنی جنسی بیماری کسی ڈاکٹر کی بجائے خود ہی حل کر لی۔ عبقری دواخانہ کی دوائی ''نوجوان کے روگ'' کورس کے تین ڈبے استعمال کیے اور میں جنسی بیماریوں سے آزاد ہو گیا۔ (ج، د۔ لاہور)

## شیخ الوظائف کی دعائیں لیں! کام بن گیا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں کاروباری الجھنوں میں پھنسا ہوا تھا' ایک پارٹی نے مجھ سے ادھار مال لیا اب وہ واپس کرنے کو ایک فیصد بھی تیار نہیں' چکر لگا لگا اور فون کر کر کے تھک گیا' میں اس سے لڑائی بھی نہیں لینا چاہتا تھا' بڑی پریشانی ہوئی۔ عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا تو اس میں ایک چھوٹی سی تحریر پڑھی ''شیخ الوظائف سے دعائیں لینے کا سنہری موقع'' جب مکمل تحریر پڑھی تو اس میں لکھا تھا کہ شیخ الوظائف تاریخی ورثہ محفوظ کرتے ہیں اور اگر آپ کے پاس کوئی ایسی چیز پڑی ہے تو وہ شیخ الوظائف کو بھیجیں اور شیخ الوظائف سے دعائیں لیں۔ میرے گھر ہمارے بڑوں کی ایک پرانی بندوق پڑی تھی جو کم از کم بھی سو سال پرانی تھی' جس پر میرے پڑدادا شکار کھیلا کرتے تھے' میں نے وہ بندوق احتیاط سے اٹھائی' اسے اچھی طرح پیک کیا اور خود دفتر ماہنامہ عبقری جمع کروا کر آیا' مجھے واقعی محسوس ہوا کہ دعا ملی اور فوراً قبول بھی ہوئی' ایک ہفتے بعد اس بندے نے خود رابطہ کیا' مجھے اپنے دفتر بلایا اور میرے تمام سامان کے پیسے مجھے دے دیئے۔ پیسے میرے پاس تھے' اور میں خدا کا شکر ادا کر رہا تھا۔ (منصور، لاہور)

انجانا سا خوف آپ سے دور
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر ملاحظہ کریں

قیمت 140/- روپے
دائمی ریشہ | منہ میں چھالے | دردِ شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں
آنتوں کے امراض | بلغم، کیرا | گلے کی خراش، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
بنفشی قہوہ

بالوں کا تیل
از وقت سفید ہو جانا

افشاں ثقلین (علی پور)

# چنبیلی خوشبوؤں کی ملکہ بے مثال طبی فوائد کی مالک

چنبیلی پھولوں کی دنیا میں ایک خوبصورت اور خوشبودار نام ہے۔ عطریات کی دنیا میں اسے خوشبوؤں کی ملکہ کہتے ہیں اور خوشبوؤں کی یہ ملکہ دماغ کو معطر کرنے کے ساتھ ساتھ بے مثال طبی فوائد کی مالک بھی ہے۔ چنبیلی ایک نازک پھول ہے۔ اس کا عام استعمال پھولوں سے خوشبو اور خوشبودار تیل حاصل کرنے کے لیے ہے لیکن یہ بطور دوا بھی کام میں لایا جاسکتا ہے۔ مقدار خوراک پھول کی شکل میں دس ماشہ اور رس کی صورت میں تین تولہ ہے۔ رس تین تولہ سے زیادہ ہرگز استعمال نہ کیجئے۔

## بدن کے امراض، منہ کا زخم اور کان کا درد ختم

خشک پھولوں کو پیس کر شہد میں ملا کر ڈیڑھ تولہ چاٹ لیں پیٹ کے کیڑے نکل جائیں گے۔ زرد چنبیلی کے پھول اندرائن کے ہرے پھل میں رکھ کر اتنا پکائیں کہ گل جائیں پھر ساڑھے تین ماشہ اس کو سوا دو تولہ شہد میں ملا کر چاٹا کریں تو استقا اور درد کمر اور وجع سفاصل کو نفع ہوتا ہے۔ چنبیلی کا پھول آنکھ کو نافع ہے دانتوں کے درد فساد خون وصفرا و باد کو مٹاتا ہے۔ زرد چنبیلی کی جڑ کو باری کے بخاروں میں بہت مفید پایا گیا ہے۔ مرض گنٹھیا اور اعصاب میں نافع ہے شدید کھانسی کے واسطے بہت عمدہ ہے درد اعصاب کو رفع کرتا ہے اس کے پتوں کا جوشاندہ پلانے سے جلد بدن کے امراض، منہ کا زخم اور کان کا درد دفع ہوتا ہے اس کے پتوں کے تازہ رس کو لگانے سے پیروں کی انگلیوں کے تلے کی نرم آلٹن (یعنی گٹا) مٹ جاتا ہے۔

## خواتین کے ماہواری کے مسائل میں افاقہ

چنبیلی کے تمام اجزاء کو جوش دے کر پلانے سے اندرونی اعضاء کا سدہ کھلتا ہے اور خون حیض جاری ہوتا ہے۔ اس کے پتوں کا جوشاندہ مفید ہے جلد بدن کے امراض دردسر اور آنکھوں کی کمزوری دفع کرنے کے لیے اس کے پھولوں کا یا ان کے رس کا لیپ مفید ہے۔

## کھانسی اور دل کے نظام کی خرابیوں کو دور کرے

چنبیلی کو زیادہ تر خوشبو حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے لیکن اس کے طبی فائدے بھی ہیں۔ اس میں ایسے اجزاء موجود ہیں جو کھانسی اور دل کے نظام کار کی خرابیوں کو دور کرنے میں مفید ہیں۔ ہومیوپیتھی میں اس کے پتوں سے ایک ٹنکچر بنائی جاتی ہے جو گٹھیا عرق النساء اور صفراوی بخار میں مریضوں کو دی جاتی ہے۔

## امراض سرما میں صرف چنبیلی سونگھ لیں! بالکل ٹھیک!

چنبیلی کے پھول سفید بالوں پر ضماد کرنے سے سیاہ ہوجاتے ہیں یہاں تک مبالغہ بھی اطباء قدیم کرتے ہیں کہ اس کے سوکھے پتے سفید بالوں پر چھڑک دینے سے سیاہ ہوجاتے ہیں۔ چنبیلی کے پھول بوڑھے آدمی اور سرد مزاج والے آدمی سونگھیں تو ان کو نفع پہنچے اگر سردی سے دردسر ہو یا زکام ہو تب بھی اس کا سونگھنا فائدہ بخشے گا۔ اس کو جوش دے کر سر کو دھارنے سے بھی سرد کو نفع ہوتا ہے اگر پونے دو ماشہ چنبیلی کے پھول اور اسی قدر انیسون کو پیس کر اور چنبیلی کے پتے یا جڑ جوش دے کر اس جوشاندے کے ساتھ اس سفوف کو پھانکیں تو بہت قے آئے۔ اگر سفید چنبیلی کی جڑ سوا دو ماشہ اور سوا دو ماشہ کو گل اور سوا دو ماشہ نشاستہ ان سب کو پیس کر پانی کے ساتھ پھانکیں تو دس بار دست آجائیں اور دستوں کے ذریعے زرداب بھی خارج ہوجاتے ہیں۔

## چنبیلی کا تیل! موسم سرما میں پٹھوں کے امراض

چنبیلی کے پھولوں سے تیل تیار کرتے ہیں۔ اگلے زمانہ میں اسے روغن زنبق کہا کرتے تھے۔ یہ تیز گرم وتر ہے محلل ہے جلد بدن کو نرم کرتا ہے۔ قانون اور اس کی شروح میں لکھا ہے کہ اس کو سردی میں ملنا نافع ہے۔ فالج، لقوہ اور استقا کو نافع ہے۔ پیٹ کے کیڑے مارتا ہے۔ کوڑھ اور کھجلی کو نافع ہے۔ کان کی بیماریوں میں مفید ہے۔ سر میں ڈالنا اعضائے دماغ کو قوت دیتا ہے۔ پٹھوں کے سردی کے امراض کو نافع ہے۔ بوڑھوں کو مفید ہے۔ وید کہتے ہیں کہ چنبیلی کا تیل ٹھنڈا ہوتا ہے۔ بدن کی گرمی مٹانے کے لیے اس کا لیپ کرتے ہیں۔ چنبیلی کا تیل ٹھنڈی اور سوکھی ہوا کا اثر نہیں لیتا اس میں ایلوا ملا کر کان میں ٹپکانے سے کان کی خارش رفع ہوتی ہے۔ اس کو گرم کر کے پھویا بھگو کر ناف پر رکھنے سے بادی کا درد بند ہوتا ہے۔ اس میں کافور ملا کر ملنے سے کھجلی جاتی رہتی ہے۔ اس کو زیادہ سونگھنے یا سعوط کرنے سے گرم مزاج والے کو نکسیر کا خون جاری ہوسکتا ہے۔ اور دردسر ہوسکتا ہے۔ کافور بنفشہ وغیرہ کا سونگھنا اور مکھن چنبیلی کے تیل کے مصلح ہیں۔

## چنبیلی کے پھولوں اور شاخوں کا جوشاندہ! جلدی امراض ختم

دنیا کے مختلف ممالک میں چنبیلی کا پھول خوشبو اور تیل حاصل کرنے کے علاوہ خوردنی اور ادویاتی طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس کا سب سے زیادہ استعمال برصغیر پاک وہند میں ہوتا ہے۔ اس کا تیل بھی نکالا جاتا ہے جو عورتیں اور مرد سر میں لگاتے ہیں اس کی موٹی ٹہنی سے چاقو کے دستے بنائے جاتے ہیں اور یہ چاقو بہت قیمتی ہوتے ہیں۔

چین، سپین اور ایران میں یاسمین کے پھولوں کی چائے بنائی جاتی ہے۔ چین اور سپین کی یہ چائے "جیسمین ٹی" کے نام سے دنیا بھر میں مقبول ہے۔ چین میں اسے سین ہینگ ہوا کہتے ہیں۔ اور تجارتی بنیادوں پر کاشت کیا جاتا ہے۔ چین میں چنبیلی کے پھولوں اور شاخوں کا جوشاندہ مصفی خون کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

امریکہ میں یاسمین مصنوعی طور پر کاشت کیا جاسکتا ہے۔ اور اس سے خوشبو حاصل کی جاتی ہے جس کی پروفیومری برآمد کر کے کروڑوں ڈالر کمائے جاتے ہیں۔

بے اولادی کورس
جی ہاں آپ بھی اولاد پاسکتے ہیں
مایوس افراد کیلئے انوکھا کورس مادہ تولید کو بڑھاتا اور گاڑھا کرتا ہے۔ قیمت 2500/- روپے
صرف مردوں کیلئے
ناممکن کام اب ممکن ہوجائے
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

## والدہ کے پاؤں چومنے کی برکت

(محمد رحمت اللہ چشتی، ہری پور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ کافی عرصہ سے پڑھ رہا ہوں' میرے کچھ تجربات و مشاہدات ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں۔

**مشاہدہ نمبر۱:** میری جب بھی کوئی چیز گم ہوئی ہے ''اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ'' اکیس اکیس بار صبح و شام پڑھا تو مل گئی۔ یقین شرط اول ہے۔

**مشاہدہ نمبر۲:** آیت ''وَ مَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ'' (سورۃ الزمر، ۶۷) پڑھ کر گاڑی میں سوار ہونے کا معمول ہے۔ حادثہ ہوا گاڑی مکمل تباہ ہوگئی ساتھی زخمی ہوگئے میں بال بال بچ گیا۔

**مشاہدہ نمبر۳:** آپ کا بتایا ہوا وظیفہ سورۃ کوثر، بسم اللہ اوّل آخر درود شریف سات سات بار پڑھ کر جس چیز پر بھی دم کیا حیرت انگیز برکت دیکھی۔ میرے پاس ایک دن بالکل رقم نہیں تھی ایک بے روزگار دوست میرے پاس آئے ہوئے تھے میں نے سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 تلاوت کی تو میرے بے روزگار دوست نے دو ہزار روپے مجھے دے دیئے حالانکہ ان سے ملنے کی کوئی توقع نہیں تھی۔ میرے گھر میں بھی مہمان آجائیں جتنے بھی آجائیں ہم سورۃ کوثر مع بسم اللہ اوّل آخر درود شریف سات سات بار پڑھ کر کھانے پر دم کر دیتے ہیں وہ کافی ہوجاتا ہے۔


قارئین



آپ کیلئے مدفن خزانے نکال لائے! سمیٹ لیجئے! اپنے لیے نسلوں کیلئے


**مشاہدہ نمبر۴:** والدہ ماجدہ کے پاؤں چومنے کی برکت سے اور بچوں کی دعاؤں کی برکت سے دو بار خدمت حرم شریف کی سعادت نصیب ہوئی اور سینکڑوں عمرے ہزاروں طواف اور دو حج نصیب ہوئے اللہ قبول فرمائے آمین۔ **مشاہدہ نمبر۵:** سورۃ فاتحہ سات بار، چاروں قل تین تین بار پڑھ کر جس بیماری پر دم کرتا ہوں اللہ پاک بیمار کو شفاء دیتے ہیں۔

**مشاہدہ نمبر۶:** خواب میں حضرت خواجہ حسن بصریؒ نے پانچ تعویذ بتائے اسم اللہ 66 بار لکھیں' سورۃ اخلاص کا نقش لکھیں، قرآن حروف میں آیت الکرسی بغیر اعراب کے لکھیں، سورۃ فلق بغیر اعراب کے لکھیں، سورۃ ناس بغیر اعراب کے لکھیں اور ایک اجنبی بزرگ راولپنڈی میں ملے انہوں نے اپنا تعارف نہیں کروایا فرمایا کہ درج بالا یہ پانچوں تعویذ مشک عنبر، زعفران، عرق گلاب سے لکھ کر لوگوں کو دیا کرو' اللہ کریم شفاء دے گا' اس میں زم زم کا پانی، بارش کا پانی، سات چشموں کا پانی، کلونجی بھی ملانی ہے اور شہد کے شربت کو بوتل میں ڈال کر اس میں یہ نقش ڈال دیں' صبح کے وقت اور رات سوتے وقت یہ پانی استعمال کرنا ہے۔ میں نے بہت سارے مریضوں کو دیا اس میں حروف صوامت کے تعویذ کو بھی ملایا تو کالے یرقان، کینسر اور سحر زدہ، نظر بد سے متاثر لوگ ٹھیک ہوگئے۔

آپ کے بتائے ہوئے افحسبتم اور اذان کے عمل سے بہت فائدہ ہوا اور اکثر غیب سے ضرورتیں پوری ہوجاتی ہیں میں نے ایک دوست کو سورۃ اخلاص دو سو بار پڑھنے کا بتایا وہ پڑھ رہا ہے عرصہ سے کوئی کام کاج نہیں کرتا اس کی ساری ضرورتیں غیب سے پوری ہوجاتی ہیں۔

### دن دیہاڑے جنات کو دیکھا

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَا وَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ اِسْرَارِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ سوا لاکھ پڑھا تو خواب کی تعبیر آنے لگی ہے' بعض اوقات درختوں سے اور پتھروں سے ذکر کرنے کی آواز بھی سنائی دیتی ہے۔ دن دیہاڑے دو بار جنات کو بھی دیکھا ہے۔ آپ سے ذکر خاص کی اجازت لے کر گھر میں کرتا ہوں ہر طرح کے مسائل حل ہوجاتے ہیں۔

## ڈاکٹرز نے کہا کفن دفن کی تیاری کیجئے! مگر یہ کیا عجوبہ ہوا!

ہمارے محلے میں میرے دوست کی والدہ صاحبہ بیمار ہوگئی۔ وہ بہت زیادہ پریشان تھے' ایک سے دوسرے ڈاکٹر اور پھر ایک سے دوسرے کلینک اور پھر ایک سے دوسرے ہسپتال مگر کہیں سے بھی افاقہ نہ ہورہا تھا' ہر ڈاکٹر کے پاس جاتے' شروع سے ٹیسٹ' رپورٹیں کروائیں جاتیں' بہت زیادہ خرچ ہورہا تھا مگر شفاء نہیں مل رہی تھی' ان کی والدہ بہت زیادہ اذیت میں تھیں' ایک دن میرا دوست مجھے گلی میں ملا اور وہیں رونا شروع ہوگیا' وہ اپنی والدہ کو اتنی اذیت میں نہیں دیکھ سکتا تھا' میں بھی اس کی باتیں سن کر پریشان ہوگیا۔ دوست نے بتایا کہ والدہ کو ڈاکٹروں نے جواب دے دیا' میں نے ان کو یہ عمل بتایا اور ساتھ ترتیب بھی بتائی ان کے چار بچے ہیں ایک بیٹی اور تین بیٹے۔ ان چاروں نے پڑھنا شروع کردیا۔ اب ان کے پاس ایک نہ ایک ہر وقت پڑھ کر دم کرتا رہا ہے۔ آپ یقین کریں کہ پہلے ان خاتون کی بالکل حرکت بند تھی ایک دن کے اندر بولنا اور دیکھنا شروع کردیا۔ میں نے کہا ان دوائیوں پر بھی اور پانی دم کر کے دیں تیسرے دن یہ خاتون اٹھ کر چلنا شروع ہوگئی اب ماشاء اللہ صحت مند ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کے کلام کی طاقت ہے۔

### جادو نے چارپائی سے لگا دیا

میرے دوست کی بہن پر اتنا شدید جادو کہ وہ چارپائی پر لگ گئی شادی طے ہوئی تو شادی سے ایک دن قبل بیمار ہوگئی اور اٹھنے کی طاقت ختم بغیر سہارے کے واش روم تک نہیں جاسکتی تھی۔ میں نے ان کو افحسبتم، اذان والا عمل بتایا اور ساتھ یاقہار بتایا کہ یاقہار سب لوگ پڑھیں اور لاکھوں کے حساب سے پڑھیں۔ اب اذان والا عمل تو ان لوگوں نے بہت کم کیا لیکن یاقہار بہت زور شور سے پڑھنا شروع کردیا۔ اللہ تعالیٰ نے شفاء دی۔ وہی لڑکی اپنے پاؤں پر کھڑی ہوکر اپنے گھر چلی گئی بلکہ اب سارے کام بھی کررہی ہے اور ساتھ ساتھ یاقہار کا ورد بھی کررہی ہے۔ (ع، چکوال)


سرد ہواؤں میں الرجی کا آزمودہ علاج

الرجی کورس

دائمی نزلہ، الرجی، ناک کی ہڈی کا بڑھنا، ناک کا بند رہنا
جلدی مسائل، حتیٰ کہ الرجی کا دمہ
ان تمام امراض کیلئے انتہائی آزمودہ اور مؤثر ہے۔

قیمت -/600 روپے / علاوہ ڈاک خرچ

# آسان اور سستے نسخہ سے خارش سے نجات پائیں

یہ نسخہ حکماء کی کتب سے حاصل کیا ہے جس سے میں نے خارش جیسی بیماری میں اپنا اور بچوں کا علاج کیا۔ اگر آپ خارش میں مبتلا ہیں تو اس نسخہ سے صرف تین دن میں ٹھیک ہوجائیں گے۔ نسخہ: ثابت سرخ مرچ گیارہ عدد، سرسوں کا تیل ایک پاؤ۔ ترکیب: کڑھائی میں سرسوں کا تیل ڈالیں کم آنچ پر رکھ دیں۔ اب ثابت سرخ مرچ تیل میں ڈالیں۔ بیس منٹ تک آنچ جلتی رہے پھر آنچ بند کردیجئے لیکن مرچ گیارہ گھنٹے تیل میں رہنے دیں۔ ایک بات کا خصوصی خیال رکھیں کہ کوئی مرچ پھوٹنے نہ پائے۔ ڈنٹھل سمیت تیل میں پکانے ہیں۔ ٹھنڈا ہونے کے بعد تیل بوتل میں نکالیں۔ مرچیں پھینک دیں۔ طریقہ استعمال: غسل کرنے کے بعد گیلے جسم پر یہ تیل دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔ تیر بہدف ہے۔ اگر ناک میں خارش ہے تو ناک میں انگلی کی مدد سے لگائیں۔

## آنکھوں کی خارش دور کرنے کے لیے

اگر آنکھوں میں خارش ہے تو ثابت سرخ مرچ لیں اور دھو لیں۔ ثابت مرچ کو صبح وشام آنکھوں پر پھیریں خارش ٹھیک ہوجائے گی اس کے علاوہ آنکھ دکھتی نہیں، گوہانجنی نہیں نکلتی، نگاہ تیز ہوجاتی ہے۔ یہ نسخہ میں نے خود اور بچوں اور باقی افراد کو بھی استعمال کے لیے دیا سب شفاء یاب ہوئے۔

## دل کی تقویت کے لیے ایک عجیب اور پرتاثیر دعا

یہ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان کی خصوصی دعا ہے: طریقہ دایاں ہاتھ دل پر رکھ کر یہ دعا سات مرتبہ دہرائیں اگر کسی کو دو مرتبہ بھی دل کا اٹیک ہوچکا ہے تو اس دعا کی برکت سے وہ بندہ دل کی تکلیف سے محفوظ رہتا ہے۔ دن میں پانچ بار ہر نماز کے بعد یہ دعا سات بار پڑھیں۔ دعا یہ ہے ''یَا قَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ'' یہ دعا دل کے مریضوں کو دی ایک صاحب تو دس سال سے دل کے مریض تھے یہ دعا پڑھنے کے بعد دوا بھی چھوڑ دی۔

# بیٹی کی شادی کیلئے لڑکے کی ماں بالکل راضی نہیں!

قاری عبدالرشید، نارووال

میرا ایک ذاتی مشاہدہ ہے روحانی اعمال سے کہ ایک خاتون جو کہ ہماری جاننے والی ہیں انہوں نے فون پر بتایا کہ جس جگہ ہم اپنی لڑکی کی شادی کرنا چاہتے ہیں وہ لڑکا اور اس کی ماں بالکل نہیں مانتے بلکہ سارا گھر ہی نہیں مانتا لیکن ہم وہاں ہی اپنی بچی کی شادی کرنا چاہتے ہیں۔ ہمیں وظیفہ بتائیں میں نے ان کو یَالَطِیْفُ یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ روزانہ گیارہ سو بار پڑھنے کے لیے دیا۔ انہوں نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا اور خوب پڑھا سب سے پہلے لڑکے نے منگنی کے لیے اقرار کیا کہ میں رشتہ کرنے کے لیے تیار ہوں لیکن شرط رکھی والدہ کے راضی ہونے پر، انہوں نے مجھے پھر فون کیا میں نے کہا کہ اور پڑھو، جب پڑھا تو لڑکے کی والدہ بھی رشتہ کے لیے رضامند ہوگئی جو کہ تصور میں بھی نہیں تھا۔ منگنی ہوگئی پھر انہوں نے فون کیا کہ ہم چاہتے ہیں جلد از جلد شادی ہوجائے لیکن لڑکے کی والدہ فوری شادی کے لیے تیار نہیں، میں نے پھر بتایا کہ اسی عمل کو کثرت سے پڑھو اور خوب پڑھا اور حیران کن بات یہ ہے کہ لڑکے کی ماں خود ہی ان کے گھر شادی کی تاریخ لینے کے لیے آگئی اور تاریخ مقرر ہوگئی۔ اب انہوں نے کہا کہ شادی کے اخراجات کی رقم کم پڑ رہی ہے۔ میں نے انہیں کہا کہ اسی عمل کو کثرت سے پڑھتے رہو ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے مشکل کام آسان ہوگیا تو یہ بھی آسان ہو جائے گا آپ یقین جانیے اللہ پاک نے خزانہ غیب سے سارے اسباب پیدا کردیئے اور ساری ضرورتیں پوری ہوگئیں اور شادی بالخیر انجام پذیر ہوئی۔

مشاہدہ نمبر ۲: کسی بھی مقصد کے لیے کوئی ناراض ہو کوئی کام پورا نہیں ہو رہا ہو کوئی پریشان ہو سورۂ مزمل کو تین دن لگاتار ایک مجلس میں اکتالیس بار پڑھیں یا زیادہ افراد بھی پڑھ سکتے ہیں مقصد اکتالیس بار پڑھنا ہے اور پھر تسلی سے دعا کرنی ہے۔ آپ یقین کریں تین دن میں مسئلہ حل ہو جائے گا۔ اس کا مشاہدہ اس طرح ہوا کہ رشتہ داروں کی شادی تھی ناراضگی کی وجہ سے ایک گھر کا آدمی شادی میں شریک نہیں ہو رہا تھا بہت منایا پر نہیں مانا میں نے عبقری رسالہ میں یہ عمل دیکھا اور تین دن مسلسل اس کو پڑھا تو وہ شخص راضی ہوگیا اور شادی میں شریک ہوا۔

مشاہدہ نمبر ۳: میرا اپنا ذاتی مشاہدہ ہے میں نے یہ عمل عبقری رسالہ میں پڑھا تھا۔ کسی کا جھگڑا ہوجائے گھر میں یا باہر تو اس عمل کو سانس روک کر سات بار پڑھے اور بار بار پڑھ کر جہاں لڑائی ہو رہی ہے اس طرف پھونک ماردیں لڑائی بہت جلد بند ہو جاتی ہے۔ عمل یہ ہے ''وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا'' میں نے اس عمل کو بہت ہی دفعہ آزمایا ہے۔ جب بھی کسی کی لڑائی کی آواز آتی ہے میں فوراً اس عمل کو پڑھنا شروع کر دیتا ہوں پھونک مار دیتا ہوں لڑائی ختم ہو جاتی ہے۔

## قبض، گیس، پیٹ درد، خارش کے لیے

سنا مکی، دیسی اجوائن، نمک طعام ہموزن لیکر سفوف بنائیں مقدار خوراک آدھا چمچ صبح وشام ہمراہ پانی لیں۔ قبض، گیس، احتلام، پیٹ درد، خارش کیلئے لاجواب چیز ہے۔

## بواسیر کے لیے

تارمیراں کا سفوف بنائیں اور آدھا چمچ دن میں صرف ایک مرتبہ ہمراہ پانی کے استعمال کریں اور بواسیر سے نجات پائیں۔

# لیکوریا حمل کے لیے بھنڈی کا سفوف

حکیم عبدالرزاق، جھنگ صدر

**لیکوریا و حمل کے لیے:** بھنڈی کا سفوف بنائیں یہ لیکوریا و حمل کے لیے بہترین چیز ہے۔ مقدار چھوٹا چمچ دن میں دو مرتبہ ہمراہ پانی ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔ لیکوریا کی پرانی مریض اس سفوف سے صحت یاب ہوگئیں۔ بھنڈی کو خشک کرکے اس کا سفوف بنالیں۔ **بچوں کے پیچش کے لیے:** پوست انار، سفید زیرہ ہموزن لیکر سفوف بنائیں اور جس بچے کو پیچش لگے ہوں اس کو چٹکی چٹکی دیں پیچش کیلئے بہترین چیز ہے۔ **مریض صحت یاب ہوجائے گا:** چاروں قل اور آیۃ الکرسی ایک مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں ان شاء اللہ رب العزت شفاء عطا کریں گے۔

جوانی گولیاں قیمت 150/- روپے
سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
غصہ | لیکوریا | احتلام | ڈیپریشن ٹینشن | جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔
چڑچڑاپن | مادہ تولید کا پتلا ہوجانا | ایسی تمام حالتوں میں "جوانی گولیاں" استعمال کریں۔

سوکڑا پن کا شکار بچہ صحتیاب لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

# لاعلاج مریض علامہ لاہوتی پراسراری سے شفائی راز پالیجیے!

عابدین، سوہاوہ

پچھلے سال رمضان سے پہلے کی بات ہے مجھے بائیں طرف دل کے مقام پر درد ہوا تھا میں ڈاکٹر کے پاس چلا گیا۔ سول ہسپتال جہلم میں دل والے ڈاکٹر نے کہا کہ آپ کو دل کی تکلیف ہے 28 دن میں نے ادویات استعمال کیں۔ 28 دن کے بعد صبح 3 بجے کے دوران سوتے ہوئے سانس بند ہوگیا جس کی وجہ سے میرے منہ سے عجیب سی آواز نکلی جس کی وجہ سے گھر والے سب لوگ کھڑے ہوگئے اور میرے پاس آگئے کچھ طبیعت ٹھیک ہوئی تو میں ہسپتال چلا گیا ایک اور اچھے سے دل والے ڈاکٹر کو دیکھایا تو وہ کہنے لگے آپ کو دل کی تکلیف نہیں ہے۔ آپ چیسٹ اسپیشلسٹ کے پاس چلے جائیں آپ کا چھاتی کا مسئلہ ہے۔ اس ڈاکٹر نے مجھے چیک اپ کے بعد ایک ہفتے کی دوائی دی لیکن میرا درد ٹھیک نہیں ہوا۔ ایک ہفتے کے بعد پھر ڈاکٹر کے پاس گیا تو وہ کہنے لگا آپ کو معدہ کا بھی مسئلہ ہے مجھے ایک ہفتے کی ادویات دی۔ اس دوران مجھے کمر میں تکلیف شروع ہوگئی۔ میرا ایک دوست عالم ہے انہوں نے کہا کہ آپ کا مسئلہ کچھ اور ہے انہوں نے بتایا تسبیح خانہ چلے جاؤ یا ان کی ویب سائٹ دیکھ لو میں نے شیخ الوظائف کے درس انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کرنے شروع کردیئے۔ اس دوران میں نے بازار جا کر عبقری رسالہ خریدا اس میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا کالم پڑھا' ہر بات دل کو لگی' اس میں ان کا بتایا ایک وظیفہ ''یاقہار'' کو پڑھنے سے بیماری، جادو، جنات ختم ہوجاتا ہے۔ میں نے کثرت سے پڑھنا شروع کردیا۔ اس دوران میں نے ایک عامل دوست ہیں ان کو بتایا تو وہ کہنے لگے عبقری رسالہ میں ایک دفعہ جو آپ عمل کرتے ہیں وہ اس طرح چھپ کر آیا تھا کہ ایک پانی کا ایک ٹب لے لیں جس میں پاؤں ڈوب جائیں اول آخر درود شریف اکیس مرتبہ اور گیارہ سو مرتبہ یاقہار پڑھو' میں نے یہ عمل صبح فجر کی نماز کے بعد اور عشاء کی نماز کے بعد وقت اور جگہ کا خیال کرتے ہوئے پڑھا تیسرے دن خواب میں ایک کتا دیکھا جس کی شکل انسان کی طرح ہے۔ وہ میرے ہاتھ سے کچھ چھیننے کی کوشش کرتا ہے میری آنکھ کھل گئی اس کے بعد میرا وہ دل کا درد، چھاتی کا مسئلہ، کمر درد سب ٹھیک ہوگئے۔ یہ عمل میں نے ایک اپنے علاقے کے مفتی صاحب کو بتایا جن کا بیٹا پیدا ہونے کے بعد بیمار ہونا شروع ہوگیا ان کی بیوی بھی بیمار ہوگئی وہ خود بھی بیمار ہوگئے بہت ڈاکٹروں کو دیکھا چکے تھے لیکن آرام نہیں آیا یہ عمل جب انہوں نے کیا تو بچہ، بیوی خود ٹھیک ہوگئے۔ مفتی صاحب کہتے ہیں میں نے جس کو یہ چیز بتائی وہ ٹھیک ہوگیا۔ میرے پاس کچھ طبی نسخے ہیں یہ بھی میں عبقری قارئین کی نذر کرتا ہوں۔

**کمر درد کے لیے:** کمر درد کے لیے مربہ تمہ استعمال کیا ہے بہتر نتائج پائے ہیں۔

**پاؤں کی بدبو:** شوز پہننے کے باعث پاؤں سے بدبو آنا شروع ہوجاتی ہے بعض لوگوں کا یہ مسئلہ ہے آک کے پتے پاؤں کے نیچے رکھنے سے بدبو جاتی رہتی ہے۔

**کمر درد:** کمر درد کے لیے انڈے کا حلوہ بنالیں اس کے اوپر پھلائی کی گوند تقریباً ایک تولہ ڈال لیں کمر درد تین دن تک استعمال کرلیں ان شاءاللہ ختم ہوجائے گا۔

## جادو کا مسئلہ سات باریارحمٰن سے ٹھیک

میرے ایک جاننے والے ہیں ان پر جادو تھا۔ اس کو میں نے کہا کہ عصر کی نماز کے بعد سات مرتبہ یَارَحْمٰنُ پڑھا کرو اس کے علاوہ کھانے کے دوران یہی اسم پڑھا کریں۔ انہوں نے یہی عمل کیا الحمدللہ وہ اب ٹھیک ہے۔

## کہیں آپ بھی ''ساڑھ ستی'' کی زد میں تو نہیں ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| کیا آپ کے بنتے کام بگڑ رہے ہیں؟ | اپنے پرائے سارے ساتھ چھوڑ رہے ہیں؟ | اچانک بیماریوں نے حملہ کردیا ہے؟ |
| دن بدن مالی مشکلات بڑھ رہی ہیں؟ | قرض کی دلدل میں دھنستے جارہے ہیں؟ | ہر کام میں ناکامی منہ کھولے کھڑی ہے |
| سونے کو ہاتھ لگاتے ہیں تو مٹی ہوجاتا ہے | زندگی ایسے جیسے بند گلی ہو! کوئی راہ نظر نہ آرہی ہو؟ | بے اولادی' شادی کی بندش' گھریلو جھگڑے؟ |

''ساڑھ ستی'' ساڑھے سات سال پر محیط ہوتی ہے' اگر اس کا توڑ نہ کیا جائے تو یہ مزید ساڑھے سات سال بڑھ جاتی ہے اور زندگی بھر یہ ساڑھے سات سال بڑھتی جاتی ہے اور پھر نسلوں میں منتقل ہوجاتی ہے اور نسلیں بھی پریشان' مسائل' الجھنوں' بیماریوں اور غربت میں زندگی گزار کر قبروں میں چلی جاتی ہیں۔ **ایسے افراد اب پریشان نہ ہوں! جی ہاں!**

## تسبیح خانہ لاہور میں پہلی مرتبہ ''ساڑھ ستی'' کے توڑ کا عمل ہوگا

(کالا جادو، بندش بگڑا ہو تو اسے ساڑھ ستی کہتے ہیں)

**3 فروری بروز جمعرات دوران درس تسبیح خانہ میں عمل ہوگا ضرور شامل ہوں' خود سے اور نسلوں سے یہ روگ ختم کیجئے**

## زندگی میں مٹھاس بھر دینے والا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ سال بے شمار مسائل میں مبتلا تھی' مجھے کچھ پوشیدہ مسائل تھے اور سب سے بڑا مسئلہ میری 7 سال پہلے چچا کے بیٹے سے منگنی ہوئی تھی' سات سال انتظار کروانے کے بعد اب وہ یہاں شادی کے لیے دلی طور پر تیار نہ تھے' جب بھی میرے والدین شادی کی بات کرتے اور ابھی ٹھہر جائیں' لڑکا پاؤں پر کھڑا ہوجائے' گھر کے کچھ کام کروانے والے ہیں' ایسی باتیں کر کے ہمیں خاموش کروادیتے' میرے والدین انتہائی شریف اور سادہ ہیں' جس کا میرے چچا ناجائز فائدہ اٹھاتے رہے' میری عمر 28 سال ہوچکی' میرے منگیتر نے بھی کبھی میرے ساتھ فون پر بھی سیدھے منہ بات نہ کی تھی' پھر عبقری رسالہ سے سورۂ اخلاص کی گیارہ جمعراتوں کے عمل کا معلوم ہوا' میں اور میری والدہ نے پوری گیارہ جمعراتیں تسبیح خانہ میں آکر سورۂ اخلاص کا چند منٹ پر مشتمل عمل کیا اور آخری جمعرات گیارہ حلوہ روٹیاں پکا کر لائے اور تسبیح خانہ میں تقسیم کیں۔ یقین کیجئے عمل ختم ہونے کے اگلے ہی ہفتے میرے چچا خود آئے' تاریخ طے کی اور ڈیڑھ ماہ کے اندر میری شادی ہوگئی۔ پوشیدہ مسائل حل آج الحمدللہ امید سے ہوں اور خوش ہوں۔ (ش، لاہور)

اٹھرا کا آخری علاج
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

معدہ اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج
اصلاح معدہ وجگر پیکیج
قیمت -/440 روپے
معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کرکے
پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

# تین دن رزق میں برکت گھریلو پریشانیاں ختم

## رزق میں برکت، گھریلو پریشانیاں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پہلی دفعہ تسبیح خانہ میں حاضری ہوئی اور روحانی چلہ میں شرکت کا موقع ملا جس سے دل کو بہت سکون ملا، رزق میں برکت ہوئی، گھریلو پریشانیاں ختم ہوئیں۔ گھر کے نامکمل کام چلہ سے واپسی پر آتے ہی اللہ تعالیٰ نے سبب بنایا اور مکمل ہوگئے۔ اس سے قبل پریشانیوں نے ہرطرف گھیرا ڈال رکھا تھا کام بنتے بنتے رہ جاتے۔ رکاوٹ تو جیسے زندگی کا حصہ بن گئی تھی۔ رزق کی تنگی نے بھی گھر میں ڈیرے ڈال لیے تھے۔ روحانی چلہ میں کیے جانے والے اعمال کی طاقت سے جسمانی و روحانی بیماریاں ختم ہوگئیں۔ (محمد آصف، جتوئی)

## غموں اور دکھوں کی ماری تھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو اور تسبیح خانے کو ہمیشہ آباد رکھے۔ آمین۔ میں غموں اور دکھوں کی ماری تھی کسی نے بتایا کہ عبقری تسبیح خانہ میں تین روز کا روحانی چلہ ہوتا ہے اس میں شرکت کرو۔ میں نے چلے میں شرکت کی اور اس میں کیے جانے والے اعمال دلگی اور توجہ کے ساتھ کرنا شروع کیے پہلے روز تو جیسے سستی نے مجھ پر غلبہ پالیا تھا اعمال ہو ہی نہیں پارہے تھے سر درد ہونا شروع ہوگیا۔ دوسرے روز سر درد اور سستی خود بخود ختم ہوگئی اور میری مزید توجہ اعمال کی جانب مرکوز ہوگئی۔ روحانی چلہ میں شرکت سے دلی سکون میسر ہوا۔ (ماریہ اسحاق، جہلم)

## دل کا زنگ اُتر گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک کا احسان ہے کہ اللہ نے مجھے تسبیح خانہ کے ساتھ جوڑا الحمدللہ یہاں پر روحانیت کا ٹھاٹھے مارتا ہوا سمندر ہے، محبت ہی محبت ہے۔ اللہ کے دین کی محنت ہی محنت ہے۔ تین دن روحانی چلہ میں شرکت سے میرے جسم کی تکالیف ٹھیک ہوگئیں۔ گھر میں خوشحالی آگئی ہے۔ ذکر اذکار سے اللہ کی رحمت جوش میں آتی ہے دل کو سکون آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں دل کا زنگ اتر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ تسبیح خانہ کو صدا آباد رکھے یہ مرکز ہم جیسے لاوارث لوگوں کے جینے کا ذریعہ ہے، گناہگاروں کے لیے مرہم کی جگہ ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو عزت، دولت اور عافیت والی عمر عطا فرمائے۔ امین۔ (محمد اکرم صدیقی، لاہور)


## بے روزگار' تنگدست اور مجبور میری طرح خوشحال ہوجائیں!

### 7 روحانی پیکیج! جادو' بندشیں' بیماریاں' مشکلات ختم

یقین جانیئے! جو بھی تسبیح خانہ میں 3 دن گزار کر گیا۔ آج خوشحال ہے اس کی مرادیں پوری ہوچکی ہیں' بیماریاں ختم' روگ ختم' بندشیں ختم! آیئے! آزمالیجئے!

تسبیح خانہ میں ہر مہینے تین دن کے چلے کے معمولات

**(1) پرانا سوٹ ہمراہ لائیں! جادو' جنات' آسیب' بیماریاں ختم!**

پرانا سوٹ ہمراہ لائیں' سوٹ کو سامنے رکھ کر خاص عمل کروایا جائے گا' بس گھر جا کر تین راتیں سوتے وقت' صرف یہ سوٹ پہنیں' پھر اپنی جادو جنات' آسیب بیماریوں کو ختم ہوتا دیکھیں۔

**(2) تالا کے عمل سے ہر بندش کھل گئی!**

ایک چھوٹا نیا تالا چابی کے ہمراہ لے آئیں' اس پر خاص عمل ہوگا' بس گھر جا کر اسے کھولیں گے تو تمام بندشیں ختم ہوجائیں گی۔

**(3) بے اولادی ختم! ان شاء اللہ بیٹا ہوگا! 3 عدد آلو ہمراہ لائیں!**

اولاد نرینہ اور بانجھ پن کے خاتمہ کیلئے آلو پر عمل کروایا جائے گا۔ گھر جا کر بتائی گئی ترتیب سے استعمال کریں۔

**(4) کروڑ پتی بننے کا روحانی نسخہ!**

شکر' ٹوٹا چاول' اور باجرہ یہ تینوں چیزیں ایک ایک پاؤ لے کر مکس کرلیں۔ کسی ڈبے میں لے آئیں' شاپر میں نہ لائیں۔ غربت' تنگدستی' بے روزگاری کیلئے اس پر آخری باکمال عمل کروایا جائیگا۔

**(5) آیئے! کامیاب استخارہ**

استخارے کیلئے ایک عمل کروایا جائے گا! ہر کام کا نفع نقصان آپ کے سامنے کھل جائے گا! جاگتی آنکھوں سے دیکھیں

**(6) گھریلو جھگڑے اور ناچاقیاں واقعی ختم**

گھریلو جھگڑے' میاں بیوی کی ناچاقیاں ختم اور شدید محبت کیلئے ایک تعویذ ہاتھ کی مٹھی میں بند کر کے عمل ہوگا۔ جس کے بعد تعویذ کو جلادیا جائے گا! جیسے ہی تعویذ جلے گا آپس کے جھگڑے' اور نفرتیں بھی جل جائیں گی۔

**(7) جائے نماز' مٹی کا کورا پیالہ اور خوشبو ہمراہ لائیں**

ہر قسم کی حاجت اور مشکل کے فوری حل کیلئے جائے نماز' مٹی کے پیالے اور خوشبو پر عمل ہوگا۔ گھر جانے سے پہلے ہی انشاء اللہ آپ کو خوشخبری مل جائے گی۔

**گزشتہ چلے کا نورانی دسترخوان:** گزشتہ چلے میں آنے والے مرد و خواتین نے اجتماعی طور پر یاحفیظ 2 لاکھ 40 ہزار۔ درود شریف 3 لاکھ۔ یا اللہ یا سلام 4 لاکھ 80 ہزار۔ یاقہار 2 لاکھ 40 ہزار مرتبہ تین دن میں اجتماعی پڑھ گیا۔

ایڈریس: خانقاہ قادری ہجویری تسبیح خانہ عبقری اسٹریٹ قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور

0322-4688313 042-37425801-3


## بچہ انگوٹھا چوسنا چھوڑ دے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں' ابھی میرے پاس بھی ایک ٹوٹکہ ہے جو کہ ہمارا خاندانی آزمودہ ہے' چھوٹا بچہ انگوٹھا چوستا ہو تو ماؤں کے لیے بڑی پریشانی ہوجاتی ہے' اس کیلئے یہ ٹوٹکہ آزمایئے' ھوالشافی: جب بھی کنگھی کریں' کنگھی میں جو بال رہ جائیں نکال کر رکھ لیں' جب بچہ سوجائے تو کنگھی سے نکلے ہوئے الجھے بال لیکر بچے کے انگوٹھے کے گرد لپیٹ کر اوپر شیشہ ٹیپ لپیٹ دیں۔ چند بار کیجئے بچہ ہمیشہ کیلئے انگوٹھا چوسنا چھوڑ دے گا۔ (اہلیہ ساجد منیر' لاہور)

**عبقری ٹوٹکہ سیکشن:** قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔


کامیاب بچپن | لاجواب جوانی | بے مثال بڑھاپا | کمزور حافظہ
نسوانی حسن میں کمی | بے رونق جسم | آنکھیں دھنسی ہوئیں | قیمت -/300 روپے

چند دنوں سے ہی مردانہ طاقت بحال اکسیر البدن

جیب میں رکھیں ہر دلعزیز رہیں
لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر ملاحظہ کریں

## شفائی پڑیوں سے نزلہ، زکام، کھانسی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے وابستگی تقریباً ایک سال سے ہے۔ مجھے ادویات سے جتنی الرجی ہے شاید کسی چیز سے ہو اگر مجھے بخار بھی ہے تو میں کوشش کرتی ہوں کوئی ٹوٹکہ وغیرہ کرلوں مجھے ادویات کھانے کی ضرورت نہ پڑے۔ موسم سرما میں مجھے اکثر نزلہ و زکام سے جھنجنا پڑتا تھا کافی ٹوٹکوں کے بعد بھی فرق نہیں پڑتا تھا۔ میں نے اس لیے خاص طور پر عبقری دواخانہ کا ''جوش جوشاندہ'' گھر میں رکھا ہوا ہے جس سے نزلہ، زکام، کھانسی، ریشہ و دیگر امراض سے چھٹکارا مل جاتا ہے اور جوش جوشاندہ کا ذائقہ بھی بہت ہی خوش ذائقہ ہے۔ میرے گھر میں بڑے چھوٹے سب استعمال کرتے ہیں۔ چائے میں مکس کر کے پینے سے تو چائے کا مزہ اور بھی دوبالا ہو جاتا ہے۔ میں اور میرے گھر والے جوش جوشاندہ کو اکثر شفائی پڑیاں کہہ کر پکارتے ہیں۔ اس کے علاوہ عبقری کی دیگر ادویات بھی ہمارے استعمال میں رہتی ہیں۔ (فائزہ نذیر، لاہور)

## چہرہ شاداب بال صحتمند اور لمبے اب ممکن ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سردی کا موسم شروع ہوتے ہی مجھے سب سے پہلے اپنی جلد کی فکر پڑ جاتی تھی کیونکہ سردی کے موسم میں چہرے پر اتنی خشکی ہو جاتی کہ بیان سے باہر ہے۔ بہت سی کریموں اور آئل وغیرہ بھی استعمال کیے لیکن خشکی نہیں جاتی تھی۔ میں نے عبقری رسالہ میں ''حسن جمال کریم'' کے بارے میں پڑھا تو استعمال کرنے کا ارادہ کیا اگلے روز اپنی والدہ کو لے کر عبقری دواخانہ آئی اور ایک ڈبی حسن جمال کریم کی لی۔ اسی دن سے استعمال شروع کیا اچھا رزلٹ محسوس ہوا۔ میں پہلے خوف کا شکار تھی کہ یہ نہ ہو کہ جلد کو نقصان ہو جائے لیکن اس پر لکھا ہوا تھا کہ یہ خالص ہربل کریم ہے جس پر مجھے تسلی ہوئی اور استعمال کی۔ ایک ڈبی ختم ہونے پر خشکی میں واضح فرق محسوس ہوا جس پر دو ڈبی اور منگوا کر استعمال جاری رکھا۔ اب میرا چہرا خشکی سے پاک ہو گیا ہے اور جو مہاسے وغیرہ تھے وہ بھی ختم ہو گئے ہیں اس کریم کے بارے میں میں نے اپنی دوسری سہیلیوں کو بھی بتایا کہ بہت ہی کمال چیز ہے تم سب استعمال کرو ان میں سے بھی دو سہیلیوں نے استعمال کی ان کو بھی فائدہ ہوا۔ ایک کی جلد سردی کے موسم میں بھی آئلی رہتی تھی اس کے استعمال سے آئلی پر بھی فائدہ ہوا۔ اس کے علاوہ جب میں عبقری دواخانہ کریم لینے گئی تو وہ شیشے میں ایک بوتل جس کا نام عبقری ہربل ہیئر آئل تھا دیکھا جس کے اندر جڑی بوٹی نمایاں نظر آرہی تھی دل کو لگی لیکن میں نے سوچا پہلے کریم تو استعمال کرلو پھر آئل استعمال کرلوں گی۔ کریم کے اچھے رزلٹ کے بعد اب میں نے عبقری ہربل ہیئر آئل استعمال کرنا شروع کیا شروع میں تو بال ٹوٹنا شروع ہوئے تو میں فکر مند ہو گئی اور عبقری دواخانہ کال کی تو انہوں نے بتایا کہ جو آپ کے بال ٹوٹ رہے ہیں یہ کمزور بال ہیں اب مسلسل استعمال جاری رکھیں ٹھیک ہو جائے گا۔ میں نے پندرہ دن مسلسل استعمال جاری رکھا جس سے بال ٹوٹنا بند ہو گئے اور میرے بال آگے سے صحت مند اور لمبے نظر آنے لگے۔ (صباء کریم، لاہور)

## نظام ہضم اور مجموعہ بیماریوں کا واحد علاج میری جیب میں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ویسے تو عبقری کی کافی ادویات میرے استعمال میں رہتی ہیں لیکن ان میں سے ایک دوائی جو کہ مجموعہ بیماریوں کا واحد حل ہے وہ میری جیب میں ہر وقت موجود رہتی ہے جس کا نام ''ستر شفائیں'' ہے۔ گھر ہو یا باہر کسی سفر میں یہ ہر وقت ساتھ ہوتی ہے۔ ایک بار مجھے یاد ہے میں شیخوپورہ سے پشاور کی طرف سفر کر رہا تھا کہ بس میں اچانک ایک دس سالہ بچے کے رونے کی آواز آئی تو پتہ چلا کہ اس نے متلی کر دی ہے۔ جب بچے نے دو تین بار ایسے ہی کیا تو میں پچھلی سیٹوں پر بیٹھا تھا میں آگے آیا تو بچہ رو رہا تھا میں نے اس کے والد سے کہا کہ آپ بچے کو یہ ایک گولی کھلا دیں میں نے گولی چنے کے برابر بنا کر دی۔ بچے کے والد نے مجھ پر اعتبار کر کے بچے کو پانی کے ساتھ گولی دے دی۔ آگے تقریباً سفر تین گھنٹے کا آرام سے گزرا جب میں بس سے اُترنے لگا تو اس نے کہا کہ بھائی صاحب یہ کیا چیز تھی میں نے اس کو بتایا کہ یہ عبقری دواخانہ کی ''ستر شفائیں'' دوائی ہے بہت ہی کمال اور لاجواب چیز ہے۔ انہوں نے کہا مجھے بتا دیں کہاں سے ملے گی کیونکہ دو دن بعد میری واپسی ہے اور یہ میرا بچہ اکثر سفر میں متلی کر دیتا ہے یہ سنتے ہی میں نے اپنی ڈبی اس کو دے دی اور کہا یہ لو استعمال کرلو میں نئی لے لوں گا اس نے میرا شکریہ ادا کیا۔ ایسے اور بھی بہت سے واقعات ہیں جس میں ستر شفائیں نے کمال کر دکھایا۔ میرا ہاضمہ اکثر خراب رہتا تھا جو کہ ستر شفائیں کی بدولت ٹھیک ہو گیا۔ (انوار الحق، شیخوپورہ)

## بچے کو ٹھنڈ اور شوہر کی کھڑکھڑاہٹ دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بچے کی عمر تقریباً اڑھائی سال ہے موسم سرما میں بچوں کو جتنا مرضی سنبھال کر رکھ لیں لیکن ٹھنڈ لگ ہی جاتی ہے۔ میرے بیٹے کو بھی ٹھنڈ لگ گئی جس وجہ سے میں بہت پریشان تھی کافی ادویات سیرپ وغیرہ دے چکی تھی لیکن شفاء نہیں مل رہی تھی پھر میری ایک رشتے دار نے مجھے عبقری دواخانہ کا ''بے بی ٹانک'' استعمال کروانے کا مشورہ دیا۔ میں نے عبقری دواخانہ سے بے بی ٹانک منگوا کر بچے کو استعمال کروانا شروع کیا ایک بوتل کے اختتام تک بچہ بالکل ٹھیک ہو گیا۔ (حمیدہ، لاہور)

(بقیہ: حروف مقطعات کا عمل، خاص ہدایات ضرور پڑھیں ورنہ محروم رہ جائیں گے)

(7) اس نقش کو رسالے سے جدا نہ کریں اس کو رسالے میں ہی رہنے دیں۔ اس رسالے پر علامہ لاہوتی صاحب نے حفاظتی حصار کا عمل کیا ہوا ہے۔ اس رسالے کو سنبھال کر اپنے گھر میں رکھیں۔ انوکھی برکت اور سعادت رہے گی ہمیشہ بلائیں' مصائب' آفات' بندشیں ٹلی رہیں گی۔ گھر میں کبھی جھگڑے نہیں ہوں گے۔ (8) آپ اگر مزید اور زیادہ سعادتیں لینا چاہتے ہیں تو اس رسالے کو زیادہ سے زیادہ تقسیم کریں' جتنے زیادہ لوگ یہ نقش پُر کریں گے اتنا زیادہ آپ کو برکات' سعادتیں' خیریں ملیں گی اور نسلیں مالا مال ہوں گی۔ (9) کل 12 نقوش شائع کیے جائیں گے۔ یہ دوسرا نقش ہے' پہلا نقش ستمبر 2021ء کے رسالے میں شائع ہو چکا ہے۔ اگر آپ کو اس عمل کی دیر سے اطلاع ہوئی ہو اور آپ کے گزشتہ ماہ کے نقوش کا عمل رہ گیا ہو تو کوئی مسئلہ نہیں آپ اسی ماہ گزشتہ ماہ کے رسالے لے کر یہ عمل پورا کر سکتے ہیں۔ (10) جو تمام 12 نقش کا عمل پورا کرے گا اس کو ایک اجتماعی نقش کا عمل کروایا جائے گا۔ اس کو ہی مکمل اور اصل فائدہ ہوگا اور یہ فائدہ اسی کو ملے گا جو یہ بارہ مکمل حروف مقطعات کا نقش مکمل کرے گا۔

دنوں میں ترقی کے لیے لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

طب نبوی حسن و جمال کریم — قدرت کا انمول تحفہ — طرح طرح کی کاسمیٹکس اور کیمیکل بھرے لوشن استعمال کرنے والے مرد و خواتین کیلئے لاجواب تحفہ

داغ — دھبے — چھائیاں — چہرے کا حسن دوبالا کرے — قیمت 330/- روپے

# نیند کی کمی، ٹینشن، ڈپریشن کے امراض کا شکار تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چار سال سے عبقری پڑھ رہا ہوں اس کے علاوہ عبقری دواخانے کی ادویات بھی استعمال کرتا ہوں۔ میرا پلاسٹک کا کاروبار ہے کاروبار میں خسارے کی وجہ سے میں چند ماہ سے بہت ہی زیادہ ٹینشن، ڈپریشن، ذہنی دباؤ کا شکار تھا ساری ساری رات میں سو نہیں پاتا تھا نیند کی کمی کی وجہ سے اعصابی طور پر بھی کمزور ہو گیا تھا۔ میں آپ کا درس بھی یوٹیوب پر سنتا ہوں اس کے علاوہ میرے موبائل میں درس والا میموری کارڈ بھی ہے اکثر فارغ ٹائم میں آپ کا درس لگا لیتا ہوں۔ تو میں ڈپریشن کا مریض بن گیا تھا میں نے سوچا عبقری دواخانے چلتا ہوں کوئی اچھی سی دوائی لاتا ہوں۔ اگلی صبح میں عبقری دواخانہ پہنچا اور اسسٹنٹ حکیم صاحب کو تمام معاملات سے آگاہ کیا تو انہوں نے مجھے ''خاندانی راز شفاء'' دوائی لینے کا مشورہ دیا۔ میں نے ان سے کہا کہ مجھے تین سے چار مسئلے ہیں اور آپ ایک ہی دوائی لکھ رہے ہیں تو انہوں نے کہا تم پریشان نہ ہو بس خاندانی راز شفاء استعمال کرو ان شاء اللہ اللہ شفاء دے گا۔ خیر میں نے دو ڈبی لی اور گھر واپس آ گیا اور دوائی کا استعمال باقاعدگی سے شروع کیا۔ ایک ڈبی ختم ہونے پر جو میرے دماغ پر دباؤ اور ٹینشن تھی وہ ختم ہو گئی اور دوسری ڈبی کے استعمال سے نیند میں بھی بہتری آنا شروع ہو گئی مجھے بہت فائدہ ہوا۔ میری اہلیہ کو بھی کوئی پوشیدہ مسئلہ تھا میں نے اس کو کہا کہ تم بھی میرے ساتھ چلو تمہیں بھی کوئی اچھی دوائی تجویز کر دیں گے میں اس کو بھی ساتھ لے گیا اور اسسٹنٹ حکیم صاحب سے مشورہ کیا تو انہوں نے میری اہلیہ کو بھی ''خاندانی راز شفاء'' تجویز کی میں نے کہا آپ نے مجھے بھی یہی تجویز کی تھی اور اہلیہ کو بھی کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ اس دوائی کے فوائد بے شمار ہیں کیونکہ یہ ایک شاہی نسخہ سے تیار کردہ ہے۔ پھر میں نے پانچ ڈبی لی اور خود بھی استعمال کرتا رہا اور اہلیہ نے بھی استعمال کی۔ اہلیہ کا پوشیدہ مسئلہ حل ہو گیا۔ میں اب بھی استعمال کر رہا ہوں اس یہ فائدہ ہے کہ جسم چست اور توانا رہتا ہے۔ (محمد جاوید، شورکوٹ)

## موٹاپے اور پیٹ کے کیڑوں کا شکار تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے فاسٹ فوڈ کھانے کا بہت شوق تھا اس لیے بہت ہی زیادہ استعمال کرتا تھا جس وجہ سے میرا جسم موٹاپے کی طرف جانا شروع ہو گیا جس کو لے کر میں بہت ہی زیادہ سنجیدہ تھا اس کے علاوہ بھوک میں بھی نمایاں کمی واقعہ شروع ہو گئی تھی۔ ایک روز گلی سے گزر رہا تھا تو ایک بزرگ نے دیکھتے ہی کہا کہ تمہارے پیٹ میں کیڑے ہیں جس پر میں مسکرا کر گزر گیا۔ پھر میں نے ان کی بات پر غور شروع کیا تو میں نے سوچا کہ اتنی عمر کے بزرگ تھے ظاہر ہے ان کا تجربہ ہوگا ہو سکتا ہے میرے پیٹ میں کیڑے بھی ہوں۔ میں فوراً عبقری دواخانہ گیا اور آپ کے اسسٹنٹ صاحب کو چیک کروایا تو انہوں نے فوراً میرے لیے ''تریاق اور ہاضمہ خاص'' تجویز کی دونوں کو مکمل کر کے میں نے استعمال شروع کیا پندرہ دن کے اندر اندر میرا بڑھا ہوا پیٹ کم ہونا شروع ہو گیا اور پیٹ کے کیڑوں کا خاتمہ بھی ممکن ہوا۔ اب میں نے فاسٹ فوڈ کھانا بہت ہی زیادہ کم کر دیا زیادہ تر دیسی اور سادہ غذاؤں کو اہمیت دیتا ہوں۔ (فخر زمان، مسلم ٹاؤن)

## دانتوں کے درد سے نجات مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے دانتوں میں اکثر درد رہتا مسوڑھے پھولے ہوئے رہتے صبح سو کر اٹھتے تو خون آنا معمول کی بات تھی میں نے بہت سی مہنگی سے مہنگی ٹیوب پیسٹ استعمال کیں لیکن فرق نہیں پڑا۔ ایک روز لاہور میں اپنے بھائی کے گھر گیا تو صبح اٹھا تو پھر مسوڑھوں سے خون آ رہا تھا میں نے بھائی سے کہا کہ یہ معمول کی بات ہے تو انہوں نے کہا کہ تم جتنے دن یہاں ہو سچا منجن کر دو وہ بھی انگلی یا مسواک پر لگا کر استعمال کرو میں نے پہلے دو دن تو انگلی سے استعمال کیا جس کو لگاتے ہی جیسے دانتوں میں جان آ گئی ہو اس کے علاوہ سارا دن سانسوں سے خوشگوار سی خوشبو آتی رہتی میں تین چار دن رہنے کے بعد واپس اپنے گھر آنے لگا تو بھائی نے مجھے تین ڈبی سچا منجن دیا اور کہا کہ آئندہ کے بعد تم نے کوئی بھی ٹیوب پیسٹ استعمال نہیں کرنی بس مسواک کے ساتھ یہ منجن استعمال کرو۔ تقریباً ایک ماہ مسلسل استعمال کے بعد میرے مسوڑھے صحتمند ہو گئے اور جو خون آتا تھا وہ آنا بند ہو گیا۔ (محمد شفیع، قصور)

# قبض نے برا حال کر دیا تھا، آخر افاقہ مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کسی نے ٹھیک ہی کہا ہے کہ قبض بیماریوں کی ماں ہوتی ہے یہی سلسلہ میرے ساتھ تھا۔ میری عمر 25 سال ہے اور آپ یقین نہیں کریں گے کہ مجھے بہت ہی زیادہ قبض رہتی تھی حالانکہ میں کھانے پینے میں بہت زیادہ احتیاط کرتا تھا لیکن پھر بھی اس مرض کا مستقل رہنا معمول بن گیا۔ میں نے کافی ادویات اور سیرپ وغیرہ استعمال کیے لیکن کچھ عرصہ کے لیے اس کا فائدہ ہوتا تھا۔ میں کبھی کبھی سوچتا تھا کہ شاید کوئی دوائی بنی ہی نہیں ایسی جس سے میرا یہ مرض ٹھیک ہو سکے۔ خیر نماز پڑھتا اور اللہ سے دعا کرتا کہ یا اللہ مجھے شفاء دے۔ ایک روز میں مسجد سے باہر نکل رہا تھا تو ایک صاحب عبقری رسالہ تقسیم کر رہے تھے میرے ہاتھ میں بھی انہوں نے ایک رسالہ تھما دیں۔ میں رسالہ کھولا اور پہلی تحریر ہی تھوڑی سی پڑھی کہ دل کو لگی۔ گھر گیا کھانا کھایا اور آرام کے ساتھ رسالہ اٹھایا اور مطالعہ شروع کیا بہت ہی کمال رسالہ ہے اس میں قارئین کے آزمودہ نسخے اور ٹوٹکے وغیرہ پڑھ کر دل خوش ہو گیا۔ میں ابھی صفحے پلٹ ہی رہا تھا کہ ایک نیچے پٹی پر ایک دوائی ''قبض کُشا'' کا ذکر تھا اس کے ساتھ اس کی خصوصیات بھی درج تھیں۔ میں نے پڑھا اور فون کیا دو ڈبی بذریعہ پارسل منگوائی اور استعمال کرنا شروع کیں ایک ہفتے کے استعمال سے ہی مجھے کافی فرق پڑا۔ دو ڈبی استعمال کے بعد تو مرض ہی جاتا رہا میں نے اللہ کا شکر ادا کیا۔ اس دن کے بعد عبقری رسالہ ہر ماہ میرے گھر آنا شروع ہو گیا۔ میری فیملی کے تمام ممبرز رسالہ بہت ہی شوق سے پڑھتے ہیں اور اپنے مرض کا خود ہی علاج ڈھونڈ لیتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں دیئے گئے وظیفے بھی میں کرتا ہوں بہت سے ایسا ناممکن کام میرے ان وظائف کی برکت سے ہوئے ہیں۔ میں اور میری فیملی ہر جمعرات باقاعدہ آپ کا درس سننے کے لیے گھر میں اہتمام کرتے ہیں اور درس میں بتائے گئے وظیفے بھی اپنی زندگی میں شامل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ (محمد سفیان، گجرات)

(سفوف) خاندانی رازِ شفاء
ذہنی دباؤ، کھچاؤ، تناؤ، نیند کی کمی
ایگزائٹی، ٹینشن اور ڈپریشن کا یقینی حل
خواتین، بچوں کے امراض کا آزمودہ معالج
اعصابی ذہنی امراض میں مبتلا افراد کیلئے
قیمت -/200 روپے
ارطغرل غازی کا خاندانی شفائی
راز صدیوں سے اب تک

## من پسند شادی کے لیے

لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر ملاحظہ کریں

# میں نے جاگتی آنکھوں سے چڑیل دیکھی اور بات کی

محمد اعظم، مریدکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 1978ء کی بات ہے جب میں میٹرک کے امتحان دے رہا تھا رات پڑھتے پڑھتے جب نیند آنے لگی تو ہمارے گھر کے قریب ہی ایک نہر تھی جس میں صرف گرمیوں کے دنوں میں پانی موجود ہوتا تھا۔ اس وقت نہر میں پانی نہ تھا۔ اور تقریباً سردی کے دن تھے۔ نیند کو ختم کرنے کے لیے میں گھر سے باہر نکلا اور نہر سے دوسری طرف جہاں زرعی زمین تھی اور فصلیں وغیرہ تھی میں ایک پگڈنڈی پر رات کے تقریباً ساڑھے گیارہ بارہ بجے کا وقت ہوگا۔ رات اندھیری تھی مجھے دور سے ایک نسوانی سی آواز آئی جو کہ غالباً صادق صادق کا نام پکار رہی تھی۔ آواز میری طرف بڑھ رہی تھی اور میں بلاخوف وخطر اس کی طرف جا رہا تھا حتیٰ کہ ہم آمنے سامنے آ گئے۔ میں نے دیکھا کہ لمبے سے قد کی عورت ہے بال کھلے ہوئے ہیں اور گندہ سا لباس زیب تن ہے مجھے کہتی ہے کیا آپ صادق ہیں؟ میں نے کہا نہیں۔ اس نے یہ لفظ تین چار دفعہ دہرایا اور پھر سر سے پاؤں تک مجھے گھورنے لگی۔ تھوڑی دیر بعد واپس چلی گئی۔ یہ واقعہ مجھے زندگی میں نہیں بھولا اب نہ جانے وہ کیا تھی۔ اسی طرح ایک اور واقعہ جو بالکل اس کے برعکس ہے۔ میں اٹھویں یا نویں جماعت کا طالب علم تھا مسجد میں باقاعدہ نماز پڑھنے جاتا تھا بلکہ بعض اوقات تہجد کے وقت چلا جایا کرتا تھا اور مسجد میں اذان بھی میں ہی دیتا تھا۔ ایک دن عشاء کی نماز کا وقت تھا میں مسجد میں پہنچا کیونکہ اذان دینی تھی اس لیے جلدی سے میں نے رومال صف پر رکھنے کے لیے اندر گیا۔ مسجد میں کوئی لائٹ وغیرہ جلی ہوئی نہیں تھی لیکن میں نے دیکھا میرے بائیں طرف مسجد کے ایک کونے میں نہایت ہی سفید رنگ کی روشنی ایک بڑے سے حلقہ کی شکل میں ہے اور روشنی کافی تیز تھی میں نے غور سے دیکھنا شروع کیا اور وہ روشنی آہستہ آہستہ مسجد کی چھت کی طرف اوپر اٹھ گئی۔ اس واقعہ نے بھی بہت متاثر کیا۔ سورۂ قریش کے عمل کے حوالے سے ایک واقعہ مجھے اچھی طرح یاد ہے میں شادی کے تقریباً تین چار سال بعد اپنے سسرالی رشتہ دار کے ہاں دعوت پر گیا۔ میرا ایک سال کا بچہ بھی ساتھ تھا۔ وہ گاؤں ہمارے گھر سے تقریباً 70 یا 80 کلومیٹر دور تھا اور کھانا وغیرہ کھاتے دیر ہوگئی میں نے اس رات گاؤں لازمی پہنچنا تھا۔ بہت ضروری کام تھا۔ سردیوں میں رات کے تقریباً ساڑھے نو بجے تھے۔ عام طور پر کوئی ٹریفک نہیں ہوتی۔ بس کا آخر ٹائم بھی جا چکا تھا گھر والوں کا اصرار تھا کہ اب رات یہی ٹھہر جاؤ کوئی بس وغیرہ نہیں چلے گی۔ میں نے سورۂ قریش کا ورد شروع کیا اور سڑک پر کھڑے تھے میں، میری بیوی اور ایک چھوٹا بچہ ساتھ تھا جس گھر دعوت پر تھے وہ بھی ساتھ تھے پانچ دس منٹ کے بعد ایک ٹیوٹا گاڑی ہمارے سامنے رکی اور پوچھا آپ نے کہاں جانا ہے، ہم نے گاؤں کا نام بتایا اس نے کہا آجاؤ بیٹھ جاؤ ہم نے بھی ادھر ہی جانا ہے جب بیٹھ گئے تو پتا چلا کہ ویگن کا کنڈیکٹر ہمارے گاؤں کا ہی تھا۔ اور اپنے گھر جا رہا تھا اور کنڈیکٹر نے ہم سے کرایہ بھی نہ لیا اور ہم بخیر و عافیت گاؤں پہنچ گئے۔ یقیناً یہ سورۂ قریش پڑھنے کی وجہ سے ہوا اور ہمارے سسرال والے بھی حیران تھے کہ آپ اتنی دور رات گئے کیسے پہنچے الحمدللہ سورۂ قریش کے وظیفہ کی وجہ سے ہم بخیریت گھر پہنچ گئے۔

# خفیہ توانائیوں کے متلاشی! سڑک کنارے سے یہ پتے چن لیں

طب نبوی اور جدید سائنس — سانول چغتائی

قارئین السلام علیکم!! سرد ہوائیں جوبن پر ہیں، کچھ لوگ سردی کے مزے لوٹ رہے ہیں اور کچھ سردی کی وجہ سے الجھ رہے ہیں لیکن اللہ کے حکم اور نظام کے مطابق سردی کسی کے مزے اور الجھن کی وجہ سے نہ واپس جائے گی اور نہ بارہ ماہ رہے گی لیکن سردی سے الجھے ہوؤں کے لیے میں ایک آج نایاب کتاب سے گمنام نسخہ لے کر حاضر ہوا ہوں جو بندہ سردی برداشت نہ کرسکتا ہو، پورے جسم کی درد سے دوچار ہو، بڑھتے ہوئے پیٹ کا ناممکن مسئلہ ہو، کھانسی، بلغم، ریشہ، زکام کا شکار ہو، تو وہ اس درخت اور پودے سے اپنا علاج کرے جس کو ہم آک کے نام سے پہچانتے ہیں۔

آک کے پودے کا مزاج گرم خشک ہے اور یہ زیادہ کھیتوں میں پائے جاتے ہیں۔ ہم نے صحرائے بہاولپور میں اس پودے کو دیکھا۔ صحرائے بہاولپور میں ایک دفعہ ہمارا قافلہ چل رہا تھا تو ایک ساتھی کو دانت کی تکلیف شدید بڑھ گئی۔ اندرون صحراء جہاں پانی کی قلت، غذا کی قلت، دوائی تو ناممکن تھی تو وہاں پر شیخ الوظائف کی نظر ایک جڑی بوٹی کے اوپر پڑی جو لگنے میں درمیانے قد کی لیکن اسے پتے توڑنے سے اندر سے دودھ نکلتا تھا۔ شیخ الوظائف نے ایک ساتھی کو بلوا کر آک کے پچھلے حصہ کو آگ لگوائی اور فرمایا کہ اس کے دھوئیں کو اپنے اندر لو۔ اس مخلص ساتھی نے یہ چند بار کیا اور مفت میں دانت کا علاج کروالیا۔ ایک نسخہ جو آپ کے پیش خدمت ہے کہ آک کے سفید پتے لے لیں، ان کو خشک کر کے 2 ماشہ گائے یا بھینس کے دودھ کے ساتھ کھائیں، چند دن کے اندر اپنے اندر ایک خفیہ توانائی محسوس کریں۔ آک کے پتوں کو گرم کر کے باندھنے سے سرد قسم کے اورام تحلیل ہوجاتے ہیں اور سر درد کو تسکین ہوتی ہے۔ اگر کان میں کیڑوں کی وجہ سے درد ہو تو برگ مدار کے پانی میں قدرے ہینگ بھی حل کرلیں تو کیڑے ہلاک ہوجائیں گے۔ بکری یا بھیڑ کے دودھ کے ساتھ کھانسی کو دفعہ کرنے کے لیے سریع الاثر ہیں۔ آک کے پتوں کو پیس کر لیپ کرنے سے یا ان کو گرم کر کے باندھنے سے ناروا کا ورم جاتا رہتا ہے۔ سب سے بڑا فائدہ جو ہمیں اس سے حاصل ہوگا کہ آک کے پھول وبائی امراض کے لیے اکسیر ہیں۔

تسبیح خانہ آئیے! دکھ ٹلوائیے! برکت عزت پائیے

گیارہ حلوہ روٹی بانٹنے کا خاص عمل

20 جنوری 2022ء

بروز جمعرات تسبیح خانہ لاہور

اختتامی دعا میں شامل ہوں اور جھولیاں بھرلیں!

سورۂ اخلاص کا 11 جمعراتوں پر محیط عمل جو کہ تسبیح خانہ لاہور میں 11 نومبر 2021ء سے لیکر 20 جنوری 2022ء تک مسلسل ہوگا۔

زندگی میں مٹھاس اور خوشیاں بھر دینے والا بے شمار کا آزمودہ عمل!

نوٹ: ہجویری محل میں موثر انتظامات نہ ہونے کی وجہ سے مجمع کی سہولت کیلئے حلوہ روٹی کا عمل تسبیح خانہ لاہور میں بروز جمعرات 20 جنوری 2022ء کو ہوگا۔

# عبقری حویلی روحانی چلہ سے نسلوں کو کیا ملا؟ پڑھ لیجئے!

طاہرہ، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سب سے پہلے میں آپ کے اس عظیم الشان اجتماع کے بارے میں لکھنا چاہتی ہوں میں نے اور میرے بچوں نے پہلی دفعہ شرکت کی میں پریشان تھی بچے کیسے رہیں گے۔ الحمدللہ تین سال کی بیٹی، سات سال کا بیٹا بالکل نہیں گھبرائے میں آپ کا شکریہ کیسے ادا کروں اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے آپ کو دونوں جہانوں کی خیریں اور برکتیں عطا فرمائے آپ کی نسلوں پر آپ کے ساتھیوں پر آپ پر اپنی رحمتوں کی بارش فرمائے آمین۔ مجھے اکثر پریشانی ہوتی جب لوگ کہتے ہیں آپ بچوں کے ساتھ درس میں شریک نہیں ہوسکتیں۔ میں سوچتی بچے گانے سن سکتے ہیں، موبائل پر گیم، ٹی وی مختلف پارٹیز میں جاسکتے ہیں تو ایسی محفلوں میں کیوں نہیں جاسکتے۔ میرے اللہ کا بڑا احسان ہے میرے بچوں نے درس سے جو کچھ پایا میں بیان نہیں کرسکتی جب دو بہن بھائی ایک دوسرے کو کہتے ہیں آؤ ذکر کریں دل خوش ہوتا ہے آپ کے لیے دل سے دعائیں نکلتی ہیں۔ میرے بیٹے نے مجھ سے روتے ہوئے وعدہ لیا ماں دعا کرتی رہنا جب تک میں زندہ رہوں آپ بھی زندہ رہو اور اللہ تعالیٰ حکیم صاحب کو بھی زندگی دے ہم اکٹھے ہی دنیا سے جائیں۔ اگر حکیم صاحب ناں رہے تو ہم کس کے ساتھ مل کر ذکر کریں گے ایک ننھا سا معصوم بچہ رو رہا تھا اور میری آنکھوں سے بھی آنسو گر رہے تھے۔ اللہ تیرا شکر ہے میرے بیٹے کا کوئی گانے والا آئیڈیل نہیں کوئی ناچنے والا آئیڈیل نہیں۔ وقت رخصت ہمارے دل بھی رو رہے تھے آنکھیں بھی رو رہی تھیں ایسے لگتا تھا جیسے ہم کسی محفوظ پناہ گاہ میں آگئے ہیں۔ اپنوں کے درمیان دل ویران بے سکون تھا۔ ایک دم سے سکون مل گیا۔ اس نورانی ماحول کو چھوڑنے کا سوچ کر ہی آنکھیں روتی ہیں۔ محترم حکیم صاحب میں نے آپ سے اسم اعظم کا دم پہلے بھی کروایا تھا لیکن جس بیماری کی نیت کرکے جاتی تھی وہ بھول جاتی تھی۔ اجتماع میں جو دم کروایا مجھے میری بیماری یاد رہی اور مجھے سو فیصد رزلٹ ملا میرے رحم میں بہت بڑی رسولی تھی جو بڑی تیزی سے بڑھتی جارہی تھی ایسے لگتا جیسے پیٹ پھٹ جائے گا دم کے بعد چھوٹی ہونا شروع ہوگئی حالت یکسر بدل گئی۔ میں نے آپکی دی ہوئی دوائیں بھی استعمال کیں اکثر دوا میں ناغہ پڑ جاتا یا پھر دل میں خیال آتا شاید میں دوا کھانے تک بیماری بڑھا لوں لوگ بھی ڈراتے دل میں طرح طرح کے وسوسے آتے جتنی دیر میں دوا نے اثر کرنا ہے اس سے پہلے میری رسولی پھٹ جائے گی لیکن اندر ایک قوت تھی جو کہتی اس در سے نہ اٹھ۔ مجھے ہسپتالوں میں بے پردہ ہونے سے بڑا خوف آتا۔

# عبقری کے متعلق وساوس کا آغاز کہاں سے ہوتا ہے؟ میرا تجربہ

دعا کرتی کہ یا اللہ میری شفاء یہاں ہی لکھ دے صورتحال ایسی تھی میرا گمان نہیں یقین تھا ہسپتال چلی گئی تو سب کچھ فروخت کرکے لگا دوں گی' آرام نہیں ملے گا کچھ نہ نظر آنے والی قوتیں تھیں جو دوائی کے خلاف میرے دل میں وساوس ڈالتی تھیں، بہت سے لوگ میری بات پر یقین نہیں کریں گے۔ بیماری کی بہت سی وجوہات ہوتی ہیں۔ مجھے مناسب الفاظ نہیں مل رہے اپنی بات کہنے کے لیے۔

سب سے پہلے انسان ادویات کے بارے میں بدگمان ہوتا ہے جب ادویات سے بدگمان ہوگا تو پھر عبقری روحانی چلہ میں کیسے آئے گا' کیسے پھر بیماریوں میں پریشانیوں میں گھرا ہوا جگہ جگہ مارا مارا پھرتا ہے جب حاجت اور توجہ کے نفل نہیں پڑھنے تو دوائی جہاں سے مرضی کھا لیں عیب ہی نظر آئیں گے۔ مجھے یوں لگتا میرے گھر میں کوئی ہے جو دوائیوں کا اثر زائل کرتا ہے مگر روحانی پھکی میں ایسی تاثیر اللہ نے پیدا کی میں چار بندوں جتنا کام کرلیتی ہوں' تھکتی ہی نہیں۔ اس سے پہلے میں ذرا سی صفائی کرتی تو رسولی کی وجہ سے بیمار پڑ جاتی ایسے لگتا میرا پیٹ پھٹ جائے گا۔ جس دن کھانا لیٹ ہوجائے یا بھوک برداشت نہ ہو رہی ہو تو میں روحانی پھکی تسمیہ پڑھ کر کھا لیتی ہوں جس سے جسم میں طاقت آجاتی ہے۔

## لڑکیاں جب گھر سے نکلیں تو مسلسل درود پاک پڑھیں

جب بھی گھر سے نکلیں کثرت سے درود پاک پڑھیں خاص طور پر لڑکیاں جب گھر سے نکلتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہر طرح سے انکی حفاظت فرمائے گا۔ میں خود یہ عمل کرتی رہی ہوں اکیلی سفر کرتی تھی۔ غیبی قوت حفاظت کرتی ہے ایک دفعہ ہمارا رکشہ الٹ گیا درود پاک کی برکت سے چوٹ تک نہ لگی جیسے کسی نے مجھے کھڑا کر دیا ہے میں گرنے کی بجائے رکشے سے باہر کھڑی تھی میں درود بکثرت پڑھ رہی تھی۔ ایک دفعہ میں نے رات کو کپڑے دھو کر چھت پر پھیلائے میری جیٹھانی اور نند نے سوچا اُڑ جائیں گے انہوں نے مجھے روکا بھی کہ رات کو ہوا بہت تیز چل رہی ہے' چھت پر کپڑے نہ ڈالو لیکن میں مسلسل درود پاک پڑھتے ہوئے کپڑے ڈالتی رہی' ساری رات تیز ہوا چلی جب صبح چھت پر گئی تو تمام کپڑے چھت پر ہی تھے' اڑ کر کسی دوسرے کی چھت یا گلی میں نہیں گرے' میری جیٹھانی اور نند صبح حیران تھیں کہ یہ کیسے ہوگیا؟

## سالہا سال پرانا جادو' بندش اور نظر بد یوں ختم ہوئی کہ عامل بھی حیران!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! جب سے ہوش سنبھالا گھر کو مسائل اور الجھنوں میں مبتلا پایا' تمام گھر بیمار' کاروبار بندھا ہوا' رشتہ دار ناراض' بچپن سے گھر والوں کو عاملین کے پاس جاتے دیکھا اور عاملین کو گھر آکر جھاڑ پھونک کرتے دیکھا۔ عبقری گھر آنا شروع ہوا تو عاملین کیلئے دروازے بند ہوگئے' دن بدن مسائل حل ہوتے گئے' پھر عبقری سے آستانہ منت مراد کا معلوم ہوا جو کہ ہجویری محل میں بنایا گیا۔ میں اپنے تمام مسائل کے حل کیلئے وہاں گیا' وہاں میں نے ''اصحاب کہف کے 7 بندش توڑ طلسم'' کا عمل کیا اور ''بندش توڑ طلسماتی ٹھوٹھی'' (مٹی کا کوزہ) لایا۔ چار عدد ٹھوٹھیوں (مٹی کا کوزہ) کو لاہر کر گھر کے چاروں کونوں میں رکھ دیا' چند دنوں کے اندر اندر حالات بدلنے لگے' رشتہ دار آنا شروع ہوگئے' بیمار صحت مند اور کاروبار بہترین ہوگیا' اب تو پرانے جاننے والے عامل بھی حیران ہیں کہ کون سا عمل کیا ہے کہ آپ کے گھر سے تمام اثرات بد ختم ہوگئے ہیں۔ یہ عامل خود کہتے ہیں کہ میں نے سالہا سال سے آپ کے گھر کے لیے بہت طاقتور عمل کیے مگر چند دن کے فرق کے بعد مزید شدت سے حملہ ہوتا مگر اس مرتبہ محسوس ہو رہا ہے کہ جیسے جادو' نظر بد' اثرات ختم ہوگئے ہیں۔ (عمر جاوید' فیصل آباد)

کولیسٹرول سے پریشان مریضوں کیلئے دائمی شفاء

کولیسٹرول سے نجات (کورس)

جوڑوں کے درد اور یورک ایسڈ میں نہایت مفید ہے۔ جسم کی گلٹیوں کو ختم کرتا ہے۔

شوگر اور ہیپاٹائٹس میں بھی فائدہ مند ہے۔ کولیسٹرول کو لیول پہ لے آتا ہے۔

جگر کی اصلاح کرکے صاف خون پیدا کرتا ہے۔

قیمت -/600 روپے

اسٹریس، ڈپریشن اب نہیں ہوگا

لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

# چہرے کیا کہتے ہیں!

ثوبیہ نعیم، لاہور

**لوگوں کے تجربات اور مشاہدات سے مل کر یہ ایک علم بنا ہے اسے علم کی حد تک ہی رکھا جائے حقیقی علم اللہ رب العزت کے پاس ہے۔**

دنیا میں اربوں انسان ہیں لیکن ہر چہرہ دوسرے سے مختلف ہے۔ چہروں کے مختلف خدوخال بھی مختلف خصوصیات کی عکاسی کرتے ہیں۔ چہرہ پڑھنے کا فن زمانہ قدیم سے چلا آرہا ہے انگریزی زبان میں اس فن کو ''فیزیوگنامی'' کہتے ہیں اس کا آغاز چین سے ہوا۔ اب آیئے! چہرے اور اس کے مختلف خدوخال کی خصوصیات کا جائزہ لیتے ہیں۔

عام طور پر چہرے کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ پہلا حصہ پیشانی، دوسرا آنکھ اور ناک کے درمیان، جبکہ تیسرا ناک کی نوک سے لے کر ٹھوڑی کے نچلے حصے تک۔ اگر درج بالا حصوں میں مطابقت ہوتو چہرہ کافی اچھا سمجھا جاتا ہے۔

**پیشانی:** پیشانی کی چوڑائی چار سے پانچ انچ تک ہے تو وہ شخص خوشحال اور کامیاب ہوگا۔ بے ڈھنگ، تنگ پیشانی والا شخص مشکل قسم کا ہوگا اور بچپن ہی میں والدین کی محرومیت سے دوچار ہوسکتا ہے۔ اگر کسی کی پیشانی تکونی زاویئے ظاہر کرتی ہے تو وہ شخص ناخوش اور گھریلو مسائل سے دوچار ہوسکتا ہے۔ پیشانی پر بالوں کی لائن اگر انگریزی حرف ایم کی شکل ظاہر کرے تو ایسے لوگ خوش قسمت ہوتے ہیں۔ اس طرح کے لوگ سائنسدان، ادیب ہوتے ہیں۔ پیشانی بہت بڑی اور نشیب وفراز والی ہوتو وہ شخص ذہنی مریض ہوسکتا ہے۔ جس شخص کی پیشانی پُرگوشت ہو وہ شخص بڑا خود پسند، بلند حوصلہ اور مغرور ہوگا۔ **گردن:** موٹی اور پُرگوشت گردن والے لوگ امیر اور انصاف پسند ہوتے ہیں۔ ٹیڑھی گردن مفلسی کی علامت ہے۔ پتلی اور نازک گردن عقل مندی اور صلح پسندی کی علامت ہے۔ اونچی گردن والے اکثر بدمعاش ہوتے ہیں۔ چھوٹی گردن چالاکی کی علامت ہے۔ چوڑی گردن بے وقوفی کی علامت ہے۔ لمبی گردن والے مرد بے وقوف جبکہ عورتیں چالاک، معاملہ فہم اور عزت نفس کا خیال رکھتی ہیں۔ اگر گردن پر ایک ریکھا یعنی سیدھی لائن ہوتو عمر دراز ہوگی، اگر یہ لکیریں دو ہوں تو ایسا شخص نیک طبیعت، صاحب ہنر اور دولت مند ہوگا۔ **رخسار:** جس شخص کے رخساروں میں بوقت مسکراتے ہوئے گڑھے پڑتے ہوں وہ شخص بڑا دولت مند ہوگا۔ اونچے رخسار خودغرضی کی علامت ہے۔ اگر گالوں میں انگلی لگانے سے گڑھا پڑ جائے تو یہ کم طاقت اور کمزور ہونے کی علامت ہے۔ جس شخص کے رخسار (باقی صفحہ نمبر 57)

### آپ کی ناک کی ساخت آپ کے متعلق سچ بتائے

جس شخص کی ناک لمبی اور اس کے نیچے کا حصہ گول ہوتو وہ کاروباری شخصیت کا حامل ہوسکتا ہے، جبکہ لمبی ناک اگر نیچے کی طرف جھکی ہوتو ایسا شخص دنیاوی ترقی کی بلندیوں کو چھوسکتا ہے۔ چھوٹی ناک والے اشخاص جلد باز اور خیالی پلاؤں پکانے میں ماہر ہوتے ہیں۔ چوڑی ناک والا شخص، حساس، سرگرم اور پرامید ہوتا ہے۔ پتلی ناک کا حامل شخص نازک طبع، سلجھی ہوئی شخصیت کے ساتھ ساتھ خودغرضی کی طرف بھی مائل ہوسکتا ہے۔ درمیانی ناک ہوتو ایسے لوگ رحمدل، نرم مزاج اور سخی ہوتے ہیں۔ اگر ناک کی نوک نکلی ہوئی ہوتو ایسی عورتیں نہایت فسادی ہوتی ہیں۔

## کان، ہونٹ اور ابرو کی ساخت اور آپ کی عادات! شاید درست ہو؟

**کان:** اگر اندرونی ساخت چوڑی ہوتو ایسے لوگ شعروشاعری سے لگاؤ رکھتے ہیں، جبکہ کان کی بیرونی ساخت اوپر کی جانب نوک دار ہوتو ایسے شخص خوش مزاج اور سلجھی ہوئی طبیعت کے مالک ہوسکتے ہیں۔ اگر کان کا بالائی حصہ آنکھوں کی سطح سے بلند ہوتو ایسے لوگ عقل منداور ذہن ہوتے ہیں۔ چھوٹے کان والے اشخاص کو قیافہ شناسی میں بے وقوف اور جاہل سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ **ہونٹ:** اگر ہونٹ بھاری ہوں تو ایسے لوگ کافی جذباتی اور رومان پسند ہوتے ہیں۔ جس شخص کے ہونٹ کھلے رہتے ہوں تو اس کی شخصیت مزاحیہ اور نمائش پسند ہوگی۔ پتلے ہونٹوں والے افراد خرچ کے معاملے میں کافی محتاط ہوتے ہیں، البتہ اگر ہونٹ کا نچلا حصہ کافی نمایاں ہوتو ایسا شخص حاسد اور کینہ پرور بھی ہوسکتا ہے۔ لمبے ہونٹوں والے سماج دشمن اور برے کاموں یعنی چوری چکاری اور بدمعاشی کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ سرخ ہونٹ خوش قسمتی اور کالے یا نیلے ہونٹ بدقسمتی کی علامت سمجھے جاتے ہیں۔ اگر کسی شخص کے ہونٹ سفید ہوں تو مریض اور کم ہمت کے مالک ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ چھوٹی چھوٹی باتوں سے بھی مایوس ہوجاتے ہیں۔ **ابرو:** جس شخص کی ابرو یعنی بھویں آنکھ کے بہت قریب ہوں تو ایسا شخص ظالم ہوگا لیکن صرف قریب ہوں تو یہ عقل مندی کی علامت ہے۔ اگر دونوں بھویں ایک دوسرے سے بہت زیادہ دور ہوں تو ایسا فرد سنگدل ہوگا اور یہ بے وقوفی کی بھی علامت سمجھی جاتی ہے۔ ابروکشیدہ، باریک اور کمان کی مانند خمدار ہوں تو وہ شخص دولت مند، عقل منداور صاحب عزت ہوگا۔ مچھلی کی طرح ابرو چور، بدمعاش اور بدخصلت ہونے کی علامت ہے۔ ابرو پر بال نہ ہوں یا کم ہوں تو ایسا شخص مفلس اور کم ہمت ہوگا۔ موٹی اور سخت ابرو نحوست اور غربت کو ظاہر کرتی ہیں۔ اگر دونوں ابرو کے درمیان خالی جگہ زیادہ ہوتو وہ غصے والا اور اگر نہ ہوتو دلیر اور سچا دوست ثابت ہوگا۔

## آپ کی آنکھیں آپ کی شخصیت کے متعلق کیا کہتی ہیں!

آنکھیں اپنے حجم کے لحاظ سے اگر معمول سے بڑی ہوں تو ایسا شخص نہایت ذمہ دار اور بہادر ہوتا ہے۔ چہرے کے مقابلے میں چھوٹی آنکھوں والا شخص (مرد) ضدی طبیعت اور گھنی طبیعت کا مالک ہوسکتا ہے جبکہ چھوٹی آنکھیں رکھنے والی خاتون میں حسد کا مادہ زیادہ ہوتا ہے۔ لیکن اگر ایسی عورت کا دل جیت لیا جائے تو پھر وہ تا زندگی وفادار رہتی ہیں۔ اگر کسی خاتون کی آنکھیں چھوٹی ہونے کے ساتھ ساتھ گول بھی ہوں تو یہ بے وفا ہونے کی علامت ہے۔ چھوٹی سیاہ اور چمکتی ہوئی آنکھیں جن کے ساتھ اگر گھنی سیاہ ابرو بھی ہوں، تو یہ مکاری اور معاملہ فہمی کو ظاہر کرتی ہیں۔ متوسط آنکھ باحیا اور نادار لوگوں سے نسبت رکھنے کا پتہ دیتی ہیں۔ جس شخص کی آنکھ جتنی زیادہ روشن ہوگی وہ اتنا ہی بیماری اور مشکلات دنیاوی سے محفوظ رہے گا۔ اس پر کسی قسم کے جادو وغیرہ کا بھی اثر نہیں ہوسکے گا۔ گفتگو کے وقت آنکھیں ادھر اُدھر گھمانے والا شخص بڑا فریبی، بدخصلت اور دھوکے باز ہوگا۔ کنی آنکھوں سے دیکھنے والے اشخاص تنگ دل مطلب پرست اور بے مروت ہوں گے۔ ایسے لوگوں کے دلوں پر محبت کا اثر کم ہی ہوتا ہے۔


# برص پھلبہری کورس

برص پھلبہری لاعلاج نہیں ہے!

جلد کے تمام امراض کا شافی علاج



قیمت -/500 روپے

علاوہ ڈاک خرچ

# خواب تعبیر

میں جنت میں ہوں! | خطرناک دوستی' محتاط رہیں! | بھینس کا دل | آپ کے رزق میں بہت کشادگی ہوگی | یہ قیامت برپا کردے گا

## میں جنت میں ہوں!

میں نے دیکھا کہ میں جنت میں ہوں۔ جنت کے سات دروازے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے پہلے دروازے کے پہلے زینے پر مجھے مقام دیا ہے۔ میں نے دودھ کی نہریں دیکھیں اور بہت سارے مور اور رنگ برنگے خوب صورت پرندے دیکھے۔ یہاں پر میں بہت خوش ہوں۔ غیبی آواز آتی ہے کہ تم کو کیسا لگ رہا ہے؟ پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (سائرہ، حیدرآباد)

تعبیر: خواب بہت ہی مبارک ہے اور اس بات کا اشارہ ہے کہ نیک اعمال پر جمی رہیں تو ان شاء اللہ اس کا بہت ہی اچھا صلہ ملنے والا ہے۔ اللہ پاک آپ کو استقامت اور ترقی نصیب فرمائے۔ آمین۔

## سمندر کا پانی

میں نے خواب دیکھا کہ سمندر کے درمیان میں ہوں اور پانی کا رنگ کیچڑ کے جیسا ہے۔ میں سوچتی ہوں جلدی سے سمندر سے باہر نکل جاؤں، کنارے پر چلی جاؤں، مگر مجھے کنارا نظر نہیں آتا، میں چاروں طرف دیکھتی ہوں اور سوچتی ہوں کہ میں کنارے کے چکر میں اور گہرائی میں نہ چلی جاؤں اور ڈوب نہ جاؤں، پھر منظر بدلتا ہے، میں اپنے آپ کو کنارے پر دیکھتی ہوں۔ (ل، ب۔ کراچی)

تعبیر: اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ پر بعض اہم ذمہ داریوں کا بوجھ پڑے گا، جس کی وجہ سے وقتی طور پر پریشانی آسکتی ہے۔ تاہم آپ اللہ سے ہر وقت خیر کی دعا مانگتی رہا کریں اور ہر مشکل کے وقت دو نفل صلوٰۃ الحاجات کے پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ ان شاء اللہ غیب سے آسانی پیدا ہوگی۔

## خطرناک دوستی' محتاط رہیں!

میں نے دیکھا کہ میں اور میری سہیلی (ر) کالج کے پاس کھڑے رکشے کا انتظار کررہے ہیں۔ سڑک بہت سنسان ہے۔ ایک رکشہ ہمارے پاس آکر رک جاتا ہے۔ رکشے والے کے ساتھ ایک اور لڑکا بھی بیٹھا ہوتا ہے، میں اس لڑکے کو نہیں جانتی، میں اور میری دوست رکشے میں بیٹھ جاتے ہیں، وہ رکشہ ہمارے گھر کی بجائے کسی اور راستے کی طرف چلا جاتا ہے۔ میں رکشے والے کو کہتی ہوں کہ یہ راستہ میرے گھر کو نہیں جاتا تو رکشے والا اور وہ لڑکا ہنسنے لگ جاتے ہیں۔ میں چلتے رکشے میں سے چھلانگ لگانے کی کوشش کرتی ہوں تو ایک لڑکا مجھے روک لیتا ہے۔ مجھے ایسا لگتا ہے کہ وہ مجھے کہیں اور لے جارہے ہیں۔ (ثانیہ، لاہور)

تعبیر: آپ کو متنبہ کیا گیا ہے کہ (ر) کے ساتھ آپ کی دوستی انتہائی نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہے۔ محتاط رہیں۔

## بھینس کا دل

میں دیکھتا ہوں کچھ لوگ اکٹھے بیٹھے ہوئے ہیں' میرا بھانجا ایک دیگ سے ڈھکن اٹھا کر کھانا نکالتا ہے تو اس میں سے زیرہ نکل آتا ہے جو کہ کچا ہوتا ہے اور ساتھ بہت بڑا دل کسی بھینس کا ہوتا ہے اور وہ بھی کچا ہوتا ہے۔ (م، خ۔ بہاولپور)

تعبیر: آپ کو اس بات پر متنبہ کیا گیا ہے کہ دل جو پورے وجود کا اصل مرکز ہے اس کو دنیاوی خواہشات اور طلب میں خراب کیا جارہا ہے۔ آپ کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ اللہ کا ذکر قلبی کا اہتمام ہو اور اگر کسی بزرگ کی اجازت سے ذکر کریں تو ان شاء اللہ بہت نفع ہوگا۔

## آپ کے رزق میں بہت کشادگی ہوگی

میں نے خواب دیکھا کہ میں اپنے گاؤں کے مہمان خانے سے تقریباً پانچ ایکڑ دور کسی اور کی زمین پر ہوں اور وہیں سے میں نے اڑنا شروع کیا۔ راستے میں سوکھے درختوں کو دیکھتا ہوں اور راستہ تنگ ہوتا ہے لیکن میں نکل آتا ہوں۔ (پوشیدہ سندھ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے رزق میں بہت کشادگی ہوگی، آپ اپنی کوشش جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ آپ کی محنت ضائع نہ ہوگی۔

## اس کو قابو میں رکھو ورنہ یہ قیامت برپا کردے گا

میں نے دیکھا کہ میں ایک بس میں جارہا ہوں۔ میرے ساتھ چار آدمی ہیں۔ میں نے ان سے پوچھا کہ کہاں جارہے ہو۔ وہ کہتے ہیں ایک کام ہے، ابھی آتے ہیں۔ پھر دیکھا کہ میری ایک جاننے والی لڑکی کو گولی لگی ہے۔ میرے ذہن میں بار بار آرہا ہے کہ وہ کیسی ہوگی۔ میں ان آدمیوں سے کہتا ہوں واپس چلو، اس کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ وہ میری نہیں سنتے۔ بس جا کر قبرستان میں رک جاتی ہے۔ وہاں بہت پانی ہے۔ پھر پانی ایک دم سے ختم ہوجاتا ہے۔ میں بار بار کہتا ہوں کہ واپس چلو وہ نہیں سنتے۔ وہ کہتے ہیں اس کو قابو میں رکھنا ہوگا ورنہ یہ واپس جا کر قیامت برپا کردے گا۔ پھر وہ مجھ پر تعویذ کرنے لگتے ہیں۔ اتنے میں مغرب کی اذان ہو جاتی ہے۔ تھوڑی دیر بعد میرا خواب پھر شروع ہوجاتا ہے' دیکھتا ہوں کہ ہمارے گھر کے آس پاس لوگ بیٹھے ہیں۔ میری آنٹی رو رو کر مجھے گلے لگاتی ہیں اور کہتی ہیں کہ کاشف وہ مرگئی ہے میں دوڑ کر اس کے گھر چلا جاتا ہوں۔ (کاشف، بہاولنگر)

تعبیر: خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ جس لڑکی کو جانتے تھے آپ سے اس کا ہر طرح کا تعلق ختم ہوجائے گا اور کسی طرح سے بھی اس سلسلے میں کوئی کوشش آپ کے لیے سخت نقصان کا باعث ہوسکتی ہے۔ واللہ اعلم۔

## کوپن

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے مشورہ کیلئے علیحدہ خط لکھیں۔

صرف حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم سے مشورہ کرنے والے ہی کوپن پُر کریں۔

نام ________ والدہ کا نام ________

عمر ________ شہر ________ فون/موبائل ________

آپ کا شعبہ/شوہر کا شعبہ ________ تفصیل سے لکھیں

مسئلہ ________

________

________

بقیہ: روحانی الجھنیں' جادو جنات اثرات بندشیں اگر مزید تفصیل ہے تو علیحدہ کاغذ پر لکھیں اور فارم پن کردیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا

مرگی کا مریض پریشان نہ ہو لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

لاعلاج بیماریوں سے یقینی شفاءٔ

کالی کڑوی شفاءٔ

قیمت -/400 روپے

کالے سفلی جادو کی وجہ سے اگر آپ لاعلاج بیماریوں میں مبتلا ہوگئے ہیں تو کالی کڑوی شفاء کے چند گھونٹ آپ کیلئے تریاق ثابت ہوں گے۔

# دولت مند ہونے کے روحانی اعمال!

## مالی خوشحالی کے لیے مسنون اعمال

☆صبح وشام آخری قرآنی پانچ سورتیں چھ بسم اللہ کے ساتھ باقاعدہ تلاوت کریں سورۂ الکافرون بمعہ تسمیہ، سورۂ النصر بمعہ تسمیہ، سورۂ اخلاص بمعہ تسمیہ، سورۂ الفلق بمعہ تسمیہ، سورۂ الناس بمعہ تسمیہ اور آخر میں ایک دفعہ تسمیہ پڑھ لیں۔

☆سورۂ المائدہ کی آیت نمبر 114 گیارہ بار صبح وشام بمعہ تسمیہ، اوّل وآخر طاق درود شریف پڑھ کر آسمان کی طرف تین دفعہ پھونک ماریں۔ جسمانی وروحانی رزق کی دعا پوری امت کے لیے کریں۔

☆سورۂ الکوثر 129 مرتبہ صبح وشام بمعہ تسمیہ، اوّل وآخر طاق درود شریف۔

☆نماز حاجت روزانہ پڑھیں دونوں رکعتوں میں سورۂ الفاتحہ کے بعد سورۂ المومنون پارہ نمبر 18 کی آخری چار آیات سات سات بار پڑھیں۔

☆ہر نماز کے بعد 35 بار ''مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللہ اَحْمَدُ رَسُوْلُ اللہ'' پڑھیں۔

☆صبح وشام استغفار کی تسبیح کریں۔

☆صبح وشام ''سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ ،سُبْحَانَ اللہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللہَ وَبِحَمْدِہٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ'' کی تسبیح کریں۔

☆'' اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلَى الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ'' کثرت سے پڑھیں۔

☆''یَاوَدُوْدُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اِنَّكَ رَحِیْمُ الْوَدُوْدُ'' ہر نماز کے بعد تین بار پڑھیں۔

☆ہر کھانے کے بعد تین بار سورۂ القریش پڑھنے کی عادت بنائیں۔

☆کھانے کے دوران ''یَارَحْمٰنُ'' سات بار ضرور پڑھیں۔

☆چلتے پھرتے ''یَارَزَّاقُ یَابَاسِطُ'' کا ورد کریں۔

# کلوگوشت آٹھ روٹیاں پکائیں! مسئلہ حل

محمد شاہد، مریدکے

## اپنا گھر پائیں! کلوگوشت اور آٹھ روٹیوں کا عمل

جو چاہو وہ ملے گا: ''یَاوَھَّابُ'' سوا لاکھ پڑھنا ہے ایک جگہ سات مخلص بندے سب مل کر ایک ہی دن میں سوا لاکھ پورا کرنا ہے کوشش کریں کہ عصر کی نماز سے پہلے کرلیں۔ پڑھنے سے پہلے ایک کلو گوشت پکالیں اور آٹھ روٹیاں پکا لیں۔ سات روٹیاں جن بندوں نے پڑھا ہے ان سب کو ایک ایک تقسیم کردیں اور ایک روٹی اور تھوڑا سا سالن باہر کسی بھوکے کتے کو ڈال دیں' کھانا عمل مکمل کرنے کے بعد کھانا ہے اور پہلے کتے کے لیے روٹی اور سالن نکالنا ہے کتے کے لیے سالن کورے پیالے میں ڈالنا ہے۔ یہ عمل ہم نے بھی کیا ہے ہم کرائے کے مکان میں رہتے تھے۔ مالک مکانوں نے بہت تنگ کیا کہ گھر چھوڑ دو ان دنوں ہم بہت پریشان ہوگئے۔ پھر امی کی ایک سہیلی نے ''یَاوَھَّابُ'' پڑھنے کو کہا ہم نے پڑھا اس سبق کی برکت سے اللہ نے ہمیں اپنا گھر دے دیا۔ تین ماہ کے اندر اندر یہ سب ہوگیا۔ اللہ کا شکر ہے۔

## ہمسائیوں نے تنگ کیا تھا یہ پڑھا! سب کچھ بدل گیا

گھر تو خرید لیا پر جس گلی میں ہمارا گھر تھا وہاں ہمسائیوں نے ہمیں بہت تنگ کیا انہوں نے اپنے گھر کے پیچھے دروازہ کھولا ہوا تھا گلی بند کرکے دروازہ زور زور سے بند کرتے تھے۔ کوڑا کرکٹ ہمارے گھر کے پاس لگا دیتے ہر وقت ہمارے خلاف کچھ نہ کچھ کرتے رہتے تھے۔ ہم ان سے بہت تنگ آگئے۔ پھر عبقری کے رسالے میں ایک عمل پڑھا کہ عشاء کی نماز کے بعد 121 بار سورۂ رحمٰن کی آیت نمبر 26,27 پڑھنی ہے اکیس دن یہ عمل کرنا ہے۔ ہمسائیوں کی شرارتوں سے محفوظ رہیں گے۔ میں نے تین دفعہ یہ عمل کیا مطلب کہ تین مرتبہ اکیس اکیس دن کیا اللہ کا ایسا کرم ہوا کہ انہوں نے خود اپنا دروازہ بند کرلیا اور اوپر شیڈ بنائی ہوئی تھی جس کی وجہ سے ہماری چھت کا ایک کونہ آرہا تھا انہوں نے ہماری طرف سے وہ شیڈ بھی گرا دی اور اب مکمل طور پر ہم سے پیچھا کرلیا ہے۔ مطلب کہ انہوں نے اپنی چھت پر کمرے بنالیے ہیں ہماری طرف سے بالکل منہ موڑ لیا ہے صرف اس عمل کی برکت سے۔

**یونیورسٹی میں داخلہ:** میرا یونیورسٹی میں داخلہ نہیں ہو رہا تھا پھر حکیم صاحب نے یہ عمل دیا اوّل وآخر تین بار درود اور ایک دفعہ سورۂ فاتحہ اور تین دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے اس عمل کی برکت سے میرا داخلہ ہوگیا۔

## راستہ کھل جائے

راستہ جب بھی بند ہو میں سورۂ الم نشرح پڑھتی ہوں ہماری گاڑی کو خود ہی راستہ مل جاتا ہے۔

**پانچ سورتیں چھ بسم اللہ:** گھر سے باہر نکلتے وقت پانچ سورتیں اور چھ بسم اللہ پڑھ کر گھر سے نکلیں۔ اللہ آپ کی عزت، جان، مال کی حفاظت کرتے ہیں، سفر آنا ہو جاتا ہے۔ اس عمل میں بہت برکت ہے۔

## آنکھوں کی حفاظت

''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَۃِ النِّسَاءِ وَحِبَالَۃِ الشَّیْطَانِ اَللہُ خَالِقُ النُّوْرِ'' پڑھنے سے اللہ آنکھوں کی حفاظت فرماتے ہیں اور آنکھوں میں حیا آجاتی ہے۔ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھنا ہے۔

**لذیذ کھانا:** ''یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَاجَمِیْلُ'' پڑھنے سے کھانا بہت ہی خوش ذائقہ بنتا ہے اور روٹی بناتے وقت پڑھنے سے روٹی بہت ہی خوبصورت بنتی ہے۔

اللہ پاک آپ کو اپنی رضا عطا فرمائے اللہ کے لیے ہمیشہ آسانیاں پیدا کرے سمجھ نہیں آتا آپ کو کیا دعا دوں۔

انوکھی شفاء
قیمت -/250 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
مغلیہ دور کے شاہی پہلوانوں کا خفیہ راز
موہروں کے مسائل، چوٹ، موچ، ورم یا جسم کے کسی حصے کے کام نہ کرنا
ہڈی کا ٹوٹ جانا | گھٹنوں کی تکلیف | جوڑوں کا درد | پٹھوں کا درد
جسم کا کھچاؤ، تناؤ | بڑھاپے کا ساتھی | کمر کا درد

# کچن علاج سے! 72 گھنٹے میں انسولین سے یقینی نجات

خ، م، پھول نگر

ذیابیطس، ہائی بلڈ پریشر، دل کے امراض اور دیگر امراض کے لیے غذائی علاج صرف 72 گھنٹے میں یعنی صرف تین روز میں انسولین سے نجات پائیں۔

ڈاکٹر چوہدری بھارت میں غذائی طریقہ علاج کے ماہر ہیں یوٹیوب سے میں نے ان کی ویڈیوز ڈاؤن لوڈ کیں اور انہیں بغور دیکھا ان کے بتائے ہوئے طریقہ علاج کو چند روز اپنا کر دیکھا تو اس سے مرض میں کمی محسوس ہوئی اور انسولین کے یونٹس کی تعداد میں کمی کرنا پڑی کیونکہ ان کے غذائی شیڈول سے جسم میں گلوکوز لیول کم ہونا شروع ہوا تو ہائپوگلائی سیما محسوس ہونے پر مجھے انسولین کی مقدار گھٹانا پڑی۔ میں ان کا غذائی طریقہ علاج جاری نہ رکھ سکا کیونکہ میں جوائنٹ فیملی میں رہ رہا ہوں اور میں نے اپنے مرض کو گھر کے دوسرے افراد سے چھپا رکھا ہے اور دوسرا حکیم صاحب کی تشخیص سے پتلا چلا کہ میں ذیابیطس کا مریض نہیں ہوں آٹھ نو سال پہلے ہونے والے شدید ٹائیفائیڈ بخار کے اثرات کی وجہ سے جسم کا سارا نظام بگڑ گیا تو لبلبے نے انسولین بنانا بند کردی آنتوں کی خرابی سے ذیابیطس کا عارضی مرض وجود میں آیا۔

بہرحال حکیم صاحب میں یہ تحریر لکھ رہا ہوں شاید کسی کے کام آسکے اور ان کا بھلا ہو جائے۔ آیئے اب ڈاکٹر چوہدری کے طریقہ علاج کی طرف آتے ہیں۔ بقول ڈاکٹر ''ذیابیطس کے مرض کا سرے سے کوئی وجود نہیں ہے تو یہ کہنا بہتر ہے۔ آپ میرے بتائے ہوئے طریقہ علاج کو اپنا کر بالکل صحت یاب ہوسکتے ہیں انسولین اور ذیابیطس اور اس کی پیچیدگیوں سے مکمل نجات حاصل کرسکتے ہیں۔ آپ جی بھر کر میٹھا کھا سکیں گے۔

## پہلے ہفتے پھلوں کا ناشتہ

اس سلسلے میں سات روز کے لیے 5 سے 7 سو گرام تک پھلوں کا ناشتہ کرنا ہوگا جن میں سیب، انار، مسمی، امرود ناشپاتی، پپیتہ اور دیگر پھل ان میں سے کوئی سے تین پھل لے لیں اور انہیں کھالیں ان کا جوس نہیں لینا انہیں فائبر سمیت کھانا ہے۔ انہیں کھالینے کے کوئی دو گھنٹے بعد عام روٹین کی کوئی ہلکی پھلکی غذا لی جاسکتی ہے۔ لیکن کوشش کریں کہ ناشتے میں سات روز تک انہیں ہی استعمال کیا جائے۔

## پہلے ہفتے دوپہر کا کھانا، رات کا کھانا

دوپہر کے کھانے میں رنگ برنگی سبزیوں کا استعمال کیا جائے اور ان کا وزن کوئی 4 سے 5 سو گرام تک ہو اس سے کم نہ ہو۔ زیادہ کھائیں تو بہتر ہے۔ ان سبزیوں میں موسم کے اعتبار سے سبزیوں کو شامل کریں جیسے کھیرا، ٹماٹر، گاجر، مولی، شلجم، پھول گوبھی، بند گوبھی، مٹر، چقندر، شملہ مرچ، پیاز، ہرا دھنیا، پودینہ، مونگرے، میتھی اور دیگر سبزیاں آپ انہیں کچا بھی استعمال کرسکتے ہیں اور ابال کر بھی یہ سبزیاں لیور میں جائیں گی اور پورے نظام انہضام میں داخل ہوکر جسم کو فطرتی ڈگر پر لائیں گی اور لبلبہ کو انسولین پیدا کرنے کا سگنل دیں گی اگر بھوک یا نقاہت محسوس ہو تو تھوڑا بہت عام روٹین کا دوپہر کا کھانا بھی کھایا جاسکتا ہے۔

## دوسرے ہفتے کی غذا

